Presented by Sir H. M. Elliot K.C.B. Secretary to the Government General of India

Futtuhgurh Namah
by
Halay Rae Deputey Collector

1845

تواریخ ضلع فرخ آباد موسوم بہ

فتح گڈھ نامہ

تالیف و ترتیب رای کالیرای صاحب ڈپٹی کلکٹر

١٨٣٩

باهتمام بندہ محمد حسین بمقابلہ و تصحیح جناب پنڈت
موتی لعل صاحب در مطبع دهلی اردو اخبار مطبوع شد

فہرست کتاب فتح گڈہ نامہ تواریخ ضلع فرخ آباد

ا

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمہید ترتیب کتاب

ہزاران ہزار شکر اوس خالقِ ارض وسما کو ہی کہ جسنی ایک مشتِ خاک کو لباس حیات پہنایا اور زیور عقل و فراست سی آراستہ کیا اور اپنی بیچونی اور قدرت رنگارنگ کی معائنہ کو تمیز بخشی اگرچہ عقل و دانش اس انسان بی بنیاد کی کیا ہی کہ ایک ذرہ اوسکی قدرت کاملہ سے دریافت کر سکی مگر ہمیشہ ارباب دانش کا قال یہہ ہی کہ جو بشر اس دنیا کی کارخانہ سی علاقہ رکہتی ہین چاہئی جو امر مفید اونکو دریافت ہو بہ رسم یادگار آئندہ و فایدہ عام قلمبند کرین او ظاہر ہی کہ ہر بشر نے سب حال روی زمین خود معائنہ نہین کیا مگر کتب کی ذریعہ سے ویسا ہی دریافت ہو جاتا ہی جیسا دیکہنی سے اور علم ہر یک شی کا لاعلمی سے بہتر ہے اب کہ مجہہ خاکسار کالیرا قوم اگروال متوطن قصبہ سلطانپور ضلع سہارنپور کا اتفاق آنی اور رہنی کا اس ضلع فرخ آباد مین بعہدہ ڈپٹی کلکٹری تاریخ چہٹی جون سنہ ۱۸۶۳ع سی ہوا اگرچہ اس عرصہ مین بسبب کثرت کام سرکاری اور مصروف رہنے امور متعلقہ ترمیم بندوبست وغیرہ از بس عدیم الفرصتی مجہکو رہی مگر اس تقریب دورہ بندوبست مین ہر ایک پرگنہ و دیہ متعلقہ اس ضلع کو دیکہا جو کچہہ حال میری معائنہ اور دریافت مین آیا اور بعض مراتب متعلقہ انتظام ضلع کی ایسی تہے کہ اونکی قلم بند رہنے سے امور سرکار مین باعث مدد تہا اونکو اپنی یاد داشت کی واسطی قلمبند کرتا گیا. اور میرے والد بزرگوار کوڑا مل کہ از بس صاحبِ علم و شایقِ تواریخ ہین اونکی فرمایش مجہہ پر واسطی تحریر حال اس ضلع کے ہوئی تو یکا یک میرے طبیعت اس بات پر راغب ہوئی کہ اگر یہہ سب کیون بطور کتاب ترتیب ہو جاوے اس سی فایدہ عام حاصل ہی خصوصاً جس کسیکو اس ضلع سے تعلق ہی اوسکی بہت کام آ ہو سکتا ہی اسواسطی سب حال کو اوپر چار باب اور اڑتالیس دفعہ کی قلمبند کیا تفصیل مراتب مندرجہ ہر ایک باب و دفعہ کی فہرست مشمولہ اس کتاب مین درج ہی اور ماہ فروری سنہ ۱۸۶۸ع مطابق سنہ ۱۲۸۴ ہجری نبوی ختم کیا اس عرصہ مین کہ جناب فیض مآب ستر ازیل ولیم مسن صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر آگرہ کہ سرمایہ ہمندانی قدر شناس و ترقی افزای علوم ہین

۱۷ فروری ۱۸۴۵ء کو سفر ضلع مین رونق افروز ہوئی اور مجھکو شرف ملازمت جناب ممدوح مین باریابی کا اتفاق ہوا غرضکہ اور دریافت مراتب متعلقہ اس کتاب کے جناب ممدوح نے بغرض غایت اس مجموعہ کو بنام فتحگڈہ نامہ موسوم فرمایا ناظرین باریک بین سے امید عفو سہو و خطا کے ہی اور بعض احباب نے واسطی توضیح تاریخ ترتیب اس کتاب کی برسم شعرستان غزل اور رباعی و قصیدہ تصنیف کرکے مجھکو پیش کئے مگر اوسمین بالعکس بہر رتبہ اور ردیہ کے کلمات توصیف زیادہ تہے اسواسطی اون سبکا اندراج نامناسب سمجہ کر صرف مصرعہ ہاے تاریخ کہ جن سے برآمد سال و سن کی بحساب ابجد متعلق تہی ذیل مین لکہی

<table>
<tr><td colspan="4">مولف کتاب</td></tr>
<tr><td></td><td>ز ہاتف گشت تاریخ مسیحی</td><td>فتحگڈہ نامہ کا لیے الف بیت ۱۲۶۲</td><td></td></tr>
<tr><td colspan="4">تصنیف میانجی مظفر علی ساکن چھبرا مئو</td></tr>
<tr><td>چون بہ ترتیب فتحگڈہ نامہ از تابید غیب</td><td>از طفیلش ناظران را منفعت بیحد فزود</td><td>عیسوی تاریخ را اعداد ہجری در حروف</td><td>سال ہجرت یکہزار و دو صد و شصت و دو بود ۱۲۶۲ ۱۸۴۵</td></tr>
<tr><td colspan="4">تصنیف لالہ جیت رام ساکن کیتل</td></tr>
<tr><td>یکایک در سنہ ہجری ز ہاتف</td><td>شدہ تاریخ آن مرغوب احباب ۱۲۶۲</td><td>ایضاً ا جو جستم سال تاریخ مسیحے</td><td>خرد گفتہ حکایت دلپذیر است ۱۲۶۲</td></tr>
<tr><td colspan="4">من تصنیف لالہ ہرچندرائے متوطن سردہنہ ضلع میرٹھ</td></tr>
<tr><td>ترتیب شوق دلسی کیا نسخہ عجیب</td><td>حالات ضلع کے تئین ہتاب کر</td><td>خوش ہو کی یون فلک نی کہا بی سر الم</td><td>تاریخ فروری کی نہم ہی حساب کر ۱۲۶۲</td></tr>
<tr><td colspan="4">من تصنیف لالہ ایسری پرشاد قوم کاتہہ ساکن پہبالی ملک شاہ اودہ</td></tr>
<tr><td>فرخ آباد ضلع کا احوال</td><td>ہوا سب اس کتاب سی روشن</td><td>کہا ہاتف نی با سر اعداد</td><td>فتحگڈہ نامہ کہی رشک چمن ۱۲۶۲</td></tr>
</table>

واضح ہو کر اول ہینے ایک پرت اس کتاب کے مرتب کرکے ماہ اپریل ۱۸۴۶ء بحضور جناب مسٹر ہنری میرز ایلیٹ صاحب صدر بورڈ کے بہیجی تہے کہ صاحب ممدوح تواریخ دانی اور واقفیت حال ہریک ضلع مین اپنا نظیر نہین رکہتے اور قدرشناس اس امر کے ہین کہ کس محنت و تلاش سے یہہ سب مراتب جمع ہو سکتی ہین چنانچہ صاحب ممدوح نے حرفاً بحرفاً ملاحظہ فرماکر پسند کیا اور واسطی لکہنے حال آمد اقوام پس و پیش کہ کون کس پر غالب ہوا اور وجہ تسمیہ مواضعات اور دورے پانی چاہ ہاے ہریک جگہ و دیگر چند مراتب کے بذریعہ پروانہ مورخہ ۲۰ اپریل ۱۸۴۶ء ہدایت فرمایا ہی کہ بہ نظر ثانی سے باندراج جملہ مراتب جہانتک ہمکو خبر مل سکی ترتیب و ترمیم اس کتاب کا کیا فقط چنانچہ نقل خط صاحب صدر بورڈ کے اور صاحب کمشنر آگرہ کے یہہ ہے

نقل خط مسٹر میرز ایلیٹ صاحب بہادر صدر بورڈ

لیاقت و رفعت دثار قابلیت و منزلت شعار رائے لالہ کالی رائے ڈپٹی کلکٹر ضلع فرخ آباد مورد مرحم حاکمانہ باشند

عرضی تمہاری معہ نسخہ فتحگڈھ نامہ تصنیف اور تالیف خود متضمن حالات ضلع فرخ آباد مشتمل حقایق وکیفیات پرگنات آن سواد پونہچی
ملاحظہ حضور مین من اولہ الی آخرہ آئی خاطر حضور محنت ضلع شناسی اور مشقت حسن نامی تمہاری سے طبایع حاکم محظوظ بدرجہ اتم
ہوئی واقعی کہ اہلکاران سرکاری من بعد انصرام اور انجام امورات مفوضہ روزگار ہنگام فرصت کہ عوام الناس مین وقت استراحت ہے
متوجہ کاردبار حسب مرضی خدا وندا ور در پئی ضروریات حکام پسند کے ہونا موجب خوشنودی صاحبان عالیشان اور باعث رضامندی
حاکمان والاشان کا عین نتیجہ حسنہ و ثمرہ بہبودہ سراسر اس سے متصور ہے از انجا کہ بس ملاحظہ تمامہ اطلاع بعضے مقامات خیلے
مناسب اسواسطی تمکو لکہا جاتا ہی اول یہہ کتاب مرسلہ ہذا واسطی رکہنے کے ہی یا صرف واسطی ملاحظہ کے دوسرے یہہ کہ چند امورات
واگذاشت معلوم ہوے یعنی تاریخ آمد اقوام بیس وپیش کون بتا کس قوم کو نکال کر کون اباد ہوا اور کس جاگہ آباد ہوا اور کی گانو
آگے آباد تہے اور کی گانو کسکی قبضہ سے نکل گئے اور یہہ بات دو تین رئیسون کے واسطی فی الحقیقت لکہی گئی چنانچہ راجہ راٹہور اور
بنگشگڈھ والا اور نواب رئیس اور راجہ بٹیا نژاد او لیکن یہہ بات جملہ اقوام کے واسطی نہین ہی لکہنی مین آئی اور چاہیے کہ ہر ایک
گانو کا وجہ تسمیہ بکمال صحت مندرج کرد چنانچہ بعضے مقامون مین اب مندرج کیا گیا ہی مثل سورکہہ اور باغ لکہولا اور نارنگار وغیرہ
کی اور باعث اطلاع یہہ ہی کہ اکثر نام گانو کے از روے صحت علم شاستر وغیرہ کے پاے نہین جاتے ہین اور تخمینہ اب زمین ہر ایک
جاگہ پرگنہ کا باندازہ صحیح وبہ پیمایش درست مندرج کتاب یا ابہین نہین ہوئی اور منجملہ کرسی نامجات راجہ راٹہور کے سلسلہ بندی بہی بنا بیت
فرو رہے تیسرے یہہ کہ صفحہ ۹۲ مالکون یا مالکون تحقیقات سے مندرج کیا چاہیے اور صفحہ ۵ سطر ۲ غلط ہی دلیر ہمت خان عرف
غضنفر جنگ صحیح یہہ مظفر جنگ صفحہ ۱۹ علی گنج کتاب سرکار مین پرگنہ علی گنج اعظم نگر لکہا جاتا ہی صفحہ ۲۹ موضع دویہ پرگنہ سکراول
اسکی تحقیقات زیادہ مناسب ہے کہ پرانا اور کسوقت سے ہی صفحہ ۱۰ منجملہ ان محالات کے باراپٹی بکیٹ ڈولہا سکندرپور ادہو
سکندرپور اتریچی نا سمو کا نشان اب کچہہ نہین معلوم ہوتا ہی کہ یہہ پرگنہ شکست ہوکر اور کس نام سے تبدیل ہوا یا اور کسی پرگنہ
کے شامل ہوگئے اور شمولی سرکار بداون سے تعلق ہوگیا جواب یہہ ہی بارا اب موجود ہی چنانچہ بارا قصبہ اس نام کا بالفعل
اکبرپور مین موجود ہی پٹی لہب پرگنہ پرگنہ اور یہہ شمال کیطرف داخل اور تا عملداری سرکار پرگنہ جداگانہ لکہا جاتا تہا اسکا
قصبہ بابرپور تہا قریب سراے جیت مل ڈوبا بہور مین شامل ہی اور قصبہ اسی نام کا موجود ہی چنانچہ شروع عملداری سرکار مین جدا
پرگنہ لکہا جاتا سکندرپور آدہو بالفعل شامل چہبرامو قصبہ موجود اور یہہ بہی اول بندوبست مین جدا لکہا گیا سکندرپور اتریچی پرگنہ
مارہرہ مین اتریچی ہی اور سکندرپور دوسرے کنارہ کالی ندی پر بالفعل بنام سکندرپور آباد ہی چنانچہ اتریچی کا کہیڑہ نہایت قدیم ہے
اور قابل تلاش اور تحقیقات کے اور شاید کہ اس مقام کے باشندی قلعہ راجہ میں بولتی مین اور شادیمین کوئی باجہ کی آواز اسکی جلو
مین نہین ہوتی ہین نانہ مو کہنارہ گنگا الاس علیخان نے شامل بہور کے کیا اور شمولی سرکار بداون سے تعلق ہی یہہ غلط ہی بالفعل پرگنہ
جداگانہ ضلع کانپور کا ہی صفحہ ۱۰ اسرپورہ اور کرسانا اور کہاکہٹ مئو اور نصف مارہرہ کر بنیاد اسکے ہمکو نہین معلوم ہوئی کہ

کس سرکار سے علیحدہ ہوکر فرخ آباد کے تصرف مین آیا اسکا جواب یہہ ہی کہ سروہ آگے شامل سرکار کول کے تہا اور اسکا تحقیق کرنا نہایت مشکل اسواسطی کہ ہرایک نسخہ ائین اکبری مین سیہہ پور لکہا جاتا لیکن فی الحقیقت سروہ ہی اور کرسانا نام جدید اسکی کا ہی مقام جدید کہا گیٹ مو آگے سرکار خیرآباد مین تہا پالی کے دستور مین مارہرہ آگے سرکار کول مین تہا صفحہ ۱۲۸ و جینا کیا لفظ ہی اور روخانہ مین کہلوارادرکہد وارد و توصیح مین یا کون صحیح اور کون غلط ہی اور لفظ کو رواربلا یا اخیر مین شاید درست ہی صفحہ ۱۲۹ یودہ عرف کسان لفظ کسان یہہ واسطی جلہ کہیتی کرنے والون کے ہی یا خاص واسطی کسی مخصوص کے ہی اور تمنی یودہ کی فقط دو قسم کے گوت لکہی بہریا اور حربا اور ہمیشہ سے سُنا جاتا ہی کہ کئی قسم اسکی ہین چنانچہ بتہریا سکرور یا جیوارہ جیریا گہورچہ انرجیا جیریا کہج وار وغیرہ اسکی تحقیقات لکہو صفحہ ۱۴۲ آلات کاشتکاری کا تصویر چاہیے اور جہان ہندی لفظ ہی جسمین کچہہ شک تلفظ کا ہو جاہیے کہ اوسکو ہمیشہ دیوناگری حروف مین لکہا کرے کہ تمام دنیا کی الف بی تی سے بہتر معلوم ہوتی ہی چنانچہ گدا اور اوشرہ گوہرنہ تلفظ صحیح ہوتا ہی اور نہ یہہ معلوم ہوتا ہی کہ کس کام کے واسطی بنا ہی صفحہ ۱۵۸ اشکر کے بعد کہ لفظ مشکوک ہے اور کیفیت اسکی سمجہہ مین نہین آتی ۲۴۴ شعلہ آتش زمین سے نکلا یہ گنہ اترت پور مین ۱۸۳۶ء مین اسکی تحقیقات بخوبی تمام کرکے لکہو اطلاع کا لکہا گیا ہی فقط تحریر فی التاریخ اٹہائیسوین اپریل ۱۸۶۶ء

(دستخط) J. H. Elliot Esquire

نقل خط مسٹر فرانسس ہارسلی رابنسن صاحب بہادر کمشنر آگرہ

ڈپٹی صاحب مہربان کالیراے صاحب سلمہٗ بعد شوق ملاقات کے واضح ہو رسلہ آپکا مورخہ ۱۰ ارمی سنہ حال باطلاع اس امر کے کہ ایک بہرت کتاب فتحگڈہ نامہ کا مسٹر الیٹ صاحب بہادر حاکم بورڈ کے حضور مین بہیجا تہا صاحب ممدوح نے واسطی ترمیم بعض مرتب کے ہدایت فرمائی ہی پونہچا جو کہ بہیجنا کتاب مذکور کا ہمارے پاس اسواسطی تہا کہ ہمارے نسبے حکام عالیمقام محکمہ صدر بورڈ کے حضور مین پیش کیجاتی سو وہ بات اس صورت سے حاصل ہوئی کہ آپنے ایٹ صاحب بہادر حاکم بورڈ کے حضور مین ارسال کی اور صاحب موصوف نے بخوبی اوسکو ملاحظہ فرماکر ہدایت وارشاد ترمیم مناسب فرمائی اور وہ ضرورت جو یہان آنی سے بہتی باقی نہی اور نیز کتاب مذکور مین کچہہ ترمیم ہوگی اسواسطی کتاب مذکور واپس بہیجی جاتی ہے فقط فی تاریخ یکم جون ۱۸۶۶ء

(دستخط) J. Robinson Esqr

باب اول بیان حال کلیات ضلع کہ جس سی عام کو علاقہ و فایدہ ہے،

ضلع فرخ اباد کی موقع اور حدود اور حال مردم و موسم و آب ہوا و پیداوار اجناس و اقسام زمین کا بیان معہ نقشہ ضلع

یہہ ضلع فرخ آباد اوس موقع مین واقع ہی کہ جنکی جنوبی حد ۲۷ ڈگری یعنے درجہ اور شمالی ۲۷ ڈگری اور ۵۰ دقیقہ یعنے منٹ خط استوا سے جانب شمال واقع ہی اور حدود اس ضلع کے حسب تفصیل ذیل ہے



مشرق	مغرب	جنوب	شمال
تحت ملک شاہ اودہ سے نارسیدہا تا تحصیلداری امرتپور اور دریاے گنگ یا تحصیلداری قنوج	پرگنہ لکہنا ضلع اتاوا و پرگنہ کسنی میی گنج وبیورہ وسوہار وسہاور ضلع مین پوری	پرگنہ بلہورہ ورسول آباد ضلع کانپور وپرگنہ بیلا ولکہنا ضلع اتاوا	ضلع بدایون وضلع شاہجہان پور

اور ایک نقشہ اس ضلع کا کہ جس سے ہر ایک پرگنہ کا موقع وحدود دریافت ہوسکی علیحدہ شامل ہی اور ہندؤن کے شاستر مین اسپر علاقہ کا نام پانچال دیس لکہا ہی چنانچہ شروع کلجگ کی راجہ درپد ٹہاکر چندربنسی اس دیس کا راجہ تہا اور اوسکی راجگی حدود اوسوقت کی یہہ تہی کہ جنوبی حد ندی کالی نی اور شرقی دریاے گنگ اور شمالی وغربی ناٹہبالی وکمپل اس دیس پایا جاتا ہی کہ راجہ درپد کا راج مین صرف یہہ علاقہ تہا کہ جواب بنام زد پرگنہ بہوجپور بہارہ محمدآباد وبیرگانو شمس آباد واعظم نگر وکمپل وبہالی وبہوکٹا لوہی اور یہہ درپد وہ راجہ تہا کہ جسکے بیٹی دروپدی کے شادی پنڈون کے ساتہہ ہوئی تہی اور بعد نیست ونابود ہوجانے خاندان درپد کے ٹہاکران راٹہور سورج بنسی راجہاہی قنوج کے تصرف مین یہہ ملک آیا اور آخری راجہ جیچند تہا اور پہر بادشاہان مسلمان کا تصرف ہوا چنانچہ عہد سلاطین دہلی مین سرکار قنوج سے یہہ ضلع متعلق رہا اور اکبرآباد صوبہ کی طرف سے بادشاہی حاکم رہتا تہا سنہ ۱۱۲۵ ہجری سے اس ضلع پر بہ سبب ملنے جاگیر بادشاہ دہلی سے غلبہ وتصرف نواب بنگش کا ہوا کہ سنہ ۱۸۰۲ تک وہ متصرف اور فرمان رواے اس ضلع کا رہا سنہ ۱۸۰۲ سے تصرف انگریزی ہوا اور اس عملداری مین اکثر حدود ضلع وپرگنجات کی بدلتے رہے اور یہہ حدود مرقومہ بالا سنہ ۱۸۴۴ سے قایم ہے چنانچہ اب یہہ ضلع کمشنری وپرزیڈینسی اگرہ سے متعلق ہی اور اس ضلع کی آب وہوا معتدل ہی اور ابتداے ماہ اساڈہ لغایت کنوار چار مہینے برسات کے ہین اور اس ضلع مین گرمی ایام گرما مین نوہ ۹۰ بلکہ ماہ جون مین ۹۶ درجہ تک اور موسم سرما مین ۵۰ لغایت ۶۰ درجہ اور برسات مین ۸۰ لغایت ۹۰ درجہ از روے تہرمامٹر کے دیکہا گیا ہی اور تہرمامٹر ایک آلہ ہے کہ حکیم گالیلیو نے واسطے دریافت کرنے مقدار گرمی وسردی کی ایجاد کیا ہی اور ایکسو بیس درجون کے خطوط کا اوسمین نشان بنایا اور مدار اوسکی حساب کا اوپر چڑہنی اور اوترنے سیماب کی ہی کہ وہ سیماب اوس آلہ کی جڑ مین بہرا رہتا ہی اور باشندگان کل اس ضلع کی تعداد سات لاکہ ستتر ہزار نواسی اس تفصیل سی ہین کہ چہہ لاکہہ ستاسی ہزار نوسوستاون ہندو اور نواسی ہزار ایکسو بتیس ۱۳۲ مسلمان ہین اور تفصیل زن ومرد وکاشتکار وغیر کاشتکار کی ذیل مین مندرج ہے اور برہمن قنوجی اس ضلع مین بہت اور اونمین کئی ذات علیحدہ علیحدہ ہین اور بنیاد قنوجی برہمن کے شہر قنوج واقع اس ضلع سے ہے فقط

	کاشتکار		غیر کاشتکار		میزان		
	مرد معہ طفلان	زن معہ دختران	مرد معہ طفلان	زن معہ دختران	مرد معہ طفلان	زن معہ دختران	میزان الکل
ہندو	دو لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]	دو لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]
مسلمان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
میزان	دو لکھہ [illegible]	یک لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]	لکھہ [illegible]

اور چلن مردمان اشراف کا اچھا ہی قصبات اور شہر کی باشندونکی زبان اردو فصیح ہی محاورہ مین الفاظ پوربی شامل ہوتی ہین اور مردم باشندہ دیہات زبان یہان کا ہندی پوربی آمیز رکھتی ہین اور مضبوط اور سخت دل ہین اور سب طرح کی درخت میوہ دار انبہ وغیرہ بکثرت ہین مثل اضلاع غربیہ وشمالی کے مگر اس ضلع مین تاڑ کی درخت بکثرت اور بہت بلند ہین اور تاڑی یعنے اوسکا عرق منشی ہی اور یہہ عرق تاڑی ماہ چیت سی لغایت ماہ جیٹھہ نکلتا ہی اور تخم اوسکا بہادون مین بویا جاتا ہی تین برس مین اوگتا ہی اور اوسکی پتونکی پنکھے بنائی جاتے ہین اور یہہ درخت دو قسم کے ہوتی ہین ایک نر کہ اوسمین خوشہ نکلتا ہی دوسری مادہ کہ اوسمین پہل لگتا ہی اور اس ضلع مین سب اجناس پیدا ہوتی ہین خصوصاً پرگنہ بہادر نواح فرخ آباد مین آلو بکثرت پیدا ہوتا ہی اور یہان صرف ایک گانو خربوزہ پر لوا پرگنہ ٹھٹیا مین اور کیوڑہ کا ایک باغ واقع قصبہ قنوج اور ایک باغ موضع کبوا کہیڑہ پرگنہ کمپل مین ہی اور نیشکر اچھا نہین ہوتا دکم شرح پر بویا جاتا ہی اور کل رقبہ ضلع کے سو حصہ مین دو حصہ لاخراج سوا پچیس حصہ مبنائی شور او سر وغیرہ ساڑہی دس حصہ زمین افتادہ قدیم بنجر اور ساڑہی آٹہہ حصہ زمین افتادہ جدید پیمچر شمار مین آئی اور پیداوار سب اجناس کا ہوتا ہی مگر ربیع کی زراعت اس ضلع مین نسبت اضلاع غربیہ کے یک ماہ پہلی روبہ پختگی لاتی ہی اور کٹ جاتی ہی اور ستو حصہ زمین مزروعہ مین ساڑہی اکتیس حصہ چاہی اور ساڑہی اٹہادن حصہ خاکی زمین ہی اور اکثر پرگنجات مین کہ جسکا حال تحقیقاً دریافت ہوا پایا گیا کہ اجناس مفصلہ ذیل فیصدی کل مزروعہ سی حسب ذیل کاشت ہوتی ہے

نام جنس	نیشکر	کپاس	نیل	دہان	جوار چری	باجرہ	مکا	ہندوہ کنگنی ساما خرم	ماش مونگ ارہر	سن	کھیانہ ترکاری وغیرہ	افیون پوست وغیرہ	ربیع
تعداد حصہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۵	[illegible]	نیم	[illegible]	نیم	[illegible]	۲	[illegible]

اور بٹائی دکنکوت کا رواج نہین نقدی شرح پر کاشت وپٹہ ہوتا ہی اور اقسام زمین مزروعہ

ترائی	پہارنہ	مٹیار	دومٹ	پہوڈہ

اور منہائی مین قسم **دوسری** مشہور ہے کہ اضلاع پچہانہ مین بہ تلفظ

کہادر	بانگر	ڈاکر	روسلی	بہوڈہ	کلرشور

معروف ہے اور فزر وعہ زمین جو مضبوط ہی اوسکو گورش بولتے ہین اور زمینداران دیہات اکثر قوم ٹہاکر اور قانونگویان
دیٹواریان اکثر قوم کایتہ سکسینہ بکثرت وسری باستم تقلبت اور کاینہ کئی گوت کی ہین چنانچہ کمپل مین وسیلا اور چہبرامؤمین جمیلہ
سیہ دو نوفریق ایک جدی ہین اونکی آپسمین بیاہ شادی نہین ہوتی اور شمس آباد دداؤدگنج ولمپامین دوبنڈیا وکہنزا اور
نیٹالی مین کودیہیا وسراث وسورکہا اور جلال آباد مین بسریا اور نالکرام وادبچہ واسمعیل پور مین بکہولی وال ادراوگرپور مین دوبیا
وبنیہ وال اورعطائی پور مین سوال ہیری ہای زادہ سبنہ پردہاں کو سرعدیا کثرت سی ہین اونکی بہت گوتین کراوسکو بلفظ
آل بولتے ہین وچوکیدار قوم دہانک ہین اور اس ضلع مین خورش غلہ گندم کی روٹی اور دال ماش وارہر ومونگ بیشتر اور برنج اوس سے کم
اور سوائے قوم اگروال بنیا وبرہمن گوڑ کے اور سب قوم شکارخوار اور مچہلی وغیرہ کی غذا بیشتر ہے اور برہمن گوڑ اس ضلع مین بہت کم ہین اور مادہ بیما دونان
دکنوار مین بخار وتپ لرزہ کے کچہ کثرت ہو جاتے ہے ورنہ آب وہوا ضلع کے موافق ومعتدل ہے اور اس ضلع مین چاہ خام اچہا
ہوتا ہی تخمیناً ۳۰ فٹ پر کہودنے سے پانی شیرین نکلتا ہی اور پائدار رہتا ہی چنانچہ فرخ آباد وکہیت فتحگڈہ مین گہر گہر چاہ پختہ وخام مرت
کے ہین اور قصبہ قنوج اور کمپل وبہوج پور وسکرادہ کی اکثر چاہ پختہ کا پانی شور یعنے کہاری ہی اور سب جگہ قصبات اور
دیہات مین چاہ پختہ یا خام کا پانی شیرین ہی اور کوئی نہر کسی دریا سے نہین نکلی اور حمام عام ضلع مین کوئی نہین ہی فقط

نمبر ۳ طلوع وغروب آفتاب تاریخ وار

ضلع فرخ آباد ۲۷ درجہ پر واقع ہی سورج کا نکلنا اور چہپنا ہر تاریخ مین بوقت ذیل بشمار گہنٹہ ومنٹ انگریزی کے ذیل
مین ہے اور اوسمین نظر اختصار تاریخ شروع بدلنے وقت کے لکہی درمیان کے تاریخ نہین لکہے وہ نہایت شروع ہونے
دوسرے تاریخ تک کے سمجہا چاہیے اور گہنٹہ انگریزی ڈہائی گہڑی ہندوستانی کا ہی اور گہنٹہ مین ۶۰ منٹ یعنے ایک گہڑی کا
۲۴ منٹ اور ڈہائی پل ہندوستانیکا ایک منٹ ہوتا ہی فقط

ماہ	تاریخ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ
		طلوع		**غروب**	
جنوری	۱	۶	۵۰	۵	۱۰
	۹	۶	۴۸	۵	۱۲
	۱۵	۶	۴۵	۵	۱۵
	۲۰	۶	۴۳	۵	۱۷
	۲۵	۶	۴۰	۵	۲۰
فروری	۱	۶	۳۶	۵	۲۴
	۸	۶	۳۱	۵	۲۹
	۱۴	۶	۲۷	۵	۳۳
	۱۸	۶	۲۴	۵	۳۶
	۲۲	۶	۲۱	۵	۴۰
	۲۶	۶	۱۸	۵	۴۲
مارچ	۲	۶	۱۴	۵	۴۶
	۶	۶	۱۱	۵	۴۹
	۱۰	۶	۸	۵	۵۲
	۱۵	۶	۴	۵	۵۶
	۲۰	۶	×	۶	×
	۲۵	۵	۵۶	۶	۴
	۳۰	۵	۵۲	۶	۸
اپریل	۳	۵	۴۹	۶	۱۱
	۷	۵	۴۶	۶	۱۴
	۱۱	۵	۴۲	۶	۱۸
	۱۵	۵	۴۰	۶	۲۱
	۲۰	۵	۳۶	۶	۲۴
	۲۴	۵	۳۳	۶	۲۷
مئی	۱	۵	۲۹	۶	۳۱
	۸	۵	۲۴	۶	۳۶
	۱۵	۵	۲۰	۶	۴۰
	۲۰	۵	۱۷	۶	۴۳
	۲۵	۵	۱۵	۶	۴۵
	۳۱	۵	۱۲	۶	۴۸
جون	۱۰	۵	۱۰	۶	۵۰
	۲۱	۵	۹	۶	۵۱

ماہ	تاریخ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ
		طلوع		**غروب**	
جولائی	۲	۵	۱۰	۶	۵۰
	۱۴	۵	۱۲	۶	۴۸
	۱۸	۵	۱۵	۶	۴۵
	۲۳	۵	۱۷	۶	۴۳
	۲۸	۵	۲۰	۶	۴۰
اگست	۵	۵	۲۴	۶	۳۶
	۱۲	۵	۲۹	۶	۳۱
	۱۸	۵	۳۳	۶	۲۷
	۲۳	۵	۳۶	۶	۲۴
	۲۷	۵	۴۰	۶	۲۱
	۳۱	۵	۴۲	۶	۱۸
ستمبر	۴	۵	۴۶	۶	۱۴
	۸	۵	۴۹	۶	۱۱
	۱۲	۵	۵۲	۶	۸
	۱۷	۵	۵۶	۶	۴
	۲۲	۶	×	۶	×
	۲۸	۶	۴	۵	۵۶
اکتوبر	۳	۶	۸	۵	۵۲
	۷	۶	۱۱	۵	۴۹
	۱۱	۶	۱۴	۵	۴۶
	۱۵	۶	۱۸	۵	۴۲
	۱۹	۶	۲۱	۵	۴۰
	۲۳	۶	۲۴	۵	۳۶
	۲۷	۶	۲۷	۵	۳۳
نومبر	۳	۶	۳۱	۵	۲۹
	۹	۶	۳۶	۵	۲۴
	۱۶	۶	۴۰	۵	۲۰
	۲۱	۶	۴۳	۵	۱۷
	۲۶	۶	۴۵	۵	۱۵
دسمبر	۲	۶	۴۸	۵	۱۲
	۱۰	۶	۵۰	۵	۱۰
	۲۰	۶	۵۱	۵	۹

گرہن سورج وچاند کا ابتداء سنہ ۱۸۴۶ء لغایۃ سنہ ۱۹۰۰ء بقید تاریخ و مہینے کے

نمبر ۱

از روے قواعد اہل نجوم کی جو حساب گردش ستارونکا ہوتا ہی وہ ظہور مین آتا ہی اسو سطی جو آیندہ و ہر سونکا گرہن چاند و سورجکا محسوب کیا گیا تو حسب جدول ذیل نکلا اور اوسپر اسو سطی اعتبار کیا جاتا ہی کہ جو اس حساب سی کئی برس گذشتہ کا مطابقت تیرہ بر ہمنان اور جنتری نویسی کیا گیا مطابق معلوم ہوا اور جو آیندہ ہین کچہ غلطی وقوع مین آوی تو کچہ مقام اعتراض نہین ہی کسو سطی کہ علم غیب خدا کو ہی نہ بہ از روے حساب قاعدہ مستمرہ سابقین کے محسوب کیا گیا ہی اور واضح ہو کہ ہر مہینے کے تحت مین اول خانہ مین تاریخ گرہ اوسکا عدد ۳۱ سی زیادہ نہین ہے اور دوسرے خانہ بتعداد سن کہ اوسکا عدد کم چہا نیسے ہنو کا تحریر ہوا ہیہ علاوہ سطی پہچان تاریخ و سن کے کافی ہے نقطہ اور اہبارہ سو کا ہندسہ ہر ایک سن کا واسطی اختصار تحریر کی چہوڑ دیا گیا ہے

تفصیل	جنوری		فروری		مارچ		اپریل		مئی		جون		جولائی		اگست		ستمبر		اکتوبر		نومبر		دسمبر	
	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن	تاریخ	سن
سورج گرہن	۱۱	۶۱	۱۲	۵۰	۶	۹۶	۲۵	۳۶	۱۶	۹۳	۱۶	۹۰	۲۸	۵۱	۹	۷۷	۲۴	۴۷	۳۰	۳۹	۱۱	۸۲	۲۱	۹۱
	۲۲	۶۹	۲۳	۴۸	۲۶	۴۳	۲	۵۵	۲۶	۴۳	۹	۹۱	۱۸	۹۰	۱۹	۸۶	۲۶	۴۸	۹	۳۶	۲۲	۱۹۰۰	۲۲	۶۵
	۲۲	۹۸			۲۹	۴۵	۱۹	۹۳	۲۸	۱۹۰۰			۹	۹۱	۲۰	۹۵	۱۸	۵۷	۱۹	۹۵			۳۱	۸۰
													۱۹	۷۹			۲۹	۶۵	۸	۹۹			۲۲	۸۹
																			۱۰	۶۴				
چاند گرہن	۱۶	۵۱	۲۶	۵۸	۳۱	۴۶	۱۱	۹۰	۲۵	۵۵	۲	۹۳	۱۳	۶۰	۲۳	۷۷	۱۳	۹۶	۱۳	۵۲	۴	۵۴	۵	۸۱
	۷	۵۴	۷	۹۰	۱۹	۳۸			۲۲	۶۲	۲۳	۹۹	۱۲	۸۹	۱۳	۶۸	۲	۷۹	۳	۴۰	۱۵	۴۲	۲۶	۹۸
	۲۸	۹۹	۲۶	۶۶	۳۱	۹۹			۲۳	۹۱	۱۳	۱۹۰۰	۳	۹۸	۳	۸۶	۱۵	۹۳	۴	۸۲	۱۹	۹۱	۱۶	۹۹
	۹	۶۱	۲۸	۹۹	۱۱	۹۵			۱۱	۹۲							۴	۹۵						
	۲۸	۸۸																						
	۱۶	۸۹																						
	۸	۹۸																						

نمبر ۵

فاصلہ شہرون نامی ہندوستان کا مقام فرخ آباد سے

فرخ آباد سی بالفعل شہر نامی ہندوستان بفاصلہ ذیل ہے اور یہہ فاصلہ رقم اور ہندسہ مین تعداد میل انگریزی ہی کہ ایک میل الف ۱۰۶۰ گز انگریزی طول کا ہوتا ہی اور نام شہرون کے بہ ترتیب حروف تہجی ہے فقط

حروف تہجی	نمبر	نام شہر	تعداد فاصلہ
الف	۱	اٹاوہ	۹۲
	۲	انوپ شہر	۱۲۶
	۳	اکبرآباد عرف	۱۱۲
	۴	اموره	۱۹۱
	۵	الہ آباد	۱۱۲
	۶	افضل گڑھ	۲۸۲
	۷	اجمیر	۳۰۴
	۸	انبالہ	۳۰۹
	۹	آب	۳۴
	۱۰	اندور	۵۰۴
	۱۱	اورنگ آباد	۵۵۳
	۱۲	احمدآباد	۶۴۰
	۱۳	احمدنگر	۷۰۶
	۱۴	اکیب	۱۲۹۹
ب	۱۵	بریلی	۴۵
	۱۶	بلند شہر	۱۳۹
	۱۷	بہرتپور	۱۵۳
	۱۸	بانس	۱۰۲
	۱۹	بجنور	۲۴۲
	۲۰	بنارس	۲۹۷
	۲۱	بکسر	۳۰۳
	۲۲	بہوپال	۴۱۰
	۲۳	بیکانیر	۴۱۵
	۲۴	بیتول	۵۰۰
	۲۵	بہاگلپور	۵۷۶
	۲۶	بیگورہ	۶۱۵
	۲۷	برودہ	۶۳۰
	۲۸	بردوان	۶۷۱
	۲۹	بیربہوم	۶۵۱
	۳۰	بارکپور	۷۱۲
	۳۱	بیابیا	۷۱۹
	۳۲	بارا سیب	۷۱۶
	۳۳	برہمپور	۷۲۶
	۳۴	باکنڈی	۷۵۶
	۳۵	بالاسور	۷۵۹
	۳۶	بمبئی	۸۹۷
	۳۷	باکرا	۸۰۰
	۳۸	باقرگنج	۸۹۲
	۳۹	بہیلوا	۱۰۱۱
	۴۰	بتن پابتہ	۱۰۹۳
	۴۱	بنگلور	۱۲۴۲
پ	۴۲	پٹنہ	۴۳۹
	۴۳	پورنیا	۶۳۰
	۴۴	پونا	۸۵۸
ت	۴۵	ترہت	۴۶۵
	۴۶	تملوک	۷۲۳
	۴۷	تیرا	۹۶۱
	۴۸	ترچناپلے	۱۲۱۶
ج	۴۹	جہانسی	۲۰۳
	۵۰	جی پور	۲۶۰
	۵۱	جونپور	۲۹۳
	۵۲	جبل پور	۳۷۳
	۵۳	جی سلمیر	۶۳۰
	۵۴	جلیسر	۷۲۶
	۵۵	جی سور	۷۸۷
	۵۶	جمال پور	۸۵۵
	۵۷	جگناتھ پوری	۹۱۱

حروف تہجی	نمبر	نام شہر	تعداد فی صد	حروف تہجی	نمبر	نام شہر	تعداد فی صد	حروف تہجی	نمبر	نام شہر	تعداد فی صد
ح	۵۸	حیدرآباد	۵۸۵		۸۰	سپاٹو	۴۹۴		۱۰۳	کٹک	۸۹۶
چ	۵۹	چھتر پور	۲۳۸		۸۱	سیہور	۴۳۲	گ	۱۰۴	گوالیار	۱۴۶
	۶۰	چنار گڈھ	۲۹۱		۸۲	سیونی	۴۶۱		۱۰۵	گوڑگانو	۲۳۵
	۶۱	چھپرا	۴۱۵		۸۳	سبن پور دکن	۸۹		۱۰۶	گورگہ	۲۷۷
	۶۲	چندنگر	۷۲۴		۸۴	سلہٹ	۱۰۳۴		۱۰۷	گیا	۴۴۳
	۶۳	چھنگا نو	۱۰۶۰	ش	۸۵	شاہجہاں پور	۴۹		۱۰۸	گول پارہ	۸۹۱
د	۶۴	دہلی عرف شاہجہاں آباد	۱۹۵		۸۶	شملہ	۳۹۰		۱۰۹	گواہٹی	۹۶۸
	۶۵	دھمیاون	۲۸۳		۸۷	شیر گڈھا	۴۱۹		۱۱۰	گنجام	۹۷۸
	۶۶	ڈیرہ دون	۲۹۶	ص	۸۸	صورت	۷۶۰	ل	۱۱۱	لکھنؤ	۱۱۱
	۶۷	دہبا پور	۳۳۲	ع	۸۹	علی گڈھ	۱۱		۱۱۲	لندپور	
	۶۸	دمدم	۷۱۹		۹۰	علی نگر	۲۹۹		۱۱۳	لودیانہ	۳۷۹
	۶۹	دانا پور	۷۲۵	غ	۹۱	غازی پور	۳۳۲	م	۱۱۴	لاہور	۵۹۰
	۷۰	ڈھاکہ	۹۰۵	ف	۹۲	فتح پور	۱۳۱		۱۱۵	مین پوری	۴۰
ر	۷۱	روہتک	۲۴۳		۹۳	فرید پور	۸۵۲		۱۱۶	مرادآباد	۱۳۶
	۷۲	ریواڑی	۲۵۹	ک	۹۴	کانپور	۸۳		۱۱۷	متھرا	۱۴۷
	۷۳	ریوا			۹۵	کالپی	۱۰۴		۱۱۸	میرٹھ	۱۸۲
	۷۴	رائے پور	۷۱۰		۹۶	کرنال	۲۵۲		۱۱۹	مظفر نگر	۲۱۸
	۷۵	رنگ پور	۷۶۸		۹۷	کوٹہ	۳۳۵		۱۲۰	مرزاپور	۴۷۳
س	۷۶	سہسوان	۸۴		۹۸	کمٹی	۵۳۰		۱۲۱	منصوری ٹیلہ	۳۰۹
	۷۷	سلطان پور	۲۰۴		۹۹	کلکتہ	۷۱۱		۱۲۲	مہید پور	۴۵۲
	۷۸	سہارنپور	۲۵۴		۱۰۰	کانٹھ بجلے	۷۵۰		۱۲۳	میئو	۴۶۶
	۷۹	ساگر	۳۰۴		۱۰۱	کنکری	۷۷۵		۱۲۴	مونگیر	۵۴۲
					۱۰۲	کمبرکالی	۸۰۵		۱۲۵	مالدا	۶۷۶

حروف تہجی	نمبر	نام شہر	تعداد فاصلہ	حروف تہجی	نمبر	نام شہر	تعداد فاصلہ	حروف تہجی	نمبر	نام شہر	تعداد فاصلہ
	۱۲۶	مدناپور	۶۸۳ سائب		۱۳۲	نیمچ	۴۴۲ اماریب		۱۳۸	ہوشنگ آباد	۴۴۲ اماریو
	۱۲۷	میمن سنگ	۸۸۷ لاموب		۱۳۳	نیپال	۴۴۴ امالوب		۱۳۹	ہزاری باغ	۷۸۴ اماروب
	۱۲۸	مرشدآباد	۷۸۳ لماب		۱۳۴	ناگ پور	۵۳۹ حالوب		۱۴۰	ہوگلی	۷۱۸ لماسب
	۱۲۹	سندراج	۱۲۵۲ الاریب		۱۳۵	ندیا	۷۱۹ لمالوب				
ن	۱۳۰	نصیرآباد	۳۳۴ مالوب	ہ	۱۳۶	ہمیرپور	۱۳۳ اب				
	۱۳۱	رنگ پور	۴۹۳ مالوبو		۱۳۷	ہانسی	۶۹ امروب				

نمبر ۶ دوری قصبون ضلع فرخ اباد ایک سی دوسری کو

اس ضلع مین عث قصبہ و دیہات نامی مشہور ہین ایک کا فاصلہ دوسرے سے تعداد میل انگریزی جدول ذیل سے واضح ہوتا ہے اور واسطے رفع اشتباہ کے رقم و ہندسہ ہر یک خانہ مین دو نو لکہے جاتے ہین اور اس ضلع مین ڈیڑہ میل کا ایک کوس شمار ہوتا ہی اور فرخ آباد سے یہہ مقامات جس سمت مین ہین اوس سمت کی شناخت کو ایک ایک حرف باصطلاح ذیل لکہا گیا ہے فقط

مشرق	غرب	اوتر	جنوب	بائب یعنی گوشہ شمال و غرب	نیرت گوشہ غرب و جنوب	اگنیہ گوشہ شرق و جنوب	ایشان گوشہ شرق و شمال
ش	غ	الف	ج	ب	ن	گ	ي

نمبر ۲ بیان منازل و فاصلہ شہرون اضلاع ہر چہار سمت فرخ آباد کے

جو کہ اکثر صادر و وارد ہونی والونکو ضرورت دریافت منازل کی ہوتی ہی اور اس ضلع کی ساکنان کو ہی واسطی جانیکی خواہش
اس امر کی پیش آتی ہی اسواسطی منازل راہ بلدہ لکہنو و الہ آباد و کانہپور و اگرہ و متہرا و میرٹہہ و شاہجہان آباد و براون
و مراد آباد و شاہجہان پور و اٹاوا کی بقید فاصلہ و حال و قوع دریا و نالہ اور عبوا و سے اور یہہ کہ منزل کی درمیان بیچ
یہ چیزی کو بہت ملتا ہی یا قلت ہی اور مقام بازار وغیرہ واسطی بہم رسی اجناس کے کہ اسوہ گی مسافر کی متعلق ہی جدول ذیل میں تحریر ہے
اور مین تیور و کوال وہ بہی کی منازل بہی ہمرشتہ مذکور بالا کی ہے اور یہہ منزل ایسی مین کہ آدمی بآرام پونہچی فقط

	نام ضلع	نام منزل	مسافت میل	مسافت فرلانگ	دریا	نالہ	حال عبور دریا	حال نکلنے گاڑی بانیکا راہ میں	کیفیت بازار کہ جہاں سے غلہ وغیرہ ملتا ہے
فتح گڑھ سے تا لکھنؤ	فرخ آباد	خداگنج	۱۳	۲	٠	ایک	پل	بہت اچھا	بازار خورد وسرائے پختہ بقید جاہ
	ایضاً	جلال آباد	۱۰	٠	کالی ندی	٠	پل	ایضاً	بازار وسرائے بمقام خاص
	ایضاً	سرائے میران	۱۰	٠	٠	ایک	پل	ایضاً	بازار بمقام خاص وسرائے پختہ اس میں بہت خوب ہے
	ضلع کانپور	بکھوتی	۱۴	٠	٠	٠	٠	ایضاً	بازار بمقام ناہو
	ملک شاہ اودھ	نوبت گنج	۸	٠	کالی ندی وگنگا	٠	کشتی وپایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	تکیہ	۱۴	٠	٠	٠	٠	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	اکبرپور	۱۳	٠	٠	٠	٠	ایضاً	بازار بمقام حسن گنج ومیاں گنج بفاصلہ دو ونیم کروہ
	ایضاً	ابراہیم گنج	۱۲	۴	٠	ایک	پل	ایضاً	بازار خورد بمقام خاص ونواب گنج بفاصلہ نیم کروہ
	ایضاً	لکھنؤ	۱۰	۶	٠	٠	ایضاً	ایضاً	بازار بمقام خاص
		۹	۱۰۵	۱					
فتح گڑھ سے تا کانپور	فرخ آباد	خداگنج	۱۳	٠	٠	ایک	پل	بہت اچھے	بازار خورد وسرائے بمقام خاص
	ایضاً	جلال آباد	۱۰	٠	کالی ندی	٠	پل	ایضاً	بازار وسرائے بمقام خاص
	ایضاً	سرائے میران	۱۰	٠	٠	ایک	پل	ایضاً	بازار وسرائے بمقام خاص وقنوج
	کانپور	ارول	۱۰	۲	٠	٠	٠	ایضاً	بازار بمقام بلہور
	ایضاً	پوروہ	۱۳	۳	٠	ایک	پایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص وسوراجپور
	ایضاً	جولی پور	۱۰	۲	٠	٠	٠	ایضاً	بازار بمقام خاص ومرہشور
	ایضاً	کانپور	۱۴	۴	٠	٠	٠	ایضاً	بازار بمقام خاص
		۷	۹۲	۱					

	نام ضلع	نام منزل	مسافت میل	مسافت فرلنگ	دریا	نالہ	حال عبور دریا و نالہ	حال قلت و کثرت پانی کا راہ میں	کیفیت بازار کہ جہاں غلہ وغیرہ ملتا ہے
کانہ پور سے فتح پور ہوتی تا الہ آباد	کانہ پور	برسول	۱۴	۲	۰	۰	۰	بہت ہے	بازار بمقام خاص
	فتح پور	کلیان پور	۱۶	۴	۰	یک	پایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	فتح پور	۱۴	۶	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	نوبستہ سرائے	۱۲	۶	۰	۰	۰	ایضاً	دیہات قریب سے غلہ پہنچتا ہے
	الہ آباد	جونی سرائے	۱۱	۶	۰	۰	۰	ایضاً	بازار کلاں بمقام خاص
	ایضاً	گہرہ	۱۳	۶	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	کشبا	۱۰	۰	۰	دو نالہ	پل	ایضاً	بازار بمقام کانگرآباد بفاصلہ یک کروہ
	ایضاً	کبوہ	۱۴	۶	۰	۰	۰	ایضاً	
	ایضاً	الہ آباد	۱۳	۶	۰	۰	۰	ایضاً	بازار کلاں بمقام خاص
		[illegible]	[illegible]	[illegible]					
	میزان کل منزل	[illegible]	[illegible]	[illegible]					
تیسری سڑک فتح گڑھ سے [illegible]	فرخ آباد	چھبرامو	۱۸	۰	کالی ندی	۰	پایاب و پل کشتی	بہت ہے	بازار بمقام خاص
	مین پوری	کسنے	۱۶	۰	ایسن	ارند	کشتی و پایاب	ایضاً	ایضاً معہ سرائے خود بمقام خاص و شمشیر گنج و کسرہ سال بفاصلہ یکنیم کروہ تخمیناً
	اٹاوا	اٹاوا	۲۰	۰	۰	سینگور	پایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص
		۳	[illegible]						

	نام ضلع	نام منزل	مسافت میل	مسافت فرلانگ	دریا	نالہ	حال عبور دریا	حال قیمت و کثرت رسد کا	کیفیت بازار کہ جہاں سے غلہ وغیرہ ملتا ہے
فتح گڑھ تا مین پوری و اکبرآباد	فرخ آباد	محمد آباد	۱۳	۲	۰	۰	۰	بہت ہی	بازار خورد بمقام خاص
	مین پوری	بیبور	۱۱	۶	کالی ندی	۰	کشتی	ایضاً	بازار بمقام خاص اور ایک بنگلہ او کنارہ دریائے کالی ندی ہے
	ایضاً	بھونگانو	۸	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	مین پوری	۹	۰	۰	ایک	پل	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	بکرئی	۱۰	۲	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام مین پوری و گہرول
	ایضاً	گہرول	۱۲	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	سکوہ آباد	۱۰	۳	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	کول	فیروز آباد	۱۳	۲	۰۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	اعتماد پور	۱۲	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	اکبرآباد	اکبرآباد	۱۱	۲	جمنا	۰	کشتی	ایضاً	بازار بمقام خاص
		[illegible]	[illegible]	[illegible]					
اعتماد پور تا متھرا	متھرا	کہند ولی	۱۲	-	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	متھرا	بلدیوجی	۱۵	۶	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	متھرا	متھرا	۱۱	۹	جمنا	۰	کشتی	ایضاً	بازار بمقام خاص
	میزان منازل و مسافت	[illegible]	[illegible]	۵					
فتح گڑھ سے براہ نواب گنج تا بدایون	فرخ آباد	نواب گنج	۱۳	۴	۰	۰	۰	بہت	بازار خورد بمقام خاص و سرائے پختہ
	ایضاً	علی گنج	۱۵	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	دہومرے	۱۳	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	مین پوری	ارجن پور	۱۲	۰	کالی ندی	۰	پایاب	ایضاً	بازار بمقام سکروہ و امان پورہ
	بدایون	کاس گنج	۱۲	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص

	نام ضلع	نام منزل	مسافت میل	مسافت فرلانگ	دریا	نالہ	حال عبور دریا	حال قلت کثرت یا [illegible] کا	کیفیت بازار کہ جہاں سے غلہ وغیرہ ملتا ہے
	بدایون	ببورا گنج	۱۳	۴	۰	۰	۰	بہت ہے	بازار خورد بمقام خاص
	علی گڈھ	اترولی	۱۴	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	پنڈراول	۱۴	۰	کالی ندی	۰	پایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص
	بلند شہر	خورجہ	۱۴	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص یہاں سے سڑک پختہ شروع ہوئی
	بلند شہر	اونچہ شہر بلند شہر	۱۱	۶	۰	ایک	پل	ایضاً	بازار بمقام خاص
	میرٹھ	گلاوٹی	۱۳	۲	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	ہاپڑ	۹	۴	۰	ایک	پل	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	کہر کھودہ	۹	۶	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	میرٹھ	۱۱	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
		[illegible]	[illegible]	[illegible]					
[illegible]	فرخ آباد	محمد آباد	۱۳	۴	۰	۰	۰	بہت ہے	بازار بمقام خاص
	مین پوری	بہون گانو	۸	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	مین پوری	کوراولی	۱۳	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	مین پوری	ملاون	۸	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار خورد بمقام خاص و بازار کلاں بمقام سکیٹ بفاصلہ دو کروہ
	ایضاً	ایٹہ	۱۰	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	کول	بہدوانسہ	۱۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام سکندرہ
	ایضاً	سکندرہ راؤ	۱۰	۶	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	اکبر آباد	۱۰	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار و سرائے بمقام خاص
	ایضاً	کول	۱۲	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	سومنہ	۱۳	۲	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	بلند شہر	خورجہ	۱۵	۳	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص

	نام ضلع	نام منزل	مسافت میل	مسافت فرسنگ	دریا	نالہ	حال عبور دریا	حال قلت و کثرت آب کا راہ مین	کیفیت بازار کہ جہان غلہ وغیرہ ملتی ہی
	بلندشہر	اوچہ شہر	۱۱	۴	۰	ایک	پل	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	گلاوٹی	۱۳	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار خُرد بمقام خاص
	میرٹھ	ہاپڑ	۹	۳	۰	ایک	پل	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	کرکودہ	۹	۶	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	میرٹھ	۱۱	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
		[illegible]	[illegible]	[illegible]					
کیمپ فتحگڈھ سی تا خورجہ ہر یک منزل مطابق شرح راہ میرٹھ کی ہے									
مسیر فتحگڈھ سی تا جہان آباد براہ بلندشہر		خورجہ شرح مرقومہ منزل ۱۱	۱۲۶	۳	۰	۰	۰	بہت ہی	بازار بمقام خاص
	بلندشہر	سکندرآباد	۱۳	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
		سورجپور	۱۴	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار خورد بمقام خاص
		سرکنج	۱۳	۲	ہنڈن	۰	پایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص
		شاہجہان آباد	۴	۰	جمنا	۰	کشتی	ایضاً	بازار کلان بمقام خاص
		[illegible]	[illegible]	[illegible]					
مسیر فتحگڈھ سی تا بداون	فرخ آباد	شمس آباد	۱۸	۰	۰	۰	۰	بہت ہی	بازار بمقام خاص اور منزل مین ایک موضع روشن آباد فرخ آباد سی بفاصلہ ۱۳ میل ہے
	بداون	کسرہ	۱۴	۰	گنگا	ایک	کشتی و پایاب	ایضاً	بازار خورد بمقام خاص
	ایضاً	گمرالہ	۱۱	۰	سوت	۰	کشتی	ایضاً	بازار خورد بمقام خاص اور راس منزل کی بابین قصبہ اوپ ہی
	ایضاً	بداون	[illegible]	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار کلان بمقام خاص
		[illegible]	[illegible]						
مسیر فتحگڈھ سی براہ بریلی تا مراد آباد	فرخ آباد	اورت پور	۱۴	۰	گنگا	ایک	کشتی	پانی بہت ہے	بازار و سرای بمقام خاص
	شاہجہانپور	جلال آباد	۱۴	۰	رامگنگا	۰	کشتی	ایضاً	بازار بمقام خاص
	بریلی	بری جنتابہ	۱۱	۴	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	فتح گنج	۱۴	۰	۰	ایک	پل	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	فرید پور	۱۱	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص

	نام ضلع	نام منزل	مسافت میل	مسافت فرلنگ	دریا	نالہ	دریا حال عبور	حالت وکثرت پانیکا	کیفیت بازار کہ جہان سی غلہ وغیرہ ملتا ہی
	بریلے	بریلے	۱۰	۲	۰	ایک	پل	بہت ہی	بازار بمقام خاص
	ایضاً	فتحگنج	۱۱	۴	۰	دو	پایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	میرگنج	۱۱	۶	دوجورہ	۰	پایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص
	نواب رامپور	بکھوراچہرا	۳	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	اجیت پور	۹	۰	کوسی	۰	پایاب	ایضاً	بازار بمقام خاص
	مرادآباد	مرادآباد	۱۲	۰	رامگنگا	۰	کشتے	ایضاً	بازار کلان بمقام خاص
		۶	۱۳۸						
سڑک فتحگڈہ سی شاہجہانپور تک	فرخ آباد	امرت پور	۱۴	۰	گنگا	ایک	کشتے	بہتے	بازار وسرای بمقام خاص .
	شاہجہانپور	جلال آباد	۱۴	۰	رامگنگا	۰	کشتے	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	کانٹھہ	۹	۰	۰	۰	۰	ایضاً	بازار بمقام خاص
	ایضاً	شاہجہانپور	۹	۰	گررا	۲	کشتے و پل	ایضاً	بازار بمقام خاص
		۴	۴۶						

بیان دریا و نالہ واقع اس ضلع کا بتفصیل گذرگہاٹ اور شرح میر بحری

اس ضلع مین ایک دریای گنگ دوسرا دریای رام گنگا اور چہہ نالہ واقع ہین اور ایک نالہ کنہا بطور رجباہا کے ہی کہ دو میل کے قدر گنگا سے کہود کر کالی نی مین شامل ہوا ہے فقط

دریای گنگ

یہہ دریا کوہ ہمالا سے دو ہزار میل بہہ کر سمندر مین شامل ہوا اور ایسا ہندوستان مین مشہور ہی کہ زیادہ شرح اسکی کچہہ ضرور نہین ہی اور اس ضلع کی حد شمالی اور شرقی پر جاری ہی مگر تین پرگنہ اس ضلع کے اس دریا کی پار جانب شرق واقع ہین اور بیس گذرگھاٹ اوسکی اس ضلع مین ہین اور آمدنی محصول میر بحری کا اکثر ٹہیکہ ہی اور دو گذر پر پل کشتیو کا واقع ہی اس دو پل مین سے ایک پل کھنا گھاٹ کا کہ بیچ فتحگڈہ و فرخ آباد سے نزدیک تر ہے مسٹر مارٹین گبنس صاحب بہادر کلکٹر نے بہت انتظام کی ساتہہ ۱۸۴۴ء مین بنوایا خوب مضبوط ہی اس پل پر ۳۵ کشتی ہین اور ہر یک کشتی طول مین سولہ درعہ انگریزی اور عرض مین چہہ درعہ اور اونچائی مین چار فٹ تین انچہہ اور اسار کشتی کے تیرہ انچہہ چوڑی ہے اور ہر ایک کشتی کے مابین مین فاصلہ پندرہ پندرہ فٹ کا ہی اور وہ فاصلہ سطح ہی تختون سے کہ اوسکو پل بختہ کہتے ہین تو ۳۵ کشتی اور ۳۴ پل تختہ سے یہہ پل بنا ہے کہ اوسکا طول کل تین سو چھبیس ۳۲۶ درعہ انگریزی ہے اور مابین مین دو کشتی قلفی دار ہین کہ واسطی آمدورفت اونکشتیون اس دریا کے وہ کشتے قلفی دار کہولکر رستہ دیا جاتا ہے اور اس پل کے دونو کنارے پر کٹہرا اچہا بنا ہوا ہی اور ایک کٹہرا بیچ مین پل کے واقع ہی کہ اوس سے دو رستہ اس پل مین ایکا واسطی آنی والون کے اور دوسرا واسطی جانے والون کے اور یہہ پل برابر قایم رہتا ہی مگر برسات مین بسبب طغیانی آب گنگ کی کہول دیا جاتا ہی اور یہہ سب کشتی زرسرکار سے بنے ہین اور تیاری فی کشتی مین ۱۸۰ تخمیناً خرچ پڑا اور دوسرا پل بہرت پور گہاٹ پر مستاجر میر بحری نی اپنی کشتیون سے بنایا ہی فقط اور تفصیل جمع ہر یک گذرگہاٹ کی اور شرح میر بحری کے جو کشتیا گہاٹ پر جاری ہے جدول ذیل سے منکشف ہوگا

گذرگہاٹ بقید جمع یکسالہ			
نمبر	نام تہانہ	نام گہاٹ	تعداد جمع مئی ۱۸۴۶ء لغایت اپریل ۱۸۴۷ء
۱	قنوج	داعی پور	[illegible]
۲	ایضاً	مہدی گہاٹ	[illegible]
۳	ایضاً	راج گہاٹ	[illegible]
۴	ایضاً	جلیسر	[illegible]
۵	ایضاً	سبوا گہاٹ	[illegible]
۶	ایضاً	کرہ کہور	[illegible]

تفصیل شرح میر بحری			
نمبر	نام اشیا کہ جسپر محصول لیا جاتا ہی	محصول	
		پر بار سے	خالی سے
۱	عورت مرد	۲۵ دام	۲۵ دام
۲	بہیڑ بکری	فیصدی ۶	فیصدی ۲
۳	خوک	فیصدی ۸	فیصدی ۴
۴	خر	فی کوڑی ۱۰	فی کوڑی ۵
۵	چہیرو پایو	فی راس [illegible]	[illegible]

نمبر	نام تھانہ	نام گھاٹ	تعداد جمع مئی سنہ ۱۸۹۹ لغایت اپریل سنہ ۱۹۰۰
۷	کمال گنج	سکھی رام پور	۱۲؍
۸	ایضاً	درماعرف بندرگھ	۵ ؍ [illegible]
۹	کوتوالی کسبہ فتحگدہ	لوکندہ	سا[illegible]
۱۰	ایضاً	گولاداسال	۱۳
۱۱	کوتوالی فرخ آباد کسبہ	کھاٹ پل	[illegible]
۱۲	ایضاً	کدسا دشکارپور	[illegible]
۱۳	امرتپور	کرسور	۱۱؍
۱۴	امرتپور	کمرور	۱۸
۱۵	قایم گنج شمس آباد	مہولا و بہرت پور	[illegible]
۱۶	قایم گنج	سورجپور	[illegible]
۱۷	قایم گنج	بھگوان پور	۱۳
۱۸	ایضاً	بندار	۱۳
۱۹	ایضاً	کدبا	۱۳
۲۰	ایضاً	چند پوری	۱۳
۲۱	ایضاً	جالی	۱۱؍
۲۲	ایضاً	بسیل پور	[illegible]
۲۳	ایضاً	کسرا	[illegible]
		میزان	[illegible]

نمبر	نام اشیا کہ جس پر محصول لیا جاتا ہے	محصول: پرباری سے	محصول: خالی سے
۶	اسپ کلان	۲؍	۱؍
۷	نرگاو و گاومیش	[illegible]	۱۰؍
۸	سوار بیل	۸؍	۴؍
۹	چھکڑہ چوگان	۱۲؍	۵؍
۱۰	ایضاً سہ گان	۱۰؍	۴؍
۱۱	ایضاً دوگاوہ	۸؍	۳؍
۱۲	رتھ	۱۲؍	۶؍
۱۳	پالکی نالکی	۱۲؍	۴؍
۱۴	میانہ	۶؍	۳؍
۱۵	ڈولی	۲؍	۱؍
۱۶	یکہ کایابو	۳؍	۲؍
۱۷	شتر بارکش	۳؍	۱؍
۱۸	فیل	معاف	[illegible]
۱۹	بگی	۸؍	۳؍
۲۰	سیج گاڑی	[illegible]	۸؍
۲۱	بہنگی کہار	۱؍	۱؍
۲۲	کاشتکاران بغیرہ	[illegible] دام	[illegible] دام
۲۳	یکہ نرگاو	۵؍	۲؍
۲۴	شتر سوار	۴؍	۲؍
۲۵	نرگاوان بنجارہ	[illegible]	معاف
۲۶	خچر و یابو سوار	۱۰؍	[illegible]
۲۷	نرگاو [illegible]	۱۰؍	[illegible]
۲۸	[illegible]	۸؍	[illegible]
۲۹	سہ گاوہ ایضاً	[illegible]	[illegible]
۳۰	دوگاوہ ایضاً	[illegible]	۲؍

دریای رام گنگا

پرگنہ امرنیورمین ہوکر ملک شاہ اودہ مین نکلے ہے اس دریا پر اکثر عبور کشتی سے ہی اور ایام برسات مین اس دریا کی طغیانی اس کثرت سی ہوتی ہی کہ زمین اکثر دریا برد ہو جاتی ہی اور اوسکی ترائی مین زراعت خوب ہوتی ہی اور آب پاشی کا بھی فایدہ ہی اور یہہ دریا کوہستان سے ضلع بجنور و مرادآباد و بریلی و شاہجہان پور مین بہتا ہوا آیا ہی فقط اور اس ضلع مین سر دریا پر کشتیون کا پل دو جگہ ہی ایک اہسا پور دوسرا بجنوریا یا مین باقی سب گذر پر ایک ایک و دو دو کشتی ہی اور دو گہاٹ کہ جسپر پل ہی ہیر بحری مقرر ہی ٹہیکہ اوسکا حسب تفصیل ذیل ہے

اسب پور کہودہر
نارے

ع پوریا مہ گنج حرار حیم پور
للار

دریای کالی ندی

پرگنہ اعظم نگر و شمس آباد و بہوج پور کے حد جنوبی پر اور تالگرام و قنوج کے پرگنہ مین ہوکر گنگا مین ملی ہے اور اس ضلع مین دو جگہ پر پل آہنی بمقام خداگنج مین بنا یا ہوا حکیم مہدی علیخان وزیر لکہنو کا ہی کہ سنہ ۱۲۴۰ ہجری مین باہتمام کپتان ملو صاحب کے طیار ہوا تہا کہ تاریخ تعمیر اوسکی سن ہجری یہہ ہی :: ملہم بگفت بہر دعای سرزبان ؛ این جسر پایدار بود تا ہزار سال اور سب جگہ گذر کشتی سے ہے مگر دو جگہ کشتی سے ایک پل منیورمین او پر راستہ بیورکے اور دوسرا دو ہرنیورمین اوپر راہ چہیرامئو کے اور ٹہیکہ اوسکا ملاحون کے ذمہ اس شرط پر ہے کہ آٹہ مہینے پل رکہین اور آمدنی ہیر بحری کے آپ لین سرکار محصول نہین لیتی

نالہ کنہتا

یہہ ایک مختصر نالہ ہے کہ دریای گنگا سے متصل ہوکر موضع رام پور پانچہ کا یون و سنگین رام پور و شیر پور سرای کی کہود کر نکالا اور وہی نالہ رام پور پانچہ گانو و شیر پور سرای کے مابین مین سرحد مقرر ہے اور رام پور پانچہ گانو کے پرگنہ مین ندی کالی سے جاملا برسات مین گنگا کا پانی اسی نالہ سے ندی کالی مین آتا ہی اور اسی سبب سے برسات مین زیادہ پانی ندی کالی کا ہوکر لائق اجرای کشتی ہو جاتا ہی اور اوسکی بنا یہہ مشہور ہے کہ دو سو پچاس برس تخمیناً ہوئے کہ ندرای کایتہ صوبہ دار قنوج ملقب راجہ مشہور تہا یہہ نالہ گنگا سے تا ندی کالی کہود واکر جاری کیا تہا اور یہہ اوسکی تہی کہ قنوج کے زیر آبادی گنگا کا پانی پونہچی اور باعث یادگاری دوام ہو چنانچہ اوسی وقت مین اس کرندرای نے موضع کرندنگر کہ متصل رام پور پانچہ گانو ہے بسایا کہ پہلی اوسکا نام لسبہا تہا اور اب بہی کرندنگر لسہا کہتی مین اور متصل قنوج کے ایک آبادی معروف کرندنگر ہے اوسکی بہی بنا اسی کرندرای سے ہی فقط اور یہہ نالہ کنہا بسبب

بسبب گذرنی مدت کثیر اور رہنی اکثر خشک اور عدم مرمت کی کچھ رہ گیا یعنی عمیق نہین رہا اگر اسکی مرمت ہوکر اسکو عمیق کیا جاوے تو عجب نہین کہ اوسکی ذریعہ سے کشتی دریاے گنگ سی کالی نی مین جاکر قنوج کے نیچے پہونچ سکی یا کالی نی مین جا بغرض کشتی اور مقام وگذر پر پہونچ سکی فقط

ندی الین

پرگنہ جیسر امئو وسورکہ وتالکرام و مباترو ا و منوج مین ہوکر ضلع کانہ پور مین جا نکلے اور یہ ندی اچھی ہی بہات مین بذریعہ کشتی کے عبور ہوتا ہی اوسیچائی سب دیہات محقہ کی ہوتی ہے کسی گذر پر پل پختہ نہین ہے فقط

ندی آرند

سکراوہ کے پرگنہ مین ہوکر سکت پور کی پرگنہ مین ہولی ہوئی ضلع اٹاوا مین نکلی مگر یہ ندی ہمیشہ جاری نہین رہتی کنارہ اوسکی مضبوط ہین عرض مین کم ہے برسات مین جاری ہو جاتی پہر خشک رہتی ہے فقط

ندی پانڈو

نٹہا کے دیہات جنوبی مین ہیکر ضلع کانہ پور کی طرف گئی اور یہ ندی کوہستانی نہین ہی اوسیچائی کا فائدہ اسمین نہیں ہے

نالہ نگار

برسات مین جاری ہو جاتا ہے اور موسم مین خشک رہتا ہے مگر یہ بطور سیلاب کی ہی دیہات نواح کی زمین کو بہ بلا بگار خراب کرتا ہی کہ وورد یہ اس نار کی زمین ناقص ریگستان بہت ہے

بورہ گنگا

پرگنہ نیٹاہی کی حد شرقی سے ا بین پرگنہ کمپل مین ہوکر گنگا مین جا ملا مگر یہ نالہ خوب مضبوط نہین ہے بطور ایک جھیل کے ہے برسات مین جاری ہو جاتا ہی اور موسم مین کہین خشک کہین پانی رہتا ہے اس سے کہیتی کی سیچائی کو فائدہ کم ہے مگر اسکی زمین ترائی و اسطے زراعت کے اچھی ہے فقط اور پہلے دریاے گنگ اسی جگہ جاری تہا اب اس سے بہت فاصلہ پر جاری ہے اور یہ جیاڈ گنگا کے ہے فقط

نمبر ۹ حال و مقدار بارش سنین ماضیہ موجب پیمانہ بارشدان مقررہ سرکار او نام بارش کا جو مشہور ہے

بموجب حکم مندرجہ باب ہجدہم دفعہ ۱۳۳ اجنبی سیرجار صاحبان صدر بورڈ کی سب اضلاع پریسیڈنسی آگرہ کی پیمانہ بارشدان ہر ایک تحصیل و مقام صدر مین مقرر ہوا اور ربع انچہ کی گز سے پانی باران کا جو بارشدان مین بہرتا ہی پایا جاتا ہی اور ایک ایک انچہ مین دس دس درجہ مقرر ہین اور اوس درجہ کا نام سنٹ ہی اور اوسکا حساب اسطرح محسوب ہوتا ہی کہ جسقدر

پانی بارشدان کا ہیود ہو دسوان حصہ اوسکا حاصل سمجھا جاتا ہی یعنی جیسا چٹھی نمبر ۲ مذکورہ بالا مین مندرج ہی کہ اگر ادنی درجہ اوسکا ہیود ہو تو جاننا چاہئی کہ برابر سوین حصہ کے ایک انچہ کے زمین پر پانی پڑا اور جو اعلی درجہ یعنی ایک انچہ پانی ہیود ہو تو دسوان حصہ ایک انچہ کا اور اگر دس انچہ ہیود ہو تو ایک انچہ کی قدر زمین پر پانی متصور کرنا چاہئے چنانچہ اس ضلع مین ابتداے جولائی سنہ ۱۸۶۳ء مطابق سنہ ۱۲۷۱ فصلی سی یہہ بارشدان مقرر ہوا اور جسقدر بارش اس ضلع مین ہوا ہی اوسکی حاصل میزان یعنی دسوان حصہ پیمایش سے ذیل مین مندرج ہے اور جس مہینی مین بارش نہین ہوئے وہ مہینا اس مین نہین لکھا گیا

نام سال	نام ماہ	[illegible]		چھبرامئو		امرتپور		قنوج		سکت پور		تالگرام		اعظم نگر		شمس آباد		ساترودا		میزان	
		انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ	انچہ	سنٹ
سنہ ۱۸۶۳ء	ابتداے جولائی لغایت ستمبر	۱۲	۰	۴	۱	۱۱	۳	۲	۷	۱۰	۹	۱۱	۰	۹	۰	۷	۵	۵	۳	۶۲	۲۵
	اکتوبر	۳	۰	۱	۷	۵	۰	۴	۱	۲	۶	۴	۱	۰	۵	۴	۶	۱	۸	۲۶	۴
سنہ ۱۸۶۴ء	جنوری	۰	۳	۰	۵	۰	۱	۰	۵	۰	۵	۰	۳	۰	۵	۰	۰	۰	۲	۲	۹
	فروری	۰	۴	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۰	۳	۰	۰	۰	۴		۰	۱	۵	۴	[illegible]
	اپریل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	۱	۰
	جولائی	۲	۱۷	۱	۳۵	۷	۱۰	۲	۴۰	۳	۴۸	۲	۶	۲	۸۹	۳	۹۸	۴	۳۶	۳۸	۴۰
	اگست	۱۰	۳۵	۱۳	۵۹	۷	۲۸	۱۶	۵۹	۸	۴۲	۲	۹۴	۲	۸۹	۱۰	۲۵	۱۶	۵۵	۹۴	۷۲
	ستمبر	۴	۱۹	۲	۱۲	۲	۴۰	۴	۲۲	۲	۹	۳	۹۶	۲	۵۰	۶	۱۵	۰	۳۰	۲۴	۵۰
	اکتوبر لغایت دسمبر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	۰
سنہ ۱۸۶۵ء	فروری	۲	۶۲	۲	۱۰	۰	۹۱	۲	۱	۳	۹۳	۱	۴۰	۰	۹۹	۰	۹۶	۰	۴۰	۱۵	۱۲
	مارچ	۰	۲۵	۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳۰	۰	۰	۰	۰	۱	۳۵
	مئی	۰	۹۸	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۵	۰	۶۰	۰	۰	۰	۱۰	۰	۰	۲	۴۳
	جون	۳	۴۷	۱	۳۵	۱	۱۰	۵	۹۱	۱	۴۴	۱	۴۰	۱	۳۸	۱	۵۶	۰	۱۰	۱۴	۱۵
	جولائی	۹	۶۲	۸	۱۵	۱۳	۹۰	۱۱	۳۴	۶	۶۱	۱۱	۴۴	۹	۴۸	۶	۶۳	۱۳	۶۲	۹۰	۴۹
	اگست	۹	۹۲	۴	۷۰	۲	۳۰	۵	۶۱	۷	۵۱	۴	۹۲	۷	۹۲	۴	۴۳	۳	۸۵	۳۸	۷
	ستمبر	۰	۰	۱	۷۶	۰	۰	۰	۸۱	۰	۰	۰	۳۹	۱	۵۰	۰	۰	۰	۰	۴	۴۶
	دسمبر	۰	۳۷	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱۰	۰	۵۴	۰	۷۵	۰	۰	۱	۷۵
سنہ ۱۸۶۶ء	جنوری	۰	۳۴	۰	۰	۰	۰	۰	۹	۰	۰	۰	۱۵	۰	۲۳	۰	۵	۰	۰	۰	۸۶
	فروری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۷	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۷

اور بارش کے دو نام عوام مین زبان زد مین ایک جو ماس اوس بارش کا نام ہی کہ جو موسم برسات مین ماہ اساڑہ لغایت ماہ کنوار ہی کہ یہہ بارش بنیاد پیداوار کا ہے اور دوسرا مہاوٹ हथिया اگہن سے تا پہاگن برسے کہ یہہ زراعت کو فایدہ بخشتا ہی اور مہینون مین جو بارش ہو اوسکا کچہہ نام نہین ہے

نمبر ۱

بیان میلہ کہ اس ضلع مین ہوتی ہین اور شہور مین

میلہ سلونون واقع فرخ آباد

روز سلونون کی پائین باغ کوٹہی نواب ناصر جنگ مین میلہ ہوتا ہی اور یہہ کوٹہی باغ مین اچہی بنی ہے بہت خلقت شہر کی جمع ہوکر جہولا جہولتے ہین اور نواب رئیس وسطی سیر و تماشا کے بآرایش و جلوس سواری کے برآمد ہوتا ہی اور اس کوٹہی کو بہی خوب سجایا جاتا ہی اور حال کی نواب رئیس نے ایک چشمہ نہر خورد کا اس کوٹہی کے آگی بنایا کہ اوس سے فضا اور رونق اسکی دوبالا ہوگئی

میلہ رتہہ جاترا واقع فرخ آباد

بطرف دروازہ جسمی پنڈی کی باغ مین میلہ رتہہ جاترا کا ماہ اساڑہ مین ہوتا ہی بانی اس میلہ کی مردم خاندان شاہ بہاری لعل کے بہت آدمی وہان جمع ہوتی ہین اور اوجہا ٹہاکر کا کرتے ہین

میلہ ڈولہنڈی واقع فرخ آباد

چیت بدی پروا اور پہاگ ہولی کی سب قوم ہنود خصوصاً ساہوان و صرافان و دوکانداران رنگ باشی سے فراغت پاکر اشنان کرکے اچہی اچہی پوشاک پہن کر بمقام بازار ترپولیہ مین جمع ہوتی ہین اور آپسمین ملاقات کرتے ہین اور ایک ہجوم عظیم ہوجاتا ہے کہ بازار ترپولیہ سی تالال سرای تختہ مردمان خوش پوشاک اوجس طرف نگاہ کیجی ایک دوسرے پیسی ملتا ہی نظر آتا ہی اور دوپہر تک یہہ ہجوم رہتا ہی اور اس ہجوم کی اصل بنیاد یہہ ہی کہ اس ضلع مین رواج ہے کہ بعد ہولی کی سب ہنود اشرف قوم کا یتہہ و بنیہ و برہمن اپنی اپنی وقف کار و رشتہ داران سے ملاقات کو جاتے ہین تو ایسی شہر مین ایک آدمی کو ہر ایک کی گہر پر پہرنے سے حرج اور اوسکی عدم موجودگی مین موجب عدم سیر ملاقات تہا تو ایک جا ہی اجتماع مین سب سے ملاقات ہوکر یہہ رسم ادا ہوجاتی ہی اب شدہ شدہ یہہ ایک میلہ قایم ہوگیا اور ایسا اوجلا میلہ دوسرا اس شہر مین نہین ہوتا

میلہ روشنی روغنگران واقع بڈہ پور شہر فرخ آباد

سب روغن گر فرخ آباد سال مین ایک دفعہ بروز چیت سودی اشٹمین کو بہت تیل جمع کرکے لال سرای سی تا بڈہ پور دورویہ کنارہ سڑک کی روشنی چراغان خوب کرتے ہین ایک مخلوق اوسکی تماشائی ہوتی ہے اور یہہ تیل سب تیلی فی گہر دو آنہ آپسمین تفریق کرکے دیتی ہین آٹہ من پنجہ تخمیناً تیل صرف ہوتا ہے فقط

باب اول

میلہ ٹوکہ گہاٹ واقع دہانگرزی

اس گہاٹ پر ہر روز صدہا آدمی رہنی والے شہر کے بتقریب اشنان گنگا کی جاتی ہین اور روز پر ہبہ سنبہ و نکی کاتکی پورنماسے اور دسہرہ جیٹھ اور بارنی وسومتی اماوس اور گرہن وغیرہ میلہ عظیم ہوتا ہی فقط

میلہ اشنان گنگ واقع کنجن پور پرگنہ پہاڑہ

یہہ گانو شہر فرخ آباد سے جانب شمال بفاصلہ ایک کوس ہے برلب دریاے گنگ بروز اگہن بدی دویج بہت آدمی مردوزن شہر فرخ آباد و دیہات گرد نواح کے جمع ہوتی ہین اور دوکانہاے اہل حرفہ کی وہان موجود ہوتی ہین

میلہ بسرانت گہاٹ واقع موضع مہواپور پرگنہ پہاڑہ

یہہ گانو برلب گنگ شہر فرخ آباد سی ملا ہوا جانب گوشہ شرق و شمال ہی اسکی رقبہ مین مکانات معروف بسرانت تعمیر کئی ہوئی ساہوان فرخ آباد کی ہین اور فی زمانہ حال شاہ بہادر میل نے بہت اچہی مکانات موسوم بسرانت اوپر کنارہ گنگ کے بہت دلچسپ بناے کہ اوسمین فوارہ جابجا لگی ہوئے ہین اور ماہ بہادون بدی دسمین کو میلہ دہ کا ندون کا اور باسی مہینی مین ہر یک جمعہ کی روز اجتماع مردمان ہر قوم کا ہوتا ہی اور نواب رئیس فرخ آباد سی واسطی تماشا و سیر کے آتا ہے اور وقت شام صدہا بیڑہ بند ہوا کر اور چراغان سی روشن کرکے دریا مین چہوڑتی ہین وہ عجب سیر ہے

میلہ درگا واقع بدہ پور پرگنہ پہاڑہ

چیت بدی اشٹمن کو میلہ دیبی کا ہر سال اس گانو مین کہ مابین راہ کنپ فتحگڈہ و فرخ آباد کی ہی ہوتا ہی اور مردمان شہر و کنپ و دیہات نواح کے جمع ہوتی ہین اور سب لوگ یہہ کہتی ہین کہ اس دیبی کا استہاپن عہد پنڈوان سی ہی اور منجملہ آمدنی چڑہاوہ اس میلہ کی مالوبے بطور استمرار اور دے بہیٹ آمدنی زمینداران ہر سال مقرر ہے قوم مالی خادمان اس مندر سی لیتے ہین اور اس مندر کی پاس ایک چاہ پختہ بنایا ہوا موہن لعل منشی سرکار نواب رئیس کا ہی اوسکا پانی بہت شیرین اور اوس چاہ کی بنیاد تاریخ یہہ ہی نو چشمہ فیض چاہ موہن لعل ۱۲۴۴ ہر ہفتہ بروز دوشنبہ و چہارشنبہ ہجوم مردمان پرستش کنندہ کا ہوتا رہتا ہے فقط

میلہ گنگا اشنان واقع نوکہنڈہ

برلب گنگ کیمپ فتحگڈہ سی جانب جنوب بفاصلہ ڈیڑہ کوس کے ہے اگہن سدی نومی کو خلایق دیہات گرد نواح و دوکانہاے اہل حرفہ شہر فرخ آباد کی وہان جمع ہوتی ہین اور اشنان گنگ کا کرتی ہین

باب اول

میلہ گنگا اشنان واقع سنگی رام پور

یہہ گانو پرگنہ بہوجپور کنارہ دریاے گنگ فرخ آباد سی جانب گوشہ جنوب و مشرق بفاصلہ سات کوس ہے بروز کاتک سودی پورنماسی اور جیٹھ سدی دسمین روز دسہرہ کی ہجوم ہوتا ہی خصوصاً دکن کی طرف کی آدمی اکثر آتی مین اور زیادہ تر دکہنیون کی اعتقاد کا باعث یہہ ہی کہ رام کشن داس فقیر برہمچاری اس کنارہ گنگ پر رہتا تہا اور امرایان مرہٹہ کے اون سے معتقد تہی اور مہاراج عالیجاہ دولت راو سیندہیہ والی گوالیار معکس رامپور مین آیا اور اس رام کشن داس کا چیلہ ہوا اوسوقت سنگی رام پور جاگیر مین رام کشن داس کو دیا اور بالعوض اوسکی دو گانون اپنی عملداری کی ضلع آگرہ مین سرکار کو دئی اور قانون ودم سنہ ۱۸۱۹ء کے تحقیقات مین بموجب روبکار محکمہ کمشنری مورخہ ۲۱ اکتوبر سنہ ۱۸۳۵ عیسوی کے جانشینان رام کشن داس کو یہہ گانو اس شرط پر معاف ہوا کہ جب تک سدابرت جاری رکہین اور خرچ جسطرح کا رام کشن داس کرتے تہے وہ کرین تب تک محاصل اس گانو کا تصرف مین لاوین اور جب برخلاف اسکی ہو تب تو کل جنث کو اختیار ضبطی کا ہی دیگر دفعہ آے مریدین برہمچاری موصوفہ کو اختیار ہوگا کہ منجملہ فقرا چیلہ ہای رام کشن داس مذکور کی جو کوئی متقی و پرہیزگار ہو اوسکو جانشین کرینگی اور بعد رام کشن داس کی شیوارام اور اوسکی بعد کورہ بن چیلہ اوسکا قابض ہوا کہ نام کوردین کا ۲۱ دسمبر سنہ ۱۸۴۴ء داخل سررشتہ سرکاری ہوا اور تخمیناً سات سو گہر برہمنان کے ہین اور ایک مندر سنگہی رکہہ کا مشہور ہے کہتی ہین کہ سنکلیہ مکہہ زمان سلف مین درویش کامل تہا اور اوسکی سر پر سنگ تہی اوسکا سینگ یہان گرا تہا اسواسطی آباد کیو سنگہی رام پور کہتی ہین

میلہ شیخو پورہ پرگنہ بہوجپور

فرخ آباد سی جانب جنوب پانچ کوس پر متصل قصبہ بہوجپور یہہ موضع ہے سترہ دین اٹہارہوین تاریخ ماہ جمادی الثانی کو ہر سال میلہ درگاہ شاہ محمود براق کا ہوتا ہی اور یہہ موضع پہلی واسطی مصارف درگاہ کی معاف تہا اب ضبط ہوگیا اور اس میلی کی بنیاد کی روایت یہہ ہی کہ ایک جبہ یعنی پورانا کپڑا خادمان درگاہ کے پاس ہے اہل اسلام اوس کپڑی کو ملبوس محمد اپنی پیغمبر کا اور رسیدگی اوسکی شاہ براق کو ظاہر کرتے ہین اور اسی جبہ کی زیارت کی واسطی یہہ میلہ واژدہام ہوتا ہی اور نواب رئیس فرخ آباد بہی اس میلہ مین جاتا ہی اور اس جبہ کی تاثیر یہہ ہی کہ وقت ہجوم میلہ کی خادم درگاہ کہ جو کوئی سجادہ نشین ہو وہ پہنتا ہی اور اوسکی پہنتی ہی اوسکو ایک عالم بیخودیکا ہوتا ہی اور کف مونہہ سے آتا ہے

میلہ سیر مئو پرگنہ ترواشمولہ تحصیلداری پرگنہ قنوج

یہہ گانو زمینداری راجہ جگت سنگہ ترواہ الہکا ہی اوسمین دو مندر ایک سیتا کا قدیم سے اور دوسرا درگا کا مندر بنا ہوا

راجہ ہولاناتھہ کا تھہ ستان قصبہ جلال آباد پرگنہ بالگرام کا ہے چیت بدی اشٹمین اور اساڑہ سدی پورنماشی کو اژدہام مردمان دیہات نواح کا بہت ہوتا ہے اور برہمن وہانکے پنڈی میں پانچسو روپیہ تخمیناً آمدنی پیدا وہ میلہ کی ہوتی اور ہر ہفتہ جمعہ و دوشنبہ و چہارشنبہ کو مردمان جمع ہوتی ہین وہ دو چار روپیہ کی قدر چڑہاوا ہو جاتا ہے فقط

میلہ موضع دوبا پرگنہ سکراوہ

یہہ گانو کثیر الرقبہ جاگیرسیان نواب خردمند خان کا ایروی پرگنہ سکت پور کی ایک کوس کے فاصلہ پر جانب غرب ہے اوسمین ایک مندر خام اور اوسمین ایک مورت سنگین درباسا رکہہ کی استادہ ہی اور اس مندر کی پاس ایک بڑا تالاب ہے اور مورت سیو کی ہمنی دیکہی ہر ایک آدمی یہہ کہتا ہے کہ اکثر امتحان ہوا جہان کہین زمین مین خواہ تالاب مین کہودا شیونگ کی مورت نکلتی ہے اور مشہور ہے کہ درباسا رکہہ نی اسی مقام پر بہت تپسیا و ریاضت کی تہے اور یہہ درباسا رکہہ عہد جدہشتر وارجن وغیرہ پنڈوان مین تہا کہ اوسکو پانچہزار برس ہوا اور وجہہ تسمیہ اوسکا نون کی اوسی درباسا رکہہ کی نام سے ہے کہ اوسمین قوم برہمن دوبا تہا ماہ اگہن مین کئی روز برابر ہجوم مردمان نواح بکثرت ہوتا ہے چڑہاوا اس مندر کا یہہ ہی کہ دانہا کپل شالی کی جو ایک ہاکلی مین ایک تاسہ اور دو تین گہانس سبز کے رکہہ کر چڑہاتی ہین اگر اہل تجارت مثل جہان آباد و کانپور و مین پوری و اٹاوہ وغیرہ سے آتی ہین اور خرید فروخت ہر قسم کی چیز کے ہوتی ہے اور نواب جاگیردار کی طرف سے آمدنی میلہ کا ٹہیکہ اکثر مالع جمع پر ہوتا ہے وہ ٹہیکہ دار ہر ایک دوکاندار و بیوپاری سے بطور کرایہ کچہہ لیا کرتا ہے فقط

میلہ واقع چہپرامو خاص

دیبی کا لنگا ایک مندر بعمارت پختہ ہے اور دو دفعہ میلہ ہوتا ہے ایک چیت بدی اشٹمین اور دوسرا اساڑہ سدی پورنماشی مین نواح کے ہندو آدمیون کا تہوڑا ہجوم ہو جاتا ہے اور پوجا ہوتی ہے پوری شیرینی وغیرہ چڑہاتے ہین

میلہ کوروہنی پرگنہ قنوج

چیت و کنوار کی نینی مین سودہی پڑوا لغایت اشٹمین کے مابین مین جو روز سہ شنبہ پڑہی اس دیبی کے مندر کے پاس ایک تالاب معروف ابجہرا کا ہے اور اس تالاب کو راجہ بین کا بنایا کہتی ہین اور چڑہاوا اوسکا یہہ ہی کہ ماہ کنوار مین نئی مرکب آرد چاول اور شیرینی در روغن طلا کر اور ماہ چیت مین قند سیاہ و گندم بریان کی لڈو چڑہاتی ہین مطلب یہہ ہی کہ نیا گندم و نیا برنج اس مندر مین چڑہاکر جب وہان کی خلقت اپنی صرف مین لاتی ہے

میلہ چندن پیر واقع قنوج

درگاہ اس پیر کے اسمعیل پور نورالدین کے رقبہ مین ہے ۔ ایکر زمین گانو معافی اس درگاہ کی واسطی معاف ہی اسکا میلہ ماہ بیساکہ کے اوجالہ پکہہ مین جو روز دوشنبہ پڑے ہوتا ہے بہت خلایق قریب چارہزار آدمی ہند و مسلمان جمع ہوتی ہین اور غلاف پارچہ کا اور شیرینی ریوڑی چڑہاتے ہین اور اس گانو کے زمیندار خادم درگاہ کے ہین وہ چڑہاوا لیتی ہین اور جسقدر مخلوق بہڑائچ کو واسطی زیارت مسعود غازی کے جاتے ہے اپنی چہڑیان اس روضہ چندن شہید پر بہی رکہہ کر لیجاتے ہین اور یہہ درگاہ یعنے روضہ چندن شہید کا سنہ ۹۳۶ ہجری مین بعہد بابر بادشاہ کے بنا تہا اور یہہ وہ مقام ہے کہ شاستر مین بنام چندن لکہا ہے فقط

موضع عماد پور تہری

دیبی براہی کا مکان ہے متی اساوڈہ بدی چودس کو ہجوم وہان ہوتا ہے

نٹوارہ پرگنہ شمس آباد

مہادیو کا میلہ متی تیرس و چودس بدی ماہ پہاگن بروز شیوبرت اور اس ہردو تاریخ کو ماہ چیت مین ہوتا ہے اور بہت ہجوم رہتا ہے واسطی رفع دنگہ و فساد و حفاظت میلہ کے برقنداز منجانب سرکار متعین ہوتے ہین اور اس موضع مین متصل مہادیو کے مندر کے شیو دیال زمیندار قوم کایتہ قانونگوئی اس پرگنہ کی ایک مندر کالی دیبی کا اور ایک شوالہ بنایا ہی فقط

موضع پوٹہری پرگنہ شمس آباد حضور تحصیل

مہادیو کا مندر ہے میلہ اوسکا بشرح میلہ مندر مہادیو موضع نٹوارہ مرقومہ بالا کے ہوتا ہے اور اوسمین ہجوم مردمان بہت جمع ہوتا ہے فقط

حال بازار و پیٹہہ کہ جسقدر ضلع فرخ آباد مین ہوتی ہین نمبر ۱۱

اس ضلع مین جسقدر بازار و پیٹہہ ہوتی ہین اونکی فہرست پرگنہ و موضع وار بتصریح روز ہجوم بازار ذیل مین ہے اور تفصیل نام شہر و قصبہ کلان کہ جسکے بازار مین ہر روز ہجوم و فروخت ہمیشہ یکسان رہتا ہے اور خاص یوم بازار معین نہین وہ اس فہرست سے باہر رہا ہے

نمبر	نام پرگنہ	نام موضع	یوم بازار ہفتہ	نمبر	نام پرگنہ	نام موضع	یوم بازار ہفتہ
۱	شمس آباد تحصیلدار	قلعہ مئو	جمعہ یکشنبہ	۲۲	سورکہہ پور	ٹنگلو	یکشنبہ چہارشنبہ
۲	اعظم نگر	سرائے آغاگیت	چہارشنبہ یکشنبہ	۲۳	ایضاً	ہاری میو	جمعہ دوشنبہ
۳	حضور تحصیل	نیم کروری	جمعہ یکشنبہ	۲۴	تالگرام	تالگرام خاص	جمعہ دوشنبہ
۴	ایضاً	بہار خاص	سہ شنبہ	۲۵	ایضاً	تیرا جاکٹ	چہارشنبہ یکشنبہ
۵	قایم گنج	قایم گنج خاص	شنبہ سہ شنبہ	۲۶	ایضاً	سمدن	چہارشنبہ یکشنبہ
۶	شمس آباد حضور تحصیل	مہوئی	شنبہ سہ شنبہ	۲۷	قنوج	جلال آباد	سہ شنبہ وجمعہ
۷	ایضاً	جونتھا	پنجشنبہ دوشنبہ	۲۸	تالگرام	سلیم پور کوری	شنبہ سہ شنبہ
۸	شمس آباد تحصیلدار	روشن آباد	دوشنبہ جمعہ	۲۹	ایضاً	رسول آباد	یکشنبہ چہارشنبہ
۹	حضور تحصیل	عیسی پور	پنجشنبہ چہارشنبہ	۳۰	سکت پور	ہیرن	شنبہ چہارشنبہ
۱۰	بھوجپور	کمال گنج	جمعہ سہ شنبہ	۳۱	ایضاً	کہڈنے	پنجشنبہ یکشنبہ
۱۱	محمد آباد	قصبہ محمد آباد	پنجشنبہ یکشنبہ	۳۲	ایضاً	ایروا	سہ شنبہ جمعہ
۱۲	امرتپور	امرتپور	پنجشنبہ یکشنبہ	۳۳	ایضاً	بردٹہ کلان	چہارشنبہ پنجشنبہ
۱۳	ایضاً	الیہ گنج	جمعہ دوشنبہ	۳۴	ٹہٹیا تروا	تروا خاص	دوشنبہ پنجشنبہ
۱۴	چھبرامئو	چھبرامئو خاص متصل کوپر	دوشنبہ پنجشنبہ	۳۵	ایضاً	ٹہٹیا	جمعہ دوشنبہ
۱۵	ایضاً	محمود گنج	سہ شنبہ شنبہ	۳۶	ایضاً	خیر نگر	چہارشنبہ یکشنبہ
۱۶	ایضاً	حیدرپور	پنجشنبہ دوشنبہ	۳۷	قنوج	قنوج متصل سرائے میر زیر قلعہ	پنجشنبہ یکشنبہ
۱۷	ایضاً	تہتن	دوشنبہ جمعہ	۳۸	ایضاً	اسمعیل پور کن	یکشنبہ پنجشنبہ
۱۸	ایضاً	کساوہ	پنجشنبہ یکشنبہ	۳۹	ایضاً	جلال پور پنجاں قلعہ باغ جہاں گنج متصل چاہ	چہارشنبہ سہ شنبہ
۱۹	ایضاً	پوئے	پنجشنبہ	۴۰	ایضاً	بیبت پور	پنجشنبہ دوشنبہ
۲۰	سورکھہ	سورکھہ خاص	سہ شنبہ پنجشنبہ	۴۱	ایضاً	کسم کہور	پنجشنبہ دوشنبہ
۲۱	ایضاً	اندرگڈہ ڈاکع اودم پور	پنجشنبہ یکشنبہ	۴۲	ایضاً	گوگرا پور	سہ شنبہ چہارشنبہ

نمبر	نام پرگنہ	نام موضع	یوم بازار و پیٹھہ	نمبر	نام پرگنہ	نام موضع	یوم بازار و پیٹھہ
۴۳	ایضاً	حسو اپور سرسان	شنبہ چہارشنبہ	۴۸	بشہابلے	دونڈوارہ	پنجشنبہ دوشنبہ
۴۴	ایضاً	دیدا گنج متصل چہپی قنوج	جمعہ سہ شنبہ	۴۹	برن	دہومری	یکشنبہ چہارشنبہ
۴۵	ایضاً	داعی پور	یکشنبہ پنجشنبہ	۵۰	اعظم نگر	علی گنج خاص	پنجشنبہ شنبہ دوشنبہ
۴۶	ایضاً	میان گنج	شنبہ چہارشنبہ	۵۱	ایضاً	رام پور	یکشنبہ چارشنبہ
۴۷	ایضاً	علاؤالدین پور بازار شمشیر گنج	چہارشنبہ دوشنبہ	۵۲	چہبرامو	اکبر پور	یکشنبہ و پنجشنبہ

نمبر ۱۲

ستی ہونیکا حال

مشہور ہے کہ ہندوستان مین پہلی یہہ دستور تہا کہ عورتین اقوام ہنود بعد مرنے شوہر اپنے کے نعش مردہ کی ساتہہ آتش مین جلکر ستے ہوتی تہے اور سب لوگون کے اعتقاد مین یہہ بات تہے کہ عورت اپنے ارادہ سے ستے نہین ہوتی بلکہ ایسی اراد کا انا طبیعت مین تائیدات غیبی سے سمجہتے تہے بدین خیال کہ ہریک عورت ستی نہین ہوتی تہے شاذ و نادر ہوتی تہے اور مشہور عوام یہہ تہا کہ اس عورت کو ست منجانب اللہ ہوا ہے اور ست ایک کرشمہ سمجہا جاتا تہا اور بحالت ہونی ست کے مخلوق اوس عورت کے بددعا سے ڈرتے تہے اور بالیقین تصور کرتے تہے کہ اسوقت جو اسکی زبان سے نکلیگا وہ ہوگا بلکہ اسی لحاظ سے ستی ہونی مزاحم اور مانع نہین ہوتے تہے اور اس مقدمہ مین بسبب پنڈتون کے ازروے شاستر یہہ ہین اور یہہ بسبب ازروے شاستر کے ام گرنتہہ اور قول منشر دن اور منون کی ہے برہمن و چہتری و بیش و سودر چار قوم کی عورت کو اختیار ستی ہونیکا اپنی خاوند کے لاش کے ساتہہ ہے مگر وہ عورت کہ جسکو لڑکا چہوٹی عمر کا اور حاملہ اور حیض سے ہو اور جو عورت کہ لڑکا صغیر سن رکہتی ہو در صورتیکہ اوس لڑکی کی پرورش کسی اور سے ہو سکتی ہو تو وہ مختار ستی ہونیکی ہے اور با اصلی ارادہ عورت کا ستے ہونیکا نہین ہے مگر کسینے اوسکو کچہہ کہلا کر بے ہوش کیا ہو موافق شاستر اور رواج ملک کے اوسکا ستے کرنا جایز نہین ہے اور جو عورت ساتہہ لاش اپنے خاوند کے ستی ہو باندازہ بال جسم کے کہ ساڑہی تین کروڑ متصور ہین اسی قدر برس تک اپنی خاوند کے ساتہہ سُرگ مین رہے اور اگر خاوند ستنے کا اپنے اعمال سے دوزخ مین ہو تو ستے اوسکو اسطرح دوزخ سے نکالے جیسے سانپ والا سانپ کو بانبی سے بزور انیچتا ہے فقط اور طریق ستے ہونیکا یہہ تہا کہ جب ایک عورت کو ست ہوتا اوسکو سب پوشاک برنگ سرخ اور سنگہار جیسا شادی مین عورت کو ہوتا ہے پہنایا جاتا اور جسوقت سے حالت ست کی ہوتی اوسوقت سی کوئی حوایج ضروری جو انسان کو لابد ہین اوس عورتکو واقع نہین ہوتی اور شہرت ستی ہونیکی بہت جلد گرد نواح مین ہو جاتی اور جسوقت نعش اوسکی خاوند کی جلنے کو چلتی تہے وہ عورت شادان اور فرحان ناریل کو ہاتہہ مین اوچہالتی ہوئی اور ہجوم ہزارہا آدمی کا ساتہہ ہوتا تہا اور جس جگہ

جہان نا شخص متوفی کا تجویز ہوتا وہان زیادہ تر ہیزم سوختنی اور روغن زرد اور روئی اور کپاس مہیا اور موجود کردے جاتی اور وہ عورت مع نعش اپنے شوہر کے لکڑیون مین زندہ بیٹہہ جاتی اور اوسکی اور شخص متوفی کے اقربای گرداگرد اوس نعش اور عورت کے لکڑی سوختنی قرار واقعی چن دیتے اور روئی اور روغن زرد اوپر ڈالتے تا کہ آتش زیادہ تر مشتعل ہو جاوے اور زندہ عورت نعش کے ساتہہ جل جاتی اور چند پشت تک آدمی اوس خاندان کے اوس ستی کی پوجا کیا کرتے اور مانتی رہتے یہہ رسم ہندوستان نا شکنہ اعو جاری رہا در بموجب آئین ہفدہم ۱۸۲۹ع بحکم گورنمنٹ انگریزی تاریخ ۴ دسمبر ۱۸۲۹ع اسی اس ضلع مین یہہ رسم موقوف ہوئی اور جسقدر ستے عملداری انگریزی مین اس ضلع مین ہوے اور دفتر سرکار سے نشان ملا تفصیل اوسکی ذیل مین ہے

۱۷ اگست ۱۸۱۸ عیسوی — ایک برہمنی بعمر ۶۰ برس کے سنگہی رام پور مین ستے ہوئی

۹ اکتوبر ۱۸۱۹ عیسوی — ایک برہمنی بعمر ۵۰ برس کے مقام مذکور ہالا مین ستی ہوئی

۲۰ جنوری ۱۸۱۹ عیسوی — ایک برہمنی کہ اوسکی شادی بصغر عمر ہوئی تہے اور شوہر اوسکا بعد رسم گونہ کے مرگیا بعد گذرنے عرصہ دس برس کے عورت شخص متوفی نی ارادہ ستی ہونیکا کیا اور ایک سارنگی کو کہ شوہر اوسکا بجاتا تہا اوسے عزیز رکہتا تہا لیکر ستی ہوے

۹ اکتوبر ۱۸۲۱ عیسوی — ایک برہمنی بعمر ۵۰ برس کے علاقہ تہانہ نانگرام مین ستی ہوئی

۱۷ جون ۱۸۲۲ عیسوی — ایک مہاجنی علاقہ تہانہ چہبرامئو مین بعمر ۳۰ برس کے ستی ہوئی

۱۷ اگست ۱۸۲۶ عیسوی — ایک راجپوتنی بعمر ۲۵ برس کے علاقہ تہانہ چہبرامئو مین ستی ہوئی

۱۰ دسمبر ۱۸۲۸ عیسوی — مسماۃ میدا ساکن بہوجپور مسمی چہوٹی لعل قوم برہمن کے مرنے پر بعمر ساٹہہ برس ستی ہوئی اور تہانہ دار نے اوسکو لاولد و بیوہ سمجہہ کر مخالفت نہ کی اور گلاب بیگ تہانہ دار معطل ہو گیا

اور بعد اجرای قانون مسبوق الذکر اور انسداد اس رسم کے منجانب سرکار تین ستی اور ہوے اوسکا حال ذیل مین ہے

۲۴ مارچ ۱۸۳۳ عیسوی — مسماۃ گنگو زوجہ پیما زرگر ساکن فرخ آباد بعمر ۵۲ برس کے بمجمع دس ہزار آدمی کے ستے ہوئی مسمی بہاجی حجام بجرم اعانت اوسکی دو سال مقید جیلخانہ ہوا اور عملہ پولس پر بہی تدارک ہوا

۲۲ اکتوبر ۱۸۳۳ — برہمنی خدا گنج مین مسمی رام غلام برہمن اپنے شوہر کے مرنے پر ستی ہوئی اور لوگون نے پولس کو دہوکا دیا یعنی ایک دروازہ پر پولس کو رکہا اور دوسرے دروازہ سے نعش وغیرہ کو لیگئے اور پولس کو اطلاع نہ ہوئی مسمیان مالکین و مرلی و بہکہن تین آدمی آدمی قوم برہمن بجرم اعانت سپرد دورہ ہوئے لیکن بسبب عدم ثبوت کے رہائی پائی

۲۸ جولائی ۱۸۳۸ عیسوی — سنگین رام پور مین بشن ناتہہ برہمن کے مرنے پر اوسکی زوجہ نے ارادہ ستی کا کیا مگر تہانہ دار نے باز رکہا اوسکو

۳۰ اپریل سنہ ۱۸۲۹ء — سماۃ بیوہیا زوجہ اریق سنگہ قوم راجپوت ساکن پورہ دہ بہدوریا مزرعہ ملبند پور تہانہ تالگرام بہ مجمع صدہا آدمی باوجود امتناع پولس ستی ہو ئیسمیان گباہی رام ولبساون بجرم اعانت واسطے پانچ پانچ برس کے بامشقت وجولانہ ۰۰ جون سنہ ۱۸۲۹ عیسوی کو مقید ہوے اور اوس سماۃ نی اپنے ہاتہہ سے آتش لگائی

کیم اپریل سنہ ۱۸۴۸ عیسوی — گنیش برہمن ساکن تالگرام کی مرنی پر سماۃ کر یگی اوسکی زوجہ نے بعمر ۰۰ برس ستی ہونا چاہا بلکہ انبارلکڑیون پر بیٹہہ گئی تہی اور سرنعش شوہر اپنے کا اپنے زانو پر لے لیا تہا عملہ پولس مانع ہوا اور ۰۰ اپریل کو اوس سماۃ نی اپنی اظہار مین لکہا یاکہ اوسوقت بسبب غم و الم شوہر کے مجہہ پر ستی غالب تہا اور اب ستی ہونا نہین چاہتے ہون

اور اب یہہ رسم اسقدر مسدود ہوگئی کہ کوئی جانتا نہین ہے فقط

نمبر ۱۲ بیان مدرسہ و مکتب کا

جو کہ اس زمانہ مین جناب فیضمآب انریبل مسٹر طامسن صاحب بہادر اس احاطہ آگرہ کی لفٹنٹ گورنر ہین اور اونکو بنظر فاید تمام کے منظور ہے کہ اپنی تحت حکومت کی رعایا کو علم سے بہرہ یاب فرماوین اور دیہات مین دیسی اسکول سے ہر ایک خاص و عام کو فایدہ پونہچاوین چنانچہ حسب الحکم جناب ممدوح مورخہ ۰۰ جون سنہ ۱۸۴۸ عیسوی نمبری ۲۰۴ تحقیقات مدرسہ و مکتب واقع اس ضلع کی جواب تک موجود ہین معرفت تحصیلداران کے بہت احتیاط کی ساتہہ باہتمام پنڈت نراین داس تحصیلدار پٹیالی کہ وہ پہلے مدرس اسکول انگریزی کنپ فتحگڈہ کی تہے اور انگریزی علم مین ہندوستان مین معزز ہین یہہ کام انجام پایا اور اوس رو سے اس ضلع مین مکتب اور مدرسہ ہر یک پرگنہ مین حسب ذیل دریافت ہوئی اور اگرچہ اس ضلع مین قوم راجپوت کی کثرت ہی مگر اس قوم کے لڑکے پڑہنے مین کم مصروف ہوتے ہین اکثر کام نوکری اور کہیتی کا کرتے ہین اور اس ضلع مین تحصیل علم بیشتر فارسی و ہندی و سنسکرت و کمتر عربی و انگریزی کی ہے اور بنگالی علم کے تحصیل مطلق نہین ہے فقط

اُردو اسکول جو پادری صاحبان امریکہ کی طرف سے شہر فرخ آباد مین اور مقام رکہا مین مقرر ہین اونکا حال مفصل اور بنیاد مدرسہ کی بیچ کنپ فتحگڈہ کے حالات مین لکہا ہے اسو اسطی اوسکی تصریح مکرر یہان لکہنا ضرور نہین سمجہا فقط

قسم مدرسہ و مکتب	شہر فرخ آباد	علاقہ تحصیل جفغور	امرت پور	عظیم نگر	تالگرام	ساڈھبرا	چھبرامئو	ابروی سکیچپور	تحصیل شمس آباد	قنوج	اسکراوہ جاگیر	کل	کیفیت
عربی	·	·	·	[illegible]	[illegible]	·	·	·	یک	[illegible]	·	[illegible]	ایک اسکول مین فارسی عربی حکمت اور آٹھ اسکول مین عربی و فارسی
فارسی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ایک اسکول مین فارسی ہندی اور ایک مین فارسی و علم سیاق و ایک مین فقط سیاق و سات مین کلام اللہ اور باقی اسکولون مین فارسی
ہندی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	حساب مہاجنی و پٹواری کا علم کے پڑھا جاتا ہے اور بعض بعض لڑکے سنسکرت و علم جوتش کا پڑھتے
سنسکرت	یک	·	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	یک	[illegible]	[illegible]	[illegible]	·	[illegible]	منجملہ اسکولون کے [illegible] قصبہ قنوج مین اور باقی سب پرگنات مین ہین
انگریزی	یک	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	[illegible]	یہ اسکول پادریان امریکا کی طرف سے ہے پانچ مدرس ہین مین انگریزی فارسی اردو ہندی سنسکرت اور ترجمہ کتب علیا مذہب کا اکثر پڑھایا جاتا ہے اور کتب رواجی اردو کی پڑھائی جاتی ہین
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

اور اس [illegible] اسکول مین سارے مدرس قوم حسب تفصیل ذیل ہین

نام ذات	شیخ	سید	مغل	پٹھان	جولاہا	برہمن	کائیتھ	نا و پانڈے	ٹھاکر	ہندو عیسائی
تعداد مدرس	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اور کل ضلع مین اقوام مفصلہ ذیل کی لڑکے حصول علم مین مصروف ہین

قسم مدرسہ	مسلمان	برہمن	راجپوت	کایتھہ	بنیا	غیر قوم	کل تعداد لڑکونکی
عربی و فارسی	۵	۱	×	۳۶	۱	۲	۹۶
فارسی	۲۹۳	۳۰	۱۰	۵۹۲	۳۲	۵۳	۱۱۱۵
ہندی	۳۵	۳۹۲	۱۴۲	۵۶	۳۰۳	۲۲۵	۱۵۳۰
سنسکرت	۰	[illegible]	۰	[illegible]	۱	۰	۱۹۳
انگریزی	۱۳	۴۲	۲	۲۹	۹	۱۱	۱۰۴
میزان	۵۰۰	۲۶۳	۱۶۱	۷۱۳	۳۳۶	۴۸۵	۲۸۹۴

تفصیل لڑکون غیر قوم کی یہہ ہے

سبرادکے ۱۲	کہترے ۴۴	کورمی ۴۹	مہاجن ۵۹	کسان ۲۴	سادہ ۵۰	کاچھے ۹	حجام ۸
سونار ۲۴	برسونیا ۱۳	نیلے ۹	لوہار ۳	مالے ۱۱	چھیپی ۲	تنبولے ۲۱	بیراگے ۱
بہڈری ۱	صراف ۲	کورمی ۶۵	بہاٹ ۱۰	کمہار ۲	امیر ۱۱	حلوائی [illegible]	خیاط ۲
لودی ۳	بہورجی [illegible]	جہبیڑہ ۲	کلوار ۲۱	جوسی ۶	گوشائین ۱	فقیر ۲	کہار ۳
خرادی ۲	گدڑیہ ۲	ملاح ۲	چمار ۲	موچی ۲	ٹڑہی یعنی رنگریز ۱	۲	۲

اونعلمونکی معاش بطور مشاہرہ ہرایک اطفال سے ہے مگر جسکی درواز ہ پڑہاتا ہی اوس سے زیادہ پاتا ہے اور اگر یافتگی مشاہرہ و جمعاگی و عیدی حق کتاب شروع کروائی اور شادی مین بابت غزلخوانی کے حسب مقدور اہل شادی کے محاصل ہوتا ہے اور جائیس مدرس لڑکون کو مفت پڑہاتے ہین اور اونمین سے تین معلم تنخواہ سرکار سے نواب رئیس فرخ آباد کے اور ایک معلم مولوی عبدالباسط کی وارث کو زمین ۹ ایکر جمعی ۱۱ روپیہ خاص قنوج مین اور ایک پنڈت مکہن لعل کو موضع اشنی پرگنہ قنوج مین ایک مزرعہ ۳ ایکر زمین جمعی ۲ روپیہ کا بموجب حکم گورمنٹ مورخہ ۲۷ جنوری ۱۸۲۲ع نمبر ۱۵۳ منجانب

سرکار انگریزی کے واسطے دوام کے معاف ہے اور ایک معلم ایسا ہی کہ جسکو طالب علم صرف خوراک دیتے ہیں اور باقی
معلم مفت پڑھاتے ہیں اپنا گذارہ بطور خود کرتے ہیں اور جو معلم ایسے ہیں کہ اونکا کچھ مشاہرہ نہیں ہر روز اندر دوادسی ماہ
بہادوں کے طلباسے علم کچھ حسب مقدور اپنے دیتے ہیں اور باقی بارہ معلم مشاہرہ دار ہیں ایک معلم اونمیں سے راجہ جگت سنگہ
ترواڑی سے تنخواہ پاتا ہے اور سب تنخواہ معلمان مشاہرہ دار کی سوائے خوراک وغیرہ لالہ جی حساب میں آئے کہ فی معلم معہ
تنخواہ ماہوار ہوتا ہے اور اکثر دستور ہے کہ معلم قوم مسلمان طعام پختہ اہل مکتب کی گھر سے کہاتے ہیں اور معلم قوم ہنود طالب
علموں سے سیدہا یعنی آٹا دال بقدر خوراک ایک روز طریق مقرری پاتے ہیں یعنی کسی لڑکی سے پندرہ روز اور کسی سے ایک مہینے
میں ملتا ہے اور سات معلم کہ صاحبان پادری امریکا کی نوکر ہیں ایکسو تیس روپیہ درماہہ کی بابت درماہہ اونکو حاصل ہوتا ہے اور گنتی
بمرت پور سکت پور میں ہندی و فارسی علم کے خواہش کم خواہش ہے اور ہر ایک جگہ لوگوں میں رواجی کتب ہر ایک قسم کی پڑہائی جاتی
ہیں اور شہر فرخ آباد میں جو مدرسہ امریکہ کی پادریان سے ہے بنیاد اس مدرسہ کی شروع ستمبر ۱۸۴۹ء میں ولسن صاحب و مکالی
صاحب پادریان سے باعانت مسٹر رابس صاحب کلکٹر بہادر کی ہوئے مگر بسبب نہ ہونی ماسٹر یعنی استاد انگریزی کی مدرسہ رونق
پذیر نہوا سنہ ۱۸۵۰ء میں بابو کالا چند دت کہ عیسائے مذہب ہیں ماسٹر مقرر ہوئے اور اوسکی مدرسہ نے رونق پائی یعنی بروقت آنے بابو
صاحب کی دس لڑکا طالبعلم تھے اور اب سنہ ۱۸۵۲ طالبعلم انگریزی و فارسی و اردو و سنسکرت کی ہیں اور سوائے ماسٹر انگریزی
کے ایک مولوی و تین پنڈت اور چار پانچ مدد واسطے امداد ماسٹر انگریزی ملازم ہیں سنہ ۱۸۴۴ء میں صاحب مدرسہ باختیار کل پادری
رنکین صاحب کا تہا اوسوقت تجویز ہوا کہ تمام نوکر اس مدرسہ کی اتوار کی دن گرجا میں حاضر ہو کر خدا کی کلام کتاب عیسائے مذہب کو
شنیں بسبب اسکے مولوی اور پنڈت نے تکرار کرکے استعفا گذرانا اسلئے تمام لڑکا بہاک کر چلے نکلے صرف چار لڑکا باقی رہی پادری کولی
صاحب و رنکین صاحب نے بہت کوشش سے اسکول قایم رکہا تہوڑے عرصہ میں پہر مدرسہ رونق پکڑ گیا نومبر ۱۸۴۵ء میں شہر
فرخ آباد کی رنکین صاحب نے نیا مدرسہ تیار کر کے واسطے آگرہ کو گئی اور مدرسہ سپرد مکالی صاحب کی ہوا صاحب موصوف بہی
بمقدر طلباء علم کے تعلیم میں کوشش کرتے ہیں کہ ایک دن بہی بلا ضرورت اپنا آنا مدرسہ کا ناغہ نہیں کرتے بلکہ اکثر طلباء کی تنخواہ بہی
مقرر کر دی کہ وہ معاش سے بیفکر رہیں اور یہہ مدرسہ شہر فرخ آباد کے اندر ہی دائے ساہوکار کی حویلی عمارت کلان میں مقرر ہے
اور پادری مکالی صاحب بہت خلیق ہیں کہ جو کوئی واسطے تحصیل علم انگریزی کے جاوے کوتاہی نہیں کرتے ہیں فقط

نمبر۱۱

شفاخانہ

اس ضلع مین ایک شفاخانہ خاص فرخ آباد مین ہے کہ اب منجانب سرکار انگریزی واسطی فیض عام کے مقرر کیا اور ایک مکان متصل کوتوالی چبوترہ کے کوٹھی نما بنایا گیا سرکار انگریزی کی طرف سی امداد اوسکی تعمیر مین اور باقی روپیہ صاحبان انگریز اور ہندوستانیون ساکنین شہر مذکور سے صرف ہوا ایک ڈاکٹر ہندوستانی بتنخواہ ماہواری سو روپیہ کا کہ وہ ڈاکٹری علم سی واقف ہے معہ عملہ وہان علیحدہ مقرر ہے اور خرچ مفصلہ ذیل ہے

ڈاکٹر ہندوستانی	اوس نیام ڈاکٹر صاحب
۱۰۰	

امیدوار جو کام سیکھتے ہین دو نفر	دوائی کا بنانے والا	کہار ہندو یک نفر	مہتر یعنے خاکروب یک نفر
۸	۸	۴	[illegible]

اور ادویات انگریزی باہتمام ڈاکٹر صاحب کی اور قیمت ادویات ہندوستانیکی منجانب سرکار دی جاتی ہے اور ہر خاص عام کو ادویات اوس سے مل سکتی ہین اور اس کام مین قریب ۱۲۰ روپیہ ماہوار سرکاری خرچ پڑتا ہے چنانچہ سالگذشتہ مرکز فی سنہ ۱۸۶۴ع لغایت اپریل سنہ ۱۸۶۵ع ۱۴۴۰ روپیہ خرچ پڑا اور نواب رئیس فرخ آباد کی سرکار سی موروثی حکیم امداد حسین صاحب داماد علی ہندوستانی طبیب ہین اور اونکی معاش کو موضع چونس پور لکہمی پور وبجادہر پور دانپور عرف شہوادہر دوپور چہل دکرت پور پرگنہ بہوجپور شہر رہا خدمت طبابت سرکار رئیس کے بموجب چٹہی سکرٹری گورمنٹ مورخہ ۱۲ مئی سنہ ۱۸۶۷ء کے بجواب چٹہی صاحب کمشنر مورخہ ۱۸ اپریل سنہ ۱۸۶۷ بنام وارثان حکیم فرزند علیخان معاف ہے اور امداد حسین خان اب قابض وبہیہ معافی مین اونسی بہی شہر کے ساکنین کو فیض ہے مگر منجملہ اونکی امراء ملی غریب غربا کا معالجہ بدل اور پیروے سے کرتا ہی اور کیمپ فتحگڈہ مین انگریزی ڈاکٹر مین ہندوستانیون سی جو کوئی رجوع کرے وہ ادویات دینے مین کوتاہی نہین کرتے ہین اور حکیم اصغر حسین صاحب خلف منشی غلام غلام غوث وکیل سرکار سے خلایق کو بہت فایدہ ہی کہ وہ صبح سے دوپہر تک مطب اور بیمارونکا علاج مفت کرتی ہین اور اکثر ادویہ اپنی پاس سے دیتی ہین اور یہہ حکیم صاحب ہر علوم مین دستگاہ کامل رکہتی ہین چنانچہ درس کتب علمی بہت طالب علمونکو اونسی فایدہ ہی اور منشی شیکشن لعل صاحب وکیل سرشتہ بہی طبابت مین اچہی دستگاہ رکہتی ہین اور براہ ثواب معالجہ غربا کرتے ہین اور نیز راجہ کی سرکار مین بہی ایک طبیب ماہ ۳۰ مشاہرہ کا نوکر ہے وہانکی باشندونکو اوس سے فایدہ ہی اور قصبہ جات مین حکماء ہندو اور مسلمان دوا کرتے ہین مگر اپنی معاش اسی پیشہ سے رکہتی ہین فقط

نمبر۱۲

سڑک شاہراہ عام کی مرمت کا دستور

اس ضلع مین دو سڑک پختہ لنگر کی ہین ایک سڑک آمد ورفت پچہانہ کی کہ کلکتہ سی تا دہلی اور اکبرآباد خوب سی جاری ہی اوسکے مرمت صاحب گڈہ کپتان کی تعلق ہے اور اوسکی کنارہ پر جابجا بنگلہ تیار ہین کہ جس صاحب انگریز بہادر کو عزم ورود قیام کی ہو

باب دویم

ادس بنگلہ مین فرودکش ہوا اور بنگلہ مقام ذیل اس ضلع مین مین گورسہائے گنج مین ایک اور قصبہ چھبرامؤ مین ایک اور قصبہ
قنوج کے مقام ایک بنگلہ گرہ سڑک سی کچھہ فاصلہ پر ہے اور دوسرے سڑک گورسہائے گنج سے کمپ فتحگڈہ و فرخ آباد کو ہوتی
ہوئی ملیگنج اعظم نگر کو گئی اسکی مرمت و درستی تعلق کمیٹی سڑک ضلع کی ہی اوسکا خرچ منجملہ آمدنی سڑک کی دیا جاتا ہی اور کنکر بقدر نواع پنجہ
درمیان اور چھہ چھہ انچہ ہردو کنارہ سڑک پر ڈالا گیا ہے باقی اور سڑک خام مین اور کمپ فتحگڈہ سی تا فرخ آباد و تا گھاٹ گنگا کے اور
دو سڑک پختہ مین اونکی مرمت صاحب مجسٹریٹ کی متعلق ہے اور زرمرمت سڑک بشرح مقررہ حکم نام فیصدے ایک روپیہ جمع لیکر مقرر ہوا
ہمراہ جمع کی قسط وار تحصیل ہو کر خزانہ مین اسی کام کی واسطی جمع ہوتا ہے اور صاحب کلکٹر و جنٹ مجسٹریٹ و ڈاکٹر صاحب بموجب حکم گورنمنٹ
اور ولیم دگر وود صاحب ڈپٹی کلکٹر امین نہم ۱۸۶۳ء اور تین رئیس ہندوستانی راجہ جگت سنگہ رئیس تروا اور نواب محمد علیخان عرف
نواب دولہ رئیس شمس آباد اور جوگراج گماشتہ ساہ بہاری لعل تجویز ہر سہ صاحبان ممدوحہ بالا بمنظوری صاحب کمشنر بہادر
کی ممبر کمیٹی مقرر ہین اور صاحب سکرٹری کمیٹی کی اہتمام مین سب کام جاری ہوتا ہے اور خرچ معینہ اسکا ذیل مین ہے اور غیر معین
خرچ کا تصریح اور تعداد نہین ہو سکتا جیسا کام جاری ہوا سقدر خرچ پڑتا ہے اور یہ سب انتظام بموجب حکم مندرجہ گورنمنٹ گزٹ
مورخہ ۱۰ ماہ فروری ۱۸۶۲ء و ۵ جون ۱۸۶۲ء کا ہے

نام عہدہ	انگریزی نویس	نقشہ نویس	جمعدار کوٹ منشی	محرر شہر	چپراسیان	چپراسی واسطی جزگیری سڑک گورسہائے گنج و ملیگنج	میزان کل
تعداد مشاہرہ	سـ	عـ	صـ	غـ	۲ نفر ے	۲ نفر ے	دعـ

باب دویم بیان حال عملداری سابقہ و تسلط عملداری انگریزی ۔

بیان حال عملدارے ہندوان و خاندان راٹھور راجہ قنوج نمبر ۱۶

اگرچہ کوئی تواریخ ہندوں کی زمانہ کلجگ سی ایسی معتمد اور مسلسل نہین ملی کہ جس سے سب حال ہندی اس ضلع کا دریافت ہو
وہ امر سی خالی نہین کہ یا زمانہ سابق مین دستور تحریر حال روساء ضلع کا سوائے راجہائے والیان ملک کی نہین تہا اور یا سلطنت
اہل اسلام کی مین اونکی تواریخ معدوم اور ابتر ہو گئی اور جو راجہ ہندو کہ پہلی اس ضلع مین متصرف ہتے تباہ و پریشان ہو گئی
مگر جیسا حال زبانی سماعت مین آیا یا کچھہ نسبت راجہ ہائے نامی کے نشان ملا قلمبند کیا جاتا ہے کہ پہلی جگہ تریتیا مین ہی ضلع کا


کا راجہ مسمی نہسرا ابا ہو ہنا کہ اوسکا تذکرہ ہندوون کی شاستر مین بہت ہی اوسکا پایۂ تخت موضع سنکسا کہ اب پرگنہ شمس آباد
حضور تحصیل مین شامل ہی تہا اور اوس راجہ کی ہزار ہاتہہ تہی وہ پرسرام اوتار کی ہاتہہ سی مارا گیا اور پہر راجہ مسمی بین ہوا کہ موضع نیر
پور پرگنہ تالگرام مین اوسکا کہیڑہ ابتک موجود اور مشہور ہے اور اس راجہ کی روایات نیک نیتی کی بہت مشہور ہین ایک یہہ
ہیہ راجہ مملکت کی خراج سے اپنی خاص خرچ مین کچہ نہین لاتا تہا اوسکی رانی کی ہاتہہ کا بنا ہوا پنکہا ہمیشہ فروخت ہوتا تہا اوسکی
قیمت سی طعام راجہ اور رانی کا چلتا تہا اور یہہ بہی مشہور ہے کہ اس رانی کو بسبب عصمت اور مرتاض ہونیکی اور نیک نیتی اور دینداری
کا یہہ شرف تہا کہ وہ گہڑا یعنی سبوچہ گلی کچی سوت سی باندہ کر چاہ سی پانی بہرتی تہی اور پہر جدہانی یہان کی مقام
کمپل رہا کہ وہان بہت راجہ ہوئے کہ شاستروں مین اسکی تذکرہ بہت ہین چنانچہ آخر زمانہ گک دواپر کی یہان کا راجہ دروپد قوم
ٹہاکر سوم بنسی تہا اور اوسکی قلعہ کی کہیڑہ اونچا ابتک کمپل مین موجود ہی اور اوسکا بیٹا فوج پنڈون مین سناپت تہا کہ مہابہارت
کی لڑائی مین اسکا خاندان نیست و نابود ہوگیا اور کالی ندی سی جانب جنوب قنوج کا راج تہا کہ وہان قوم ٹہاکر راٹہور سورج
بنسی بہت راجہ ہوئے آخری راجہ وہان کا جیچند تہا کہ اوسکی حکومت دور تک پہیل گئی اور جابجا اس ضلع مین مشہور ہے کہ اس تمام
ضلع مین ایک قوم بہار زمیندار رہتی اونکا غلبہ و زمینداری سب دیہات مین تہی اور اوسکا مذہب نہ ہندو نہ مسلمان اکثر تودے
کہیڑہ ویرانہ سی ظروف گلی نکلتی ہین کہتی ہین کہ یہہ ظروف استعمالی اوسی قوم بہار کی ہین راجہ ہای راٹہور کے وقت مین سب
فوج قوم ٹہاکر کی تہی اور سابق مین دستور تہا کہ فوجکو بعوض تنخواہ کی دیہات جاگیر مین دیتے تہے راجہ راٹہور نے اپنی فوج
اور ہم قوم کو ہر یک سمت کی دیہات ضلع کی جاگیر مین دئی اور قوم بہار باشندگان کو کہ ادای محصول اور دخل جاگیر
داران کی خارج تہی بحکم راجہ کی اونکی فوج نے ایسا قتل کیا کہ بالکل معدوم و نیست و نابود ہوگئی اب قوم بہار کا نشان بہی
نہین ہے اگرچہ کہا جاتا ہے کہ بعض دیہات اس ضلع مین مثل جراری و کسم کہور و دندہا بزرگ و مجہو پورہ وغیرہ مین جو زمیندار
ہین یہہ اوس قوم بہار کے قسم ہین کہ مسلمان ہو کر قوم جہوجہہ اور بہٹی کہلاتے ہین اور اوس وقت سے یہہ قوم ٹہاکران گروہ گروہ
جابجا ضلع مین متصرف ہوگئی چنانچہ حال ہر یک قوم کی رہتی اور قبضہ کا کہ جہان سی آکر بسی مفصل ہر ایک پرگنہ مین لکہا جاگا
اور راجہ جیچند کی اولاد سی چوتہی پشت مین جیسنگہ دیو مقام کہور مین کہ اب اوسکا نام شمس آباد ہی راج کرتا تہا جب اوس راج
ٹہاکران راٹہور راجہ کہور کی زوال آیا اور شمس الدین غوری نی راجہ کہور پر فتح پائی جسنے اطاعت اختیار کی وہ آباد رہا ورنہ
بہت قتل ہوئے اور زیادہ تر نواحی کہور مین کہ جہان شمس الدین غوری کی لشکر کا قیام ہوا قوم ٹہاکران قتل اور خارج ہوئے اولاد
راجہ کہور قوم ٹہاکر راٹہور کی متفرق ہوگئی اور بہت راجپوتانہ کو چلی گئے چنانچہ راو سبہا اوسی کا ناتی اودی پور کی رانا کی پاس گیا
اور جودہ پور ریتا کا راج پایا کہ اب تک اولاد اوسکی وہان قابض ہے اور مشہور ہے کہ ایک بیٹا اوسکا بطرف نیپال کے
گیا کہ اب بہی راجہ نیپال اوسی شاخ سے ہین اور راجہ کہور کے مسمی کرن سین پاس شمس الدین غوری کی حاضر آیا اور اطاعت

باب دوم


انھنیں کی بادشاہ نی اوسکو عزت دی کہ تمام پرگنہ کا اوسکو زمیندار قرار دیکر آباد رکھا بہت مدت تک سب زمیندار پرگنہ
شمس آباد اوسکو نذرانہ دیتے رہے اگرچہ اس وقایع کی تاریخ وسال ثابت نہین مگر جو کرسی نامجات خاندان یک
قوم خصوصاً اولاد بیرتیت رائے قوم کایتہ دیوان راجہ کہورگو کو اوسکی اولاد خواندہ اور تعلقونکو شمس آباد وغیرہ محالات مین
اوس اپنی خاندان کا کرسی نامہ سلسل لکہتی چلی آتی ہین دیکہا تو چودہ پندرہ پشت سی زیادہ کسی خاندان کو اوس مدت
سے مین گذرا اور راجہ جیچند کی آٹہوین شاخ مین راجہ ہمیرسین ہوا اوسکو دو بیٹا تہے ایک ہرسنگ دیو کہ گدی نشین ہوا
اور بلقب راجہ مشہور رہا دوسرا اودیچند کہ وہ بلقب راو ہوا چنانچہ اودیچند کی اولاد کہمسی پور وغیرہ دیہات جنوبی نواحی
شمارہ ندی کالی اب بہی موجود ہی کہ کرسی نامہ راجہ راٹہور سی اوسکی اولاد کی باشندگی کا حال واضح ہے اور راجہ ہمیرسین
نے اپنی بود وباش موضع ملدہ پرگنہ اعظم نگر مین اختیار کی کہ وہان کہیڑہ ویران اب بہی موجود ہی جب ہرسنگ دیو کی اولاد سے
رام ساہ راجہ ہوا ایک برہمن نی کسی قضایہ پر اپنا قتل اپنی ہاتہ سی کیا کہ راجہ کی کارخانہ پر نقصان ہونی لگا اور اس نقصان کو
راجہ نی اوس برہمن کے قتل کا باعث سمجہ کر وہان کی آبادی ترک کی اور موضع پہرا کہ وہان جنگل بہت تہا اور مقام رمنا جیسے
شکارگاہ راجہ تہا اوسمین اپنی بود وباش اختیار کی رام پور پہرا نام رکہا کہ جسمین اب بہی راجہ نول سنگہ اوسکی آٹہوین شاخ
مین موجود ہی مگر انقلاب زمانہ سے یہہ راجہ بالکل بی معاش ہوگیا صرف تین موضع رام پور پہرا سکندر پور سالیاپن
جو کی اتن پورا ونکی قبضہ مین ہین اور اوسکی جمع بہت ہلکی بطور نذرانہ ومقرری کی مقرر ہے اس راجہ نول سنگہ نی یہہ تینون گانون
بعوض دس ہزار روپیہ کی ہاتہ بدری نراین و برج نراین قوم کایتہ سکسینہ ساکن سکیٹہ ضلع مین پوری کی سال ۱۲۵۱ فصلی
بموجب رہن نامہ مورخہ پورنماشی سودی بہادون سمت ۱۹ مین رہن کیا اور کچہہ مشاہرہ مرتہنان نی واسطی خرچ راجہ کی مقرر کر دیا
ہی مگر اس راجہ کی عزت وتوقیر اب بہی پرگنہ مین بہت ہی کہ بروز دسہرہ اور ہولی برادری اونکی اور اکثر زمیندار تہاکر اونکو نذرانہ
دیتے مین مگر اونکی کہلانی اور تواضع مین اوس نذرانہ سی زیادہ خرچ پڑ جاتا ہی اب یہہ راجہ برائے نام ہی بلکہ قرضدار اور
زیر بار ہی اور اس راجہ نول سنگہ کو کوئی بیٹا نہین ہے اپنی بکجدری بہادر سنگہ کو اوسنے متبنی اور جانشین تجویز کیا اگرچہ اوس کے
بکجدریون نی دعوے عذرداری کے مگر سرکار مین قبول نہ ہوئی یہہ خاندان کی آدمی کنور کہلاتی ہین اونکو علاوہ زمینداری کی ایک گانو
گنیش پور معافی مین ہے اوس نواح کی برادری اونکو بہی ہولی دسہرہ کو نذر دیتی ہین اور اسی خاندان مین راٹہورونسی ایک
فریق نوگہر دہیر ہوا کہ کرسی نامہ راجہ راٹہور مین تحریر نہین ہوا اوسکا حال یہہ ہی کہ ہیرا دہر راٹہور عہد راجہ کہوکے نی نوزنگہ
غیر قوم کی اپنی زوجیت مین کی اوس سے بہت اولاد ہوئی اور بلقب نوگہر دہیر مشہور ہے کل پرگنہ کراولی پرگنہ سونہار ضلع
مین پوری مین یہہ ٹہاکران نوگہر دہیر قابض ہین اور اس ضلع کے پرگنہ اعظم نگر مین سرہوت وغیرہ کی گانوان ٹہاکران نوگہر
دہیر کے آباد وقابض ہین تو عہد اسلام مین کوئی راجہ ہندو سے اس ضلع مین بااختیار نہین صرف ہندوون سی دو رئیس تعلقہ دار کلان

کلان مین ایک راجہ جگت سنگہ قوم ٹہاکر گہیلہ رئیس تروا دو حصے رہی چند وغیرہ وارثان او دیچند رئیس لشین گڈہ پرگنہ چہبرامو بامو دبین اس ضلع مین اونکی مالگذاری زمینداری بہت ہے انکا حال پرگنہ ٹہٹیا و تروا و چہبرامؤ مین کہ جہان اونکا علاقہ باشندگی ہی مفصل تحریر ہوگا جب سی مسلمانون کی بادشاہت ہوئے بادشاہون کی وقت مین حکلدار قنوج مین رہتا تہا اور یہہ سب ضلع متعلق سرکار قنوج تہا عرصہ تخمیناً ۱۳۰ برس کا ہوا کہ سنہ [illegible] ہجری مین عمل نواب بنگش کا ہوا اور وہ مالک اس ضلع کی ہوئے کہ اوسکا حال مفصل علیحدہ تحریر ہوگا قوم ٹہاکر کہ پہلی اس ضلع مین زبردست تہی روز بروز اونکی اوقات ذلیل ہوتی گئی اکثر دیہات سی یہہ ٹہاکران بسبب سرکشی و نادہندی کی حکام وقت کی پایہ عتاب سی بیدخل و خارج ہوئے اور فرار ہان باشندگان مالک زمینداری ہوگئی اور بسبب کثرت اولاد ٹہاکران کے ہریک گانون مین بہیاچارہ اسقدر ہوگیا کہ تہوڑا تہوڑا حصہ زمینداری ہرایک کو رہ گیا اور انتقالات وغیرہ کی رو سی بہرا اونکی حقیت اور فریقون اور قوم میر منتقل ہوگئی اور رسم و رواج و قواعد عدالت و تحصیل عملداری راجہائے سابق کا کہ جب ملک بروہ بااختیار تہی بسبب عدم میسر کسی کتاب و کاغذات کی معلوم نہین ہوا ہے اور اب قوم ٹہاکران کے اوقات بسری کہیتی کرنی اور ہل چلانے او زمینداری سی ہے مگر یہہ قوم کہیتی کے کام مین بہت کم محنتی ہے

کرسی نامہ راجہ نول سنگھ ساکن رام پور بہرا پرگنہ
اعظم نگر اولاد راجی چند



باب دوئم


راوکرم سین
راوکرن سنگھ
دسوین شاخ جی چند کی کہمسی پرگنہ شمس آباد میں آباد ہوئی

بیان ریاست خاندان نواب بنگش رئیس فرخ آباد

شہر فرخ آباد خاص مقام ریاست نواب بنگش کا ہے اور اس ریاست کی بنیاد نواب محمد خان غضنفر جنگ سے ہوئی اوسکا باپ ملک عین خان قوم پٹہان کرلانی کا غزنی بن ملک کوہر خان عہد سلطنت عالمگیر اورنگ زیب بادشاہ مین افغانستان مقام بنگش سے ہندوستان مین آکر موضع رشید آباد مین مقیم ہوا اور رسالہ عین خان شروانی سرکار نصاریان مین نوکر ہوا محمد خان اوسکا لڑکا ابتدا سے ذی حوصلہ اور بہادر تہا اول پاس محمد یسین خان بنگش اشرف ضمنی رئیس موضع رشید آباد کی کہ وہ لشکر راجہ بوندیل کہنڈ بہ جمعیت چار ہزار سوار کی رسالدار تہا نوکر ہوا اور اوس طرف محمد خان سے کار ہای نمایان وقوع مین آئی اور چہہ تر رتبہ اوسکو ہوئی بعد مرنے یسین خان جمعیت سوار کے رفیق محمد خان کی ہوے اور دو تین قلعہ اوسنے فتح کرکے بہت مال و اسباب حاصل کیا بعد مرنے راجہ بندیلا کی اوسکی اولاد مین یہہ نزاع ہوا کہ پرتہی سنگہ راج کا مالک ہوا اور رام چند دوسرے لڑکے نے آپ راجہ ہونا چاہا اور محمد خان سے مدد چاہی چنانچہ محمد خان کے ہاتہ سے پرتہی سنگہ مارا گیا اور رام چند مالک راج ہوا اوسنے بہت دولت محمد خان کو دی کہ اوس سے اوسکی طاقت بڑہی جسوقت شاہزادہ فرخ سیر بعزم لڑائی ساتہ معز الدین جہاندار شاہ بن بہادر شاہ بادشاہ دہلی کی عظیم آباد پٹنہ سے متوجہ ملک غربی ہوا اوسوقت محمد خان بنگش نواحی کوہ مین جمعیت سات آٹہ ہزار سوار و پیادہ کی مقیم تہا شقہ خاص بادشاہ کا مع خطوط قطب الملک سید عبد اللہ خان و سید حسین علیخان سادات بارہ کی محمد خان کی طلب مین صادر ہوا محمد خان نے بعد دریافت صحیح خبر کی بہ جمعیت بارہ ہزار سوار و پیادہ شامل لشکر فرخ سیر کے ہوکر ہراول فوج کا ہوا فیمابین فرخ سیر و معز الدین جہاندار شاہ کی لڑائی ہوئی اور اوس لڑائی مین اکثر بہادرانہ اور شجاعت محمد خان سے وقوع مین آئی جب فرخ سیر فتحیاب ہوا بسفارش سادات مذکورہ قصد کی محمد خان کو بمنصب چہار ہزاری و جاگیر محال کالپی و ایلچ و بہاندیر و کونچ و سوندہ و دہونہ و سیپری و جالون ممتاز کیا اور یہہ سب بات ۱۱۲۴ ہجری مین ہوچکی بعد مرنے فرخ سیر کے جب سادات بارہہ کے شرارت کو محمد شاہ بادشاہ نے تباہ کرنا چاہا سید عبد اللہ خان نے اعتماد محبت و احسانات سابقہ کی کئی خط متضمن استمداد محمد خان کو لکہی مگر محمد خان نے بپاس حق نمک سلطنت اور رفاقت بادشاہ ان تو انکا ساتہ اوکی رفاقت بیگانہ کرکی بادشاہ کو مع جمعیت سولہ ہزار سوار پیادہ کے مدد دی بعد ختم ہوجانے شرارت سادات اور رفع جنگ کی محمد خان کو منصب ہفت ہزاری اور خطاب غضنفر جنگ اور عطا سے خلعت اور شمشیر و خنجر و دو اسپ اور فیل اور سرپیچ و جیغہ صوبہ داری اکبرآباد و ہفت لکہہ روپیہ نقد و جاگیر پرگنہ بہوجپور و شمس آباد سوائے جاگیرات سابقہ کے سرفراز کیا اور رفقا و رچیلہ اور فرزندان خانہ زاد کو علی قدر مرتبہ مناصب اور خلعت اور جاگیر کے امتیاز ہوئی اور بعد اوسکی صوبہ داری اجمیر اور ستروین ربیع الاول جلوسی مین صوبہ داری مالوہ اور ہجری مین صوبہ داری الہ آباد ہوا اور فرامین بادشاہی مین اوسکو یہہ القاب لکہا جاتا تہا نہایت عنایت والا احسان سزاوار مراحم بیکران شایستہ الطاف نمایان محمد خان بہادر غضنفر جنگ امیدوار عنایت خاص بوده بداند اور اس محمد خان کی آٹہ ستہتر

آہستہ آہستہ اسقدر ترقی ہوئی کہ سرحد کول سے تا شاہ آباد و اکبرپور کہ فاصلہ سو کوس ہی علاقہ اوسکی تحت مین آگیا اور اس ضلع فرخ آباد
پر اوسکو اختیار کل رہا اور اوسنے نیابت صوبہ اکبرآباد پر بہورے خان چیلہ اور ایلچ اور بہانڈیر متعلقہ سرکار کالپی پر محمد ولی خان پسر خواندہ
کو اور شمس آباد پر داؤد خان اور بہوجپور پر نیکنام خان اور سیپری اور جاجون مین کمال خان اور بدایون اور سہسوان اور بہرآباد
کا شمشیر خان کو حاکم مقرر کیا سنہ ۱۱۴۳ ہجری مین محمد دلیر خان بسبب نزاع سرحدی علاقہ کالپی کی لڑائی مین سہرسال وغیرہ راجہ ہاے
بوندیل کہنڈ کی مارا گیا اور اس دلیر خان کی شجاعت اسقدر مشہور ہوئی ہے کہ اوس نواح کی آدمی اوسکی مقتل پر اکثر جاکر بامید حصول
شجاعت شمشیر کمر مین باندہتے ہین اور نواب قایم خان پسر محمد خان نے بدلا اوسکے مارے جانے کا سہرسال وغیرہ بوندیلون سے
لیا اور علاقہ ہردسان اونکی تصرف سے نکال کر آپ متصرف ہوا اور اس عرصہ مین دہونکل سنگہ برادر اجیت سنگہ راٹہور زمیندار مارواڑ
کا بتوسل غضنفر جنگ کی اطاعت پذیر بادشاہ کا ہوا اور ولیت سنگہ راجہ مین پوری کہ وقت مراجعت غضنفر جنگ کو الہ آباد سے واسطی ملاقات کی حاضر آیا اور
بہورے خان چیلہ نواب سو سوار کی جمعیت پانچ سو آدمی کا راجہ مذکور کو حاضر لایا اور اوسنے بجا آوری آداب مین حسب عدہ گردن کشی کی اوسکو وہ راجہ غضنفر جنگ سے مارا
گیا اور غضنفر جنگ نے جسونت سنگہ اوسکی بیٹا کو اوسکی راج پر بٹھلایا اور جس ایام مین غضنفر جنگ صوبہ دار الہ آباد تہا بسبب ڈر کے
راجہ ہاے بوندیل کہنڈ سے پرخاش رکہتی تہی بعد غالب ہونے اوپر سہرسال وغیرہ کی اپنی لشکر کا قیام اوسنے نواح جیت گڈہ مین کیا اور اکثر
ہمراہیون کو طرف وطن کے رخصت کیا اور بوندیلون نے مرہٹہ سے مدد لیکر باتفاق اوپر غضنفر جنگ کی یورش کی اور غضنفر جنگ نے قلعہ
جیت گڈہ مین پناہ لی اور قلت آذوقہ کی اوسکی ہمراہیون کو اسقدر ہوئی کہ دو تین روز نرخ آٹہ کا فی سیر سو روپیہ پر پونہچا اور
امراے بادشاہی سے کوئی اسکی مدد کو نہ پونہچا آخرش محمد قایم خان اوسکا لڑکا بالشکر فراوان اپنی قوم سے اوسکی معاونت کو پونہچکر غضنفر جنگ
کو نجات دی اور بوندیلونکا تدارک کیا اور غضنفر جنگ بجرم مغلوبیت صوبہ داری الہ آباد سے معزول ہوا اور یہہ بات سنہ ۱۱۴۷ ہجری مین ہوئی
اور سنہ ۱۱۴۸ ہجری مین غضنفر جنگ صوبہ داری مالوہ پر مامور تہا ملہار راو مرہٹہ سے جمعیت چالیس ہزار سوار و پیادہ کی مقابلہ پیش آیا اور سنہ ۱۱۴۸
ہجری مین غضنفر جنگ پہر صوبہ داری الہ آباد پر مامور ہوا سنہ ۱۱۵۶ ہجری مین تاریخ دوسری ذی قعدہ روز پنجشنبہ کے بوقوع دنبل گلو کی غضنفر جنگ
نے وفات پائی اور حیات باغ واقع رقبہ نیک پور متصلہ آبادی فرخ آباد مین دفن کیا گیا روضہ اوسکا اچہا بنا ہی تاریخ اوسکی
وفات کی محمد شاہ بادشاہ نے یہہ کہی ستون پایۂ ملک ہند افتاد بائیس بیٹا اوسکی تہی بعد مرنے اوسکی قایم خان اوسکا
بیٹا کہ بہادر و باصفات حسنہ تہا مسند نشین ہوا اور قایم جنگ خطاب پایا اور اوسنے بموجب ایماء ابو المنصور خان صفدر جنگ
وزیر الممالک کی ضبطی کہر علی محمد خان روہیلہ سردار روہیل کہنڈ کی چاہی اور فوج کشی کی ہر چند کہ سعد اللہ خان پسر علی محمد خان
اور پیر حافظ رحمت خان و دوندی خان وغیرہ سرداران ماتحت علی محمد خان نی عاجزی کی اور صلح چاہی مگر قایم خان نے
باغواے محمود خان بخشی کے کہ جو اوسکا مدار المہام تہا صلح کو قبول نہ کیا آخر سعد اللہ خان بہی آمادہ جنگ ہوا دسوین ذی حجہ سنہ ۱۱۶۱ ہجری
مین مقابلہ ہونی لگا سو کہ جنگ مین تاریخ پندروین ذی حجہ سنہ ۱۱۶۱ ہجری ضلع بدایون مین قایم جنگ مارا گیا اور فرخ آباد مین پہنچو

غضنفر جنگ کی مقبور ہوا بہادر خان اور نادر داد خان اوسکی بہائی اور دیگر سرداران اوسکی لشکر کے مارے گئے چنانچہ یاقوت خان عرف بہادر خان کہ جسنے بنا علی گنج وغیرہ کی ہوئی سرداران مین معزز و ممتاز تہا وہ بہی اس لڑائی مین مارا گیا امام خان قایم جنگ کا بہائی مسند نشین ہوا صفدر جنگ وزیر الممالک معہ احمد شاہ بادشاہ کی بداعیہ ملک و مال بنگش کے اگر کویل مین پونہچا اور امام خان کو گرفتار کرکے الہ اباد کی قلعہ مین مقید کیا اور مار ڈالا اور والدہ قایم جنگ کو بہی قید کیا کہ والدہ قایم جنگ نے ساٹہہ لاکہہ روپیہ پر معاملہ کیا بادشاہ شاہجہان آباد کو چلا گیا وزیر نے تمام ملک بنگش کا ضبط کیا مگر فرخ آباد معہ بارہ گانون نواحی کے التماس قایم جنگ کی والدہ پر بحال رکہا اور ملک فرخ آباد پر اپنا قبضہ کرکے نول راے کایتہ کو حاکم مقرر کیا کہ قنوج مین رہتا تہا والدہ قایم جنگ نے احمد خان عرف غالب جنگ سوتیلا بیٹا کو مسند نشین کیا اور تمام افغانان مئو رشید آباد کو واسطی مدد اور رفاقت احمد خان کی پیغام بہیجا احمد خان نی مئو شمس آباد سی اپنی قوم کی فوج جمع کرکی نول راے کے اوپر یورش کی دسوین رمضان سنہ ۱۱۶۳ ہجری کو واقعہ قصبہ موضع سمدن گرنہ تا لکرام کی نول راے گولہ تفنگ سی مارا گیا صفدر جنگ بہی یہ خبر سنکر مارہرہ مین ایک مہینہ تک خیمہ زن رہا اور ساٹہہ ہزار سوار جمع کرکے چڑہا اور سورج مل جاٹ والی بہرت پور اور اسمعیل بیگ کو اپنی مدد مین لیا بائیسوین تاریخ شوال سنہ ۱۱۶۳ ہجری کو احمد خان کی فوج سے مقابلہ ہوا اول رستم خان ایک سردار فوج احمد خان کا بہاگا اور قوم جاٹ اور اسمعیل بیگ خان رسالہ دار رستم خان کو تعاقب کرتے ہوئے تا مئو گئی اور اوسکو مار ڈالا اس عرصہ مین احمد خان نی اپنی فوج کا انتظام کرکے کمال دلاوری سے وزیر کی فوج پر حملہ کیا کامگار خان بلوچ فوجدار گرد شاہجہان آباد کا کہ وزیر کے فوج کا ہرول تہا بہاگ نکلا افواج مغلیہ نی شکست کہائی وزیر کے گلو پر زخم تفنگ کا لگا اور وزیر شکست فاش کہا کر مارہرہ مین مراجعت کرکے زخم کی مرمت مین مصروف ہوا اور انتیسوین تاریخ شوال کو متصل شاہجہان آباد کنارہ جمنا کی ہوا بس بہیا احمد خان نے اس فتحیابی سے شہرت پائی اور محمود خان اپنے لڑکے کو بجمعیت افغانان طرف لکہنؤ اودہ اور شادیخان کو بجانب الہ آباد واسطہ متصرف ہونی ملک وزیر کے بہیجا اور مرتضی خان کو اناوہ مین اور خدابندہ خان کو بلگرام مین اور منصور علیخان کو بہپوند اور اعظم خان کو شکوہ آباد اور منور خان کو سانڈی پالی اور محمد امین خان کو غازیپور کا حاکم مقرر کیا اور راجہ پرتاب نراین و خانعالم و نقاہت خان ملازمان وزیر جو کہ لکہنؤ مین ہراسان اور ترسان تہی باستماع خبر آمد راجہ نول راے جمعیت ہزار پانصد سوار لکہنؤ سی الہ آباد کو لوٹی مقام مچہوسی مین پونہچی اور مورخ تواریخ ہفت اقلیم اپنا موجود ہونا برفاقت پرتاب نراین اور از روی معاینہ کی یہہ حال لکہتا ہے کہ علی قلیخان کرخی نایب صوبہ الہ آباد جسکا خطاب حید قلیخان تہا واسطی ملاقات راجہ موصوف اور خانعالم کی آیا جبکہ سنا کہ شادیخان بجمعیت بیس ہزار سوار و پیادہ کی فرخ آباد سی متوجہ الہ آباد کا ہوا ہے بصوابدید راجہ مذکور کے معہ فوج خود اور تہوڑی فوج راجہ موصوف کے لیکر بقصد مقابلہ شادیخان کی چلا مقام کوڑہ جہان آباد مین فریقین ملاقی ہوئی اور سودا کارزار فریقین نے گرمی پائی آخر شادی خان تاب مقابلہ کی نہ لایا اور فرخ آباد کو گیا اور علی قلی خان بمظفر و منصور الہ آباد مین آیا اور محمود خان ابن احمد خان نے کہ باجازت پدر لکہنؤ مین پونہچا تہا بلا تنازعہ کی استقلال پایا احمد خان نے ہزیمت شادیخان کے

کی لشکر برہم اور معہ اپنی لشکر کے متوجہ الہ آباد کا ہوا راجہ پرتاب نراین اور خانعالم اور علی قلیخان بیچ قلعہ الہ آباد کی آئی اور دریائے
جمن پر متصل بنے دروازہ قلعہ کی پل کشتیون کا باندہا اور لشکر کو پار دریائے جمن کے بجانب قلعہ کی قیام دیا احمد خان الہ آباد مین پونہچا راجہ
پرتھی پت بن چتر دہاری ابن جیسنگہ سوم جنسی راجہ پرتاب گڈہ نے تابعداری اوسکی قبول کی اور حاضر ہوا اور الہ آباد کی قلعہ کی تسخیر کا اپنا
ذمہ کیا راجہ پرتاب نراین قلعہ مین تہا احمد خان نے محاصرہ قلعہ کا کیا اور بموافق حکم راجہ بلوندسنگہ بنارس والی کی بنارس سے آکر مقام
جہونسی مین قیام کیا اور نذرانہ و تحفہ احمد خان کے واسطی بہیجا اور بعد چند روز کے بحصول رخصت بنارس کو گیا اس عرصہ مین محمود خان
ابن احمد خان حسب الطلب اپنی باپ کے لکہنؤ سی جہونسی مین آیا اور خیمہ زن ہوا راج اندر گر گوسائین الہ آباد مین جو اوس زمان گنگا جی کو
آیا تہا رفیق راجہ پرتاب نراین ہوا اور لڑائی مین کوشش کامل کری وزیر الممالک شاہ جہان آباد سی ساتہہ لشکر آراستہ کے
شروع جمادی اول سنہ ۱۱۶۴ ہجریہ مین متوجہ فرخ آباد ہوا اور اس اثنا مین شیخ معز الدین خان شیخ زادگان اور ملک زادگان لکہنؤ کی
اور کاکوری متفق ہوکر گماشتہ محمود خان کو لکہنؤ سی بیدخل کیا اور نکالدیا اور وزیر نے بیس ہزار سوار اوپر سادل خان پٹہان کے
کو وہ احمد خان کی طرف سے حاکم کول اور جالیسر کا تہا بہیجا سادل خان بہاگ گیا احمد خان یہہ خبر سنکر محاصرہ قلعہ الہ آباد چہوڑکر
بر سبیل یلغار فرخ آباد کو آیا افواج مرہٹہ نی نواح فرخ آباد کو لوٹنا شروع کیا احمد خان نے حسین پور کی قلعہ فتحگڈہ مین مورچہ بندی کی
مرہٹہ کی فوج نے فرخ آباد و مئو کو خالی پاکر خوب لوٹا اور سورجمل جاٹ نی ایک طرف سے اور مرہٹہ کی فوج نے دوسری جانب سی محاصرہ
کیا نور الحسن بلگرامی نی بحکم وزیر گنگا پار کے طرف سے پل دریائے گنگ پر باندہنا چاہا مگر محمود خان پسر احمد خان نی اوس کنارہ پر قیام کرکے
پل باندہنی نہ دیا آخر سنگی رام پور کی نیچی پل باندہ کر سردار لشکر وزیر کے معہ توپون کی دوسرے آئی دوسری تاریخ جمادی الآخر کو پل محکم
دریا پر بندہ گیا اور سعد اللہ خان پسر علی محمد خان رئیس روہیلکہنڈ احمد خان کی مدد مین شریک ہوا مگر مرہٹون و جاٹ کی یورش سے
پٹہان عہدہ برآ نہوئے اور بہاگ گئی بارہ ہزار پٹہان کشتہ و زخمی قید ہوا اور بہت اسباب لوٹ مین مرہٹونکی ہاتہ آیا اور پٹہان کوہ
کماون کی ایک گہاٹی ہمارہ مین کہ دشوار گذار تہی جا چہپی اور وہان ہزارون آدمی پٹہان بسبب ناموافقت آب و ہوا اور قلت غذا
کے مرگیا اور مرہٹہ کی چہاونی اس ملک مین ہوگئی اور وزیر نے عوض اس جانفشانی مرہٹون کو سرحد کول اور جالیسر و مئو اور
فرخ آباد و قنوج سی کورہ جہان آباد تک ملک عنایت کیا آخر کار پٹہانون نی عاجز ہو کر معرفت حافظ رحمت خان بریلی والی کے
مرہٹون کے وسیلہ سی اپنی جان بچائی اور وزیر سے صلح ہوئی اور فرخ آباد وغیرہ ساڑہی سولہہ محال سولہہ لاکہہ روپیہ کی جمع تشخیص
کی احمد خان وغیرہ اولاد بنگش کو مرحمت ہوا اور بعض محال بنگش کے ضبط سرکار وزیر کی ہوکر سپرد مرہٹہ ہوئے تب سی نواب احمد خان
نے اپنی ریاست کو فرخ آباد مین رونق و مستحکم کیا جب احمد شاہ درانی دہلی مین بتقریب معاونت نواب نجیب الدولہ روہیلہ کے
آیا اور سب امراو ہندوستانی یعنی وزیر الممالک لکہنؤ و روہیلہ روہیلکہنڈ و بنگش احمد شاہ کی پاس گئی اوسوقت مین نواب
وزیر الممالک نے ملک لیا ہوا نواب کو چہوڑ دیا مگر چار لاکہہ پچاس ہزار روپیہ سالیانہ مقرر کرلیا اور جب نواب شجاع الدولہ مسند آرائی

تک اودہ ہوا امرا وگرولی عہد اندر گرگوشائین کہ عمدگان سرکار وزیر لکھنو سی تہا آزردہ ہوکر فرخ آباد مین آیا اور نواب احمد خان
سی ملاقی ہوا شجاع الدولہ نی احمد خان کو واسطی خارج کرنے اوسکی لکہا احمد خان نی جواب دیا کہ وہ از خود آیا مین جواب نہین دی سکتا
اوسپر نواب شجاع الدولہ نی فوج کشی کی اور نواح قنوج مہندی گہاٹ مین قیام لشکر نواب موصوف ہوا اور نواب نجیب الدولہ بہی حسب الطلب
وزیر شریک ہوا اور اس طرف سی احمد خان نی با فوج نمایان ڈیرہ قریب خداگنج کی کیا آخرش معرفت نواب نجیب الدولہ کے
صلح ہوگئی اور امراوگر جسپر نزاع تہا وہ احمد خان سی علیحدہ ہوگیا فقط اور ۱۱۷۸ ہجری مین جب نواب شجاع الدولہ وزیر الممالک
لکہنو انگریزی فوج سے بمقام بکسر شکست پاکر روہیل کہنڈ کو گیا اور وہان اپنی قیام کی صورت نہ دیکہکر فرخ آباد مین آیا نواب
احمد خان نی باستقبال اونکو لیا اور مہمانداری اور اطاعت بہت کی عرصہ تک نواب شجاع الدولہ یہان مقیم رہے تو اس احمد خان غالب
جنگ نی ریاست یہان کی بہت جلالت کی ساتہہ انجام دی اور نواب احمد خان مذکور ۲۰ ربیع الاول ۱۱۸۵ ہجری کو فوت ہوا بہشت
باغ واقع فرخ آباد مین دفن کیا گیا اور اوسکی تاریخ وفات یہہ ہی کنند گریہ خلایق بنالہ و افغان ملایک آہ کشید از وفات احمد خان
دلیر ہمت خان مظفر جنگ اوسکا بیٹا کہ ۱۱۷۲ ہجری مین پیدا ہوا تہا مسند نشین ہوا اور اوسنے عوام کو بہت معافی عطا کی اور
سخاوت بہت کی اور کوئی محاربہ و مہم عظیم اس نواب کو پیش نہین آیا مگر دو دفعہ نواب وزیر لکہنو کی مدد مین شریک ہوا ایک
دفعہ ۱۱۸۸ ہجری مین جب نواب شجاع الدولہ نی حافظ رحمت خان رئیس بریلی کی ملک پر یورش کرکے اوسپر تصرف کیا دوسرے
دفعہ ۱۲۰۸ ہجری مین نواب آصف الدولہ نی معہ لشکر انگریزی اوپر نواب غلام محمد خان رامپور والہ کی لشکر کشی کی اور غلام محمد خان
کو خارج اور احمد علیخان کو مسند نشین رامپور کیا اوسوقت بہی مظفر جنگ شامل لشکر نواب وزیر تہا فقط اور ۱۱۸۹ ہجری مین
نواب آصف الدولہ بعد مسند نشینی سلطنت لکہنو کے فرخ آباد مین آئے اور جانب شمال شہر کی اوپر کنارہ گنگ خیمہ ہوا نواب
مظفر جنگ نی بہت اطاعت و حاضرباشی کی اوسی ایام قیام فرخ آباد مین ایک پہر تک اولا اوپر لشکر نواب وزیر کی برساکہ ہر اولہ
بوزن سات سیر کہا جاتا ہی بہت فیل و اسپ نواب کے مرگئی اور نقصان بہت ہوا اسی عہد مین نواب آصف الدولہ نے
دو کمپ انگریزی اپنی تعیناتی مین لیکر ایک کا قیام کانہپور مین اور دوسری کا قیام فرخ آباد مین کرایا اور چار لاکہہ بچاس
ہزار روپیہ تنخواہ کمپنی کی اوپر نواب مظفر جنگ کی مقرر کردی کہ جو پہلی بطور نذر نواب وزیر کے نواب رئیس دیتا تہا نواب مظفر جنگ
تب سی یہہ روپیہ فوج انگریزی کو دیتا رہا ۱۲۱۱ ہجری مین بسبب توقف ادا اس زر کے جان ولیمس صاحب بہادر سزاول مقرر
ہوا اور اوسکا تقاضا باعث ناموافقت امین الدولہ نایب کا ہوا اور عزل جان ولیمس صاحب کا مخلوق باعث اوسی ناموافقت
کا تصور کرتے ہین اس نواب مظفر جنگ کی اوپر نواب دل دلیر خان اوسکی بہائی نی دعوی تقسیم ریاست کیا اور اپنا رہنا فرخ
آباد مین دشوار سمجہکر بنارس مین مقیم ہوا اور چوبیس ہزار روپیہ سالانہ بحکم کونسل واسطی مصارف دلدلیر خان کے مقرر ہوا اور نواب
مظفر جنگ کے دو لڑکا تہی رستم علیخان ایک بیٹا نے اوسکو بتاریخ ۸ ربیع الثانی ۱۲۱۱ ہجری مین زہر دیا کہ اوسکی تاریخ وفات یہ ہے

کی کسی شاعر نے یہہ لکہی کہ جس سے یہہ اعداد حروف تہجی ۱۱۹۱ نکلتی ہین کہ رستم زد از زہر نواب را اور بمکافات اسکی
نواب آصف الدولہ وزیر الممالک لکہنوی فرخ آباد مین آکر بعد ثبوت اس جرم کے اوسکو مقید کر لیا دوسرا بیٹا امداد حسین
ناصر جنگ کہ وہ ۱۱۸۹ ہجری مین پیدا ہوا تہا ربیع الاول ۱۱۹۱ ہجری مین مسند نشین ریاست اور خرد مند خان امین الدولہ
مظفر الملک پسر خدا بندہ خان عرف تو صہ بالا نایب و مختار اوسکا مقرر ہوا اور جب نواب سعادت علیخان بہادر وزیر الممالک لکہنوی نے
۱۰ فروری ۱۸۰۱ء روہیل کہنڈ مع فرخ آباد تفویض سرکار انگریز بہادر کے کیا چار لاکہہ پچاس ہزار روپیہ سالانہ
جو بابت وزیر لکہنو بذمہ نواب فرخ آباد تہا وہ باقی سرکار انگریزی قرار پایا اوسوقت ۱۸۰۲ء مین نواب
ناصر جنگ نے عہد نامہ نواب لفٹنٹ گورنر بہادر بمقام بریلی مین لکہا لیا کہ اوسکی نقل تحت مین ہے

عہد نامہ

بدستخط انگریزی و فارسی بمہر نواب صاحب ناصر جنگ بہادر و لفٹنٹ گورنر آنریبل ہنری ولزلی صاحب بہادر عہد و میثاق
کہ فیما بین سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر و نواب امداد حسین خان بہادر ناصر جنگ درباب تفویض ملک متعلقہ فرخ آباد
بہ تصرف اہالی سرکار کمپنی انگریز بہادر بر سبیل دوام و استقلال بمبادلہ پیشکش از سرکار کمپنی انگریز بہادر مقرر و بذمہ
نواب صاحب ممدوح واجب الادا ہست لہذا لفٹنٹ گورنر آنریبل ہنری ولزلی صاحب بہادر از طرف نواب معلی القاب گورنر جنرل
اشرف الاشراف مارکوس ولزلی صاحب بہادر بحسب اختیار دادہ نواب معظم الدولہ ناصر جنگ بہادر بذات خود ہم از طرف
وارثان خود نسلاً بعد نسل و بطناً بعد بطن عہد نامہ ہذا متضمن تفویض ملک مذکور بہ اہالی کمپنی انگریز بہادر بر سبیل دوام
و استقرار و بمعاوضہ و مبادلہ پیشکش مذکورہ موثق و منضبط فرمودند **دفعہ اول** نواب امداد حسین خان
بہادر ناصر جنگ اقرار مینمایند کہ ملک متعلقہ فرخ آباد تمام و کمال بعوض پیشکش سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر بتفویض
بہ اہالے سرکار ممدوح بطوع و رغبت خود از ابتدائے ۱۲۱۰ فصلی نمودند نواب صاحب ممدوح را بجز وجوہات مقررے
کہ در ذیل بقلم می آید ہیچگونہ مداخلت و علاقہ از ملک مذکورہ نیست و نخواہد بود **دفعہ دوم** نواب لفٹنٹ
گورنر آنریبل ہنری ولزلی صاحب بہادر بمد نظر ریاست و حرمت نواب ناصر جنگ بہادر را قرار می نمایند کہ مبلغ نہہ ہزار
روپیہ در ماہہ کہ داد و دہ ماہی آن بحساب یک لکہہ ہشت ہزار روپیہ میشود جہت مصرف ذات نواب ناصر جنگ بہادر بلا کم
و ریب نسلاً بعد نسل و بطناً بعد بطن ماہ بماہ از سرکار کمپنی بہ نواب صاحب ممدوح خواہد رسید و گاہی در عزت و جلالت
و توقیر و مرتبہ و بزرگی نواب صاحب ممدوح قصورے راہ نخواہد یافت و از متوسلان سرکار دولتمدار کمپنی انگریز بہادر
ہموارہ مشمول معدود خواہد بود **دفعہ سیوم** مبلغ دو ہزار روپیہ سالانہ بابت خرچ امام باڑہ نیز بہ

نوابصاحب رسانیده خواهد شد و مبلغ سه هزار و سه صد روپیه بنا بر خرچ دیوڑهیات نواب مظفر جنگ بهادر مرحوم که
معرفت امرا و بیگم صاحبه تقسیم میشد بوجهی من الوجوه کمی نخواهد شد درصورتیکه امرا و بیگم صاحبه در رسانیدن مشاهره نفاذ
نموده باشند آنهم به نوابصاحب رسانیده خواهد شد و نوابصاحب آنرا منقسم ساخته قبض الوصول مهری هریک جداگانه
بسرکار اهالی کمپنی انگریز بهادر خواهد رسانید **دفعه چهارم** بموجب درخواست نوابصاحب ممدوح باغات موروثی
و موضع سریانغت پور و حویلیهای نزولی شهر فرخ آباد و املاک رانی صاحبه بشرطیکه کسی دیگر ذیحق نخواهد بود بتصرف
نوابصاحب ممدوح خواهد ماند **دفعه پنجم** چون نسبت به تفصیل گذرانیده نوابصاحب ممدوح خرد مند خان
بهادر در باب مرحوم ذیحق و حضوری اختلاف و تباین کلی گردید چون اهالی سرکار کمپنی انگریز بهادر بنظر نیکه معیشت
حقداران تقرر یابد منظور است لهذا مقرر کرده شد که صاحبی که برای بندوبست این ملک مقرر خواهد شد باتفاق نوابصاحب
معز الیه بعد تحقیق حقوق هریک اسناد از مهر و دستخط طرفین خواهد داد که بموجب آن آنها همواره وجه مقرری خود خواهند
یافت و تقسیم وجه مذکوره از حضور نوابصاحب مقرر خواهد شد و قبض الوصول مهری هریک معرفت نوابصاحب معز الیه
به اهالی کمپنی انگریز بهادر خواهد رسید **دفعه ششم** حکم عدالت بر ذات شریف نوابصاحب ممدوح جاری
نخواهد شد مگر متوسلان و لواحقان نوابصاحب که تعداد آنها معلوم نیست چون منظور سرکار کمپنی انگریز بهادر است
که خلق الله بر فاهیت اوقات گذاری نمایند لهذا مقرر گردید که اگر کسی نالش بر متوسلان نوابصاحب معز الیه نمایند اول معامله
مذکوره جهت تجویز حواله نوابصاحب معز خواهد شد در صورت اهمال یا تخالف تجویز و ناراضی بودن اهل نالش البته بعدالت
شنیده خواهد شد **دفعه هفتم** بپاس خاطر نواب صاحب ممدوح بشرط دولتخواهی و خیراندیشی سرکار دولتمدار کمپنی
انگریز بهادر و نوابصاحب معز الیه امام خان پنجهزار روپیه و مولوی ان و محمدی خان هر دو کپتان پنجهزار روپیه و منشی خدا بخش
برای حاضر بودن بحضور صاحب متعین فرخ آباد چهار هزار روپیه و شیخ احمد بخش و شیخ محمد صلاح وکلایان دو هزار روپیه
هر دو یکسان مساوی سالیانه خواهند یافت **دفعه هشتم** اراضی معافی و املاک و ایمه و روزینه و سالیانه و
جاگیرات بموجب تجویز واجبی موافق معمول عهد نواب مظفر جنگ بهادر مرحوم بحال خواهد ماند **دفعه نهم** چون
عهدنامه هذا مشتمل بر نه دفعه بتاریخ چهارم ماه جون سنه ۱۸۰۲ء مطابق سیوم شهر صفر المظفر سنه ۱۲۱۷ هجری در بلده بریلی
تحریر یافت نفتنت گورنر آنریبل هنری ولزلی صاحب بهادر نقل عهدنامه هذا بعبارت انگریزی و فارسی به مهر و دستخط خود
حواله نواب ناصر جنگ بهادر کرده اند و هم نوابصاحب ناصر جنگ بهادر یک نقل آن بفارسی و انگریزی بمهر و دستخط خود حواله صاحب
معظم الیه نموده اند و صاحب معظم الیه اقرار مینمایند که شرایط عهدنامه هذا در عرصه سی روز مزین بدستخط و مهر نواب معلی القاب
گورنر جنرل بهادر اشرف الاشراف مارکوس ولزلی صاحب بهادر حاصل کرده حواله نواب ناصر جنگ بهادر خواهند نمود فقط او ربیه

اور یہہ عہدنامہ بدستخط نواب مارکوس ولزلی صاحب گورنر جنرل و مستر جارج بارلو صاحب ممبر کونسل اور جارج اودنی صاحب حاکم کونسل اور آنریبل ہنری ولزلی لفٹنٹ گورنر و اڈمنسٹن صاحب سکرتری اعلی گورنر جنرل کی مرتب ہوکر نواب رئیس کو دیاگیا فقط تب سی یہہ ملک بتصرف سرکار انگریز بہادر کے ہے اور بپایانہ سرکار انگریزی سے حسب شرح ذیل نواب رئیس اور اونکی لواحق اور متوسلانکو مقرر ہے

نواب ناصر جنگ بہادر	خادمان محل و صاحبزادہ ہاے وغیرہ — نام	خادمان محل و صاحبزادہ ہاے وغیرہ — روپیہ	داماد وغیرہ امراو بیگم صاحبہ — نام	داماد وغیرہ امراو بیگم صاحبہ — روپیہ	خرچ امامباڑہ	ذیحفان و ملازمان
۱۰۸۰۰۰ یک لکھ [illegible]	خادمان محل	[illegible]	نواب ہمت بہادر	[illegible]	۱۰۰۰۰	[illegible]
	صاحبزادہ ہاے اولاد غضنفر جنگ	[illegible]	حسن علیخان و حسین علیخان شوہران دختران نواب مظفر جنگ	[illegible]		
	ہرمول خان و امام خان در لکھنو	۱۰۰۰۰ [illegible]	دختران از محل دیگر کہ بہ پسران نواب ہمت خان منسوب ہوئی	[illegible]		
		[illegible]		[illegible]		

وکیلان — نام	وکیلان — روپیہ	نواب امین الدولہ خرہند خان	پسران نواب دلیر خان	سالانہ داران و روزینہ داران و مستحقان	روپیہ	میزان الکل
منشی خدابخش	۴۰۰۰۰ [illegible]	از موضع نیگوان [illegible] می یابد	از بنارس [illegible]	بموجب ترجمہ انگریزی بنام روزینہ داران	[illegible]	لکھ [illegible]
پسر منشی احمد بخش	[illegible]					
بھوانی داس عوضی محمد صلاح	۱۰۰۰ [illegible]			ایزاد بموجب تفصیل طلب از اہلکاران نواب ناصر جنگ	[illegible]	
	[illegible]				[illegible]	

ہوسکی تو ایک ہزار روپیہ کی سڑک و سرائے سی لیکر اسمین لگایا اور پانچ چھ سو روپیہ فین صاحب نے اپنی پاس سے صرف کیا کہ تین ہزار روپیہ
کچھ زیادہ اسمین خرچ پڑا ہر منگل جمعہ کی روز فوج سرکاری سی اسی تالاب پر باجا انگریزی شام کی وقت بجتا ہی اور صاحبان انگریز بہی جمع
ہوتی ہین اور اس فن والی اپنی ہنر کا امتحان اور استعمال کرتے ہین بہت کیفیت ہوتی ہے اور اس کسبہ مین کوتوالی واسطی
انتظام کے مقرر ہے اوسکا خرچ حسب ذیل ہے

کوتوال	محرر	جمعدار	چپراسی	سایر خرچ	مرمت مکان	کل
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

روز شنبہ بذریعہ افواج سرکاری کی لشکر بیجا بائی صاحبہ کا اوٹھا دیا گیا ان دونوں فیض اعظم کے قیام سی خلایق کو فوائد عظیم ہوا اور ہرایک پیشہ ور کا روزگار خوب چلا اور دو پلٹن سرکاری رہتی ہین اور حکام عدالت و نظامت کا قیام اس کنپ مین ہی اور سنہ ع مین جو شمار مردم و خانہ ہوا خاص کنپ فتحگڈھ کی آبادی اس تفصیل سی دریافت ہوئی

زنان	مرد و طفلان	کل	مسلمان مردم	ہندو مردم	خانہ خام	خانہ پختہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اور چار مکتب اوسوقت تھے

ہندی	فارسی	عربی
یک	دو	یک

اور مکانات مشہور ذیل مین ہے

ٹھاکر دوارہ	مسجد پختہ	بنگلہ	کوٹھی	قلعہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	یک

اور ہرایک قوم اور ہر وصف کی آدمی اس کنپ مین آباد ہین اور آبادی ہوا یہانکی شہر فرخ آباد سی اچھی ہی سڑک شاہراہ خوب پختہ بنی ہوئی ہی اور دورویہ سڑک کی درختان سایہ دار ہین بہت فضا کا مقام ہی اور پریڈ کا میدان وسیع و دلکشا ہی کہ قواعد فوج کی اوس پر ہوتی ہی اور اوس پریڈ پر ایک تالاب کلان پختہ مسٹر فلین صاحب جج و مجسٹریٹ نی بنوایا اور واسطی تعمیر اس تالاب کی پندرہ سو روپیہ گورنمنٹ سی بتاریخ ۲۴ مارچ کو منظور ہوا اور اوسکی تعمیر ماہ مئی سی شروع ہوا اور اس پندرہ سو روپیہ سے جب تعمیر ختم نہ ہوسکی تو ایک ہزار روپیہ کی سڑک و نہر اسی لیکر اسمین لگایا اور پانچ چھہ سو روپیہ فلین صاحب نے اپنی پاس سے صرف کیا کہ تین ہزار روپیہ کچھ زیادہ اسمین خرچ پڑا ہر منگل و جمعہ کی روز فوج سرکاری سی اسی تالاب پر باجا انگریزی شام کی وقت بجتا ہی اور صاحبان انگریز بہی جمع ہوتی ہین اور اس فن والی اپنی ہنر کا امتحان اور استعمال کرتے ہین بہت کیفیت ہوتی ہے اور اس کنپ مین کوتوالی واسطی انتظام کے مقرر ہے اوسکا خرچ حسب ذیل ہے

کل	درستی مکان	سایر خرچ	چپراسی	جمعدار	محرر	کوتوال
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

برفخانہ اس کنپ مین جانب جنوب واقع ہی جرنیل صاحب و میجر صاحب و صاحب جج بیجر کمیٹی اس برفخانہ کی مین دستور ہی کہ ماہ اکتوبر مین
صاحبان کمیٹی برف کا نرخ سالتمام کی واسطی تجویز کرکی سب صاحبان انگریز ورئیسان ہندوستانیکو مطلع کرتی ہین جسقدر صاحبان اوسکی
خریداری قبول کرین زر پیشگی مشتریان سے ماہ اکتوبر مین داخل ہو جاتا ہی اونکی پاس ہر روز برف بہیجا جاتا ہی اور برف کا نرخ
اکثر فی سیر سالانہ اور ماہ فروری سی فی سیر دو روپیہ بعد پندرہ پندرہ روز کے اوسیر واسطی خریدار جدید کی خرید ہوتا ہی اور اس فخانہ
کا برف کبہی چہ مہینی کبہی آٹہ مہینی کبہی دس مہینی رہتا ہی یہہ بات منحصر ہی اوپر پڑنے برف کی فقط اور جو کوئی خریدار کیمپ کو چلا جاوے
اپنا حصہ اور کسی کو بیچ جاوے تو وہ پاتا ہی اور جو مشتری بلا ذمہ وار کرنی کسیکے کیمپ کو چلا جاوے تو پہر اوسکا دعوی واپسی روپیہ کا
نہین پہنچتا اور ہر روز چار بجی شب کی کہاٹ کہل کر برف تقسیم ہو جاتا ہی اگر مشتریان کا آدمی لینی والا نہو تو پہر اوس روز نہین ملتا
اور ایک مکان عالیشان گرجا گہر صاحبان انگریز بہادر کا ہی گنبد اوسکا بہت بلند ہی ہر ہفتہ روز اتوار کو صاحبان انگریز اوسمین
جمع ہوکر عبادت و گرجا کرتے ہین اور یہہ مکان رفع ۱۸۱۹ء و ۱۸۲۰ء مین بصرف بیس ہزار سات سو روپیہ کی با اہتمام کپتان
تارنصاحب و کپتان کیم صاحب و کپتان برانشر صاحب کی تعمیر ہوا اور یہہ روپیہ کچہہ بطور چندہ کی دیا گیا فقط اور اس نواح کنپ فتحگدہ
مین دو جگہ آبادی پادری صاحب امریکہ کی ہی ایک موضع بدہ پور مین کہ مابین کنپ فتحگدہ و فرخ آباد کی ہی ہر گز ایک بڑا احاطہ
اونکا واقع ہی اور بنگلہ و مکانات متعدد تیار ہین کہ جسمین ہکا فی نساب رہتی ہین اور یہہ پادری صاحب از بس خلیق اور
اونسی ایک مدرسہ فرخ آباد مین قایم ہی کہ اوسکا حال بشرح اسکولون و مکتب ضلع کی بیان مین لکہا گیا دوسرا مقام رکہا مین
کہ کنپ سی ایک میل تخمینا کی فاصلہ پر جانب جنوب و غرب واقع ہی اور وہان بہت بڑا کارخانہ تحصیل علم و تیاری خیمہ و قالین وغیرہ
کا جاری ہی اور یہہ مقام رکہا کوئی موضع نہین ہی مگر اب ایک محال علیحدہ بندوبستی ہوگیا پہلی اس زمین مین چہاونی کے لین سوارون کے
تہی اور گہوڑ دوڑ اوسمین ہوتی تہی اور وہ زمین لی گئی تہی رقبہ موضع دہنوا و پوہ بہا موجود ہکرہا و مہر پور و سہجو پور تی لیعنی ہطور بخوبی کے
ہی اور اب بہی نقشہجات انگریزی سررشتہ مین یہہ زمین اپنے اصلی دیہات مذکورہ بالا مین ہمیشہ دہوتی اس زمین مین اب چہاونی
ولسن صاحب و اسکاٹ صاحب وغیرہ پادریان امریکہ کی ہی اور بنیاد قایم ہونی مدرسہ و اجرا کا رخانہ مذکورہ بالا کی یہہ ہوئی کہ
پادری صاحبان مذکورہ بالا و پادری یوگوپی ناتہہ فی کال کی سال ۱۸۳۸ء مین کہ خلایق پر تباہی تہی اور عوام اپنی لڑکون بچون کو
فروخت کرتی تہی اور مفت واسطی پرورش کے دیتی تہی آپسمین صلاح کرکی تجویز کیا کہ کچہہ لڑکا اور لڑکیان لیکر پرورش کیجا وین چنانچہ
یوگوپی ناتہہ کہ وہ آدمی باعلم اور لیق اور عیسائی مذہب کا بڑا اوپدیش کنندہ تہی انجام اس کام پر مستعد ہوا اور اوسنے طرف کالپی و بوندیل کہنڈ
و اضلاع کانہہ پور و فتح پور کی جاکر بہت لڑکا اور لڑکے مفلسون کے کچہہ خرید اور کچہہ مفت لیکر اس مقام رکہا مین آیا اور اونکو پرورش
کیا اگرچہ اونمین سی اکثر مرگئی مگر سولہ لڑکا اور چہپن لڑکی زندہ ہین اونکی پرورش پادری صاحبان کرکی مذہب عیسائی دیا اور علم
انگریزی اور ہندی اونکو پڑہاتی ہین اور کاریگران سے لڑکون کو علم قالین بافی اور شطرنج کا بنانا اور خیمہ دوزیکا اور لڑکیون کو



کو کشیدہ بطرز ولایت انواع انواع کا بصرف زر کثیر سکہلاتی ہین اور اونکی پرورش کی واسطی تجارت قالین وخیمہ کی جاری ہی اور یہہ زمین مذکورہ بالا بمقدار [illegible] بیگہ پختہ منجانب سرکار بموجب چٹہی صاحب کمشنر بہادر مورخہ ۲۶ مارچ [illegible]ء و بموجب نقل چٹہی محکمہ گورمنٹ مورخہ ساتوین مارچ [illegible]ء پچاس برس کی میعاد پر پادری صاحبان موصوف کو واسطی اسکول وغیرہ کی ساٹہہ روپیہ جمع پر دئی گئے اور شرط ہے کہ آیندہ اگر اسکول وغیرہ قایم رہی تو پچاس برس کی میعاد اور منظور ہی چنانچہ ابتک مالگذاری اس زمین کی بقبضہ پادری صاحبان ہی اور یہہ زمین نکاسی تین سو روپیہ تخمیناً بلکہ زیادہ کی ہی اوسکا نفع ہی ان لڑکون کی خرچ مین آتا ہی اور جو لڑکا اور لڑکے اونمین سی بلوغت کو پہونچتا ہی اوسکی شادی باہم کر دیتی ہین اور اوسکو چار روپیہ مشاہرہ واسطی کہانے کے اور گہر واسطی رہنی کی علیحدہ دیا جاتا ہی چنانچہ ابتک دس گہر آباد ہوگئی اور چہہ سات اشخاص شادی ہونیکو ہین اب اونکی اولاد ہونی لگی ایسا سلسلہ معلوم ہوتا ہی کہ رفتہ رفتہ ایک آبادی اس گروہ کی علیحدہ بہت عظیم ہو جاوے اور ایک بڑا احاطہ کہ جسمین بنگلہ ہای رہنے پادری صاحب اور بابو گوپی ناتہہ اور نیلام ان لوگون کا اور اسکول یعنی مدرسہ اور گرجا گہر ہے اور اونکی قبرستان کا احاطہ علیحدہ اس احاطہ سی جانب گوشہ غرب وجنوب اسی زمین مستاجری مین ہی کہ اوسکا نقشہ یہہ ہے

شاہزادہ کا حال

مظفر بخت شاہزادہ پسر مرزا جوان بخت خلف ولیعہد شاہ عالم بادشاہ کا یہان آیا اور سرکار کی اوسکو اول قید کیا بہر چہوڑ دیا اور سرکار نی چاہا کہ وہ پٹنہ مین جا کر رہین صاحب مجسٹریٹ پٹنہ نی لکہا کہ اونکی لایق یہان مکان نہین ہی اس سبب سے اونکی رہنی کو ایک مکان یہان تیار کیا گیا اور اوسکا مرمت سرکار کی جانب سی ہوا کرتا تہا ۱۸۰۸ء یا ۱۸۱۰ء مین ایک کوٹہی طیار کرائی اوسمین رہنے سی عذر کیا اور فہمایش صاحب مجسٹریٹ کی نہ مانی جب وہ کوٹہی کچہہ دنون جیلخانہ کی طور پر رہی بہر حکم گورمنٹ واسطی فروخت کی آیا مگر کوئی خریدار نہ ہوا مسٹر [illegible] صاحب نے اوسکو پاگل خانہ تجویز کیا اب وہ مکان ویران ہی فقط اور بموجب حکم گورمنٹ مورخہ ۳۰ ستمبر ۱۸۱۰ء مظفر بخت کا مشاہرہ ۱۰۰۰ مقرر تہا مظفر بخت سولہ سترہ برس ہوئے فوت ہوا اوسکو تین پسر مرزا یاور بخت مرزا محمد حشمت بخت مرزا محمد مخدوم بخت تینونکا مشاہرہ دو دو سو روپیہ مقرر ہے مرزا یاور بخت فوت ہوئی مرزا بدیع الدین بخت و مرزا ضیاء الدین بخت دو بیٹے اوسکے ہین اور مرزا یاور بخت لکہنؤ مین مقیم اپنا مشاہرہ یہان سے پاتی ہین اور مرزا مخدوم بخت کمپ مین موجود ہین تین احاطہ بنگلہ اون لوگون کے کمپ فتحگڈہ مین گنگا کے کنارہ پر واقع ہین وہان رہتے ہین اور مشاہرہ معینہ سے اوقات اپنی بسر کرتی ہین اور ان شاہزادہ کو صحبت بد سے بہت شوق ہے

پرگنہ بھوج پور

قدیم اس پرگنہ کی سایر ۔ موضع ۱۲۳ الغایت ۱۴۶ فصلی کی کاغذ مین مندرج مین ۵ موضع معافی سایر م خالصہ اور اوس ایام مین ساٹھ ٹپہ پر اوسکی تقسیم تھی

چھوٹی بھوجپور	ٹپہ باندل	حرا گور	گنگا گنج	سونکی	منی پور	بہار ڑہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۱۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اب سونکی و منی پور کا نشان نہین ملتا چنانچہ منی پور شامل رقبہ موضع رولی جو پیانی کی ہوگیا وہ پور رہ اب بھی موجود ہی اور سونکی کا کہیڑہ شامل رام پور پانچہ کا نوکی ہی اور یہہ پرگنہ کچھہ بڑا ہی فرخ آباد سی جانب جنوب ہی زمانہ سابق مین اس سبب پرگنہ مین قوم بہار قابض تھی جب ٹھاکران راٹہور وغیرہ کا غلبہ اوسکے پر ہوا اور قوم بہار راجہ راٹہور کی باعث عتاب مین آئی اور بحکم راجہ قتل و معدوم کی گئی اور یہہ حکم راجہ کا ٹھاکران اپنی قوم کو ہوگیا کہ جو کوئی بہار دنکو قتل کری وہی اوس گانو پر متصرف ہو چنانچہ مسمیان من مہیس دو ٹہاکر گہلوار مقام بچی گدہ مار کاسی کی راج سی اس ضلع مین آئی اور قوم بہار کو قتل کرکی ۲۵ موضع نواح سکہن رام پور کی اور مسمی بیس راہ ت پور کی پرگنہ مین مسمی من قابض ہوا اور ان دونوکی اولاد ان ہر دو پرگنہ مین قابض اور دونو علاقہ مفوضہ اونکی اولاد کی کہلواری کہلاتی ہین اور مسمی مہیس مذکورہ بالا کی دو پسر ہوئے سوراج دیو کی اولاد ورد اشہنہ ہومی وغیرہ مین اور نرسنگ دیو کی اولاد سیو کی و خدا گنج وغیرہ مین آباد ہی مگر بسبب ملنی کوئی دست آویز معتبر تاریخ ابتدای آمد اس قوم کی معلوم نہین ہوا اور غرب کی طرف اس پرگنہ کی ٹھاکران راٹہور متصرف ہوئی باقی اور قوم متفرق ہی کوئی بڑا گروہ نہین ہوا اور اسی پرگنہ سی یہہ پہاڑہ علیحدہ ہوا اور اب یہہ پرگنہ مشتمل ہی الکیسو اٹھاون موضع پر کہ جسکا حال مفصل رقبہ وجمع کا تیریج دفعہ نمبر ۴ سی واضح ہی اور اس پرگنہ کی حد جنوبی پر ندی کالی نی اور شرقی حد پر دریائے گنگ جاری ہی اور حدود پرگنہ اور یہی نقشہ سے کہ جو شامل کیا جاتا ہی بخوبی دریافت ہوگا اور سات آبادی لایق تذکرہ خاص مین اوسمین سی سکہن رام پور شیخ پورہ کا حال مفصل سیلہ ہی کی تذکرہ مین تحریر ہوگیا پانچ آبادی باقیماندہ کا حال آیندہ تحریر ہوتا ہی بہوج پور وجہہ تسمیہ اسکی راجہ بہوج سے ہی کہ اوسکو گیارہ سو برس تخمیناً ہوا کہ اوسنے آباد کیا تہا اور یہہ قصبہ گنگا کی کنارہ پر واقع ہی اب کچھہ بہت بارونق نہین مگر فی الجملہ وہی آبادی سی کچھہ اچھا ہی اور اوسکی آبادی کی داستان یہہ زبان زد مخلوق ہی کہ یہہ راجہ ادجین کا تہا اور جانوران کی گفتگو سمجھتا تہا مگر یہہ شرط تھی کہ جب کسی اور سی اسکو کہی تو فوراً مر جاوے اتفاقیہ ایک روز راجہ اور اوسکی رانی ایک جگہ بیٹھی تہی کسی جانور کی گفتگو پر راجہ کو ہنسی آئی اور رانی نے اوسکی خندیدگی کی استفسار پر اصرار کیا اور راجہ رانی کو عزیز رکہتا تہا وعدہ اوس رازکا انکشاف کا دریائے گنگ کی کنارہ پر کیا اور معہ اپنی رانی کے اوجین سی اس نواح مین آیا جہان اب موضع حیرا گور آبادہی وہان راجہ کا ڈیرہ ہوا اور اوس جگہ پر ایک بکرا و بکری بندہی ہوئے تہے بکری کچھہ بکرا سے سوال مشکل کرتی تھی بکرا نی کہا کہ مین ایسا بیوقوف نہین


نقشه پرگنه بهوجپور ضلع فرخ آباد

باب سیوم

نہین ہون جیسا راجہ بہوج کہ ایک رانی کی ضد پر اپنی جان دینی چلا ہی وہ بات راجہ نی سنکر اپنی رانی کو چشم نمائی کرکی اس استغفا
سی باز رکہا اور اوس جگہ کا نام جی راکہو موسوم کیا کہ بتدریج اب جراگو نام ہوگیا اور یہہ جراگو بہوجپور سی دو کوس کے
فاصلہ پر ہی پہر راجہ نے کنارہ گنگ پر یہہ قصبہ بہوجپور بسایا اور قلعہ ڈالا اور مسلمانان کی وقت مین اس بہوجپور کا نام قایم گڈہ
مشہور ہوا کہ دفتر قانونگویان مین یہہ نام درج ہی اور اس قصبہ مین ایک بہت اونچا کہیڑہ ہی کہ جس سے یہہ ظاہر ہی کہ کسی زمانہ مین عمارت
پختہ بہت تہی مگر باوجود ہونے دریای گنگ زیر آبادی کی پانی چاہ کا کہاری ہی اور اوس پانیکی شوریت سی تماکو اس قصبہ مین
خوب پیدا ہوتا تہا اور گران قیمت فروخت ہوتا اب چودہ برس سے کئی چاہ شور کا پانی شیرین ہوگیا وہ خوبی تماکو کی اب نہین رہی مگر
پہر بہی اچہا ہوتا ہی **نوکہندہ** اس گانو مین بہت اونچا ایک کہیڑہ اوپر کنارہ دریای گنگ ہی اب آبادی بہت قلیل زمانہ سابق
کی داستان بطور افسانہ مشہور ہی کہ جس راجہ نی تمام زمین کو نوکہندہ کر کی تقسیم کیا تہا وہ اسی مقام سی کیا تہا اس سبب سے نام نوکہندہ
ہوا **کمال گنج** کمال خان چیلہ نواب محمد خان نے قریہ موضع مہرو پور رادی مین اور کچہہ زمین ملکیہ اودمین بسایا کہ اوسکی آبادی
و بازار فی الجملہ وسیع ہی اوسمین مسافران کو آرام بہت ملتا ہی اور اس بازار مین پیٹہ ہر دو شنبہ و جمعہ واسطی فروخت پان یعنی برگ
تنبول کی ہوتی ہی اگرچہ اس موضع مین پان پیدا نہین ہوتا مگر پورب سے بہت پان آتا ہی اور یہہ مقام منڈی فروخت پان کی مقرر ہی ہر طرف
کی تنبولی اکر پان خرید لیجاتی ہین اور زیادہ تر فروخت پان کی چار مہینی ماہ اگہن و پوس و ماگہہ و پہاگن ہوتا ہی **یاقوت گنج**
پہلی یہہ قریہ بنام زد موضع جلہا و جیا منی زمیندار قوم پٹہان و مقرب پور مصطفی آباد عرف گنوا نگانو زمیندار قوم کورمی کا تہا ان چارون
گانو کی رقبہ اور کچہہ زمین نکالکہیم زگانوکو یاقوت خان بہادر خواجہ سرای ایک سردار نواب محمد خان بنگش نے ملاکر ایک موضع بنایا اور
اپنے نام سی بسایا اور بازار ڈالا اور یہہ یاقوت خان سنہ [illegible] ہجری مین تہا کہ اسی نواح مین اوسنے خداگنج ہی آباد کیا **جہانگنج**
پہلی اس موضع کا نام مقرب پور قلمی پور تہا جہان خان چیلہ نواب محمد خان کی معافی مین ہوا اوسنے اپنی نام سی گنج یعنی بازار ڈالا جہانگنج
مشہور کیا مختصر بازار ہی **خداگنج** اس پرگنہ کی حد جنوبی پر ندی کالی کی کنارہ پر یہہ گانو ہی پہلی اس گانو کا نام موضع سنونی تہا
یاقوت خان عرف خان بہادر خواجہ سرای نواب محمد خان بنگش نی سنہ ۱۱۵۲ ہجری مین ایک سرای تعمیر پختہ دروازہ بلند مع مسجد بنائی اور اس موضع
کا نام خداگنج تبدیل کردیا اور اس مسجد کی تاریخ یہہ ہی یک ہزار و یکصد و پنجاہ و دو شد ظہور مسجد یاقوت خان مگر ٹہاکران کہلوا ستور
آباد رہی اولسی زمیندار اس گانو کی ٹہاکران زوجہ اودیچند رئیس کشن گڈہ کو انتقال مین ملی اب ٹہاکرائن متصرف ہی اور اسی آبادی کے
قریب اوپر ندی کالی کی حکیم مہدی علیخان وزیر لکہنو نی ایک پل آہنی سنہ [illegible] ہجری مین بنایا اور بہت روپیہ صرف کیا کہ اوس سی
بہت آرام مسافرین کو ہی اور یہہ موضع پہلی ٹپہ پیارہ مین تہا اب تا الکرام کی پرگنہ مین شامل ہونا تجویز ہوا اور اسی بہوجپور کی قریب
ایک موضع لین گادخانہ ہی کہ وہ قدیمی موضع نہین ہے شروع عملداری سرکار مین بیچ رقبہ موضع لطیف پور کی چہاونی ترگاوان
سکرری کی ہوتی بعد اوٹہہ جانی چہاونی کی وہ نمبر علیحدہ ہوا اور نام لین گادخانہ رکہا گیا

باب سیوم

پرگنہ چھبرامئو

بنیاد آبادی چھبرامئو کی اسطرح مشہور ہی کہ عملداری ٹھاکران راٹھور قنوج کی مین سمی سمرشاہ قوم ٹھاکران راجہ پرتاب سنگہ کا متصل
اٹاوہ کی ہی اتفاق اوسکی آنیکا بہ ارادہ اشنان گنگاجی کی اس مقام مین ہوا جہان اب مقام تحصیل چھبرامئو واقع ہی اور اون دنون
وہان جنگل تہا ایک مختصر آبادی بنام نہاد موضع بہین پورہ کی واقع تہی اتفاقیہ ایک بہیڑیا نی بکری پر حملہ کیا اور بکری جسکو ہندی
زبان مین چھیریا بولتی ہین اوسپر غالب آئی مہاراجا اس سرزمین کی پیدایش کو قوی سمجہہ کر طرح آبادی کی ڈالی اور قلعہ بنایا چھریامئو نام کہا
بتدریج غلطی العام سی چھبرامئو مشہور ہوا اور بعضی اسکی وجہ تسمیہ یہہ بہی کہتی ہین کہ وہان اشمار چھبر کثرت تہی اسی سبب سی چھبرامئو
نام ہوا اور پہلی قوم بہار اس نواح مین تہی اوس راجہ نی قتل کرکر اپنا تصرف کیا اور اپنی قوم اور نیز دیگر ٹھاکران کو بسایا اور بہت سی
دیہات برہمنون کو سنکلپ کردئی اس سببسی برہمنون کی زمینداری اس پرگنہ مین زیادہ ہوئی اور سنہ [illegible] فصلی مین اس پرگنہ
کی کل موضع [illegible] جمعی [illegible] کی مندرج ہی اور سکندرپور آرڈ تعداد [illegible] جمعی [illegible] سنہ [illegible] فصلی مین جدا لکہا گیا
اور سکندرپور آرڈ کی بنیاد اسطرح ہوئی کہ بزمان سلطنت سلطان سکندر لودی کی آردشاہ قوم اگروال رہنی والے نارنول کی نی کہ بادشاہ
کارخانہ مین بوسیلہ ہیمون بقال کے عزت رکہتا تہا اوسکو آباد کیا اس سبب سی نام اوسکا سکندرپور آرڈ رکہا کہ یادگار نام سکندر بادشاہ
لودی اور اپنی قایم رہی اور ٹہاکر جمر گور نارنول سی ہمراہ آردشاہ کی آئی تہی پرگنہ سکندرپور مین آباد ہوئی اور یہہ پرگنہ ابتدای عملداری
سرکار مین علیحدہ لکہا جاتا تہا پہر شامل چھبرامئو کی ہوا اور پہلی مقام چھبرامئو مین کچہری تحصیلی مقرر تہی اور تالگرام وغیرہ محال بہی اس تحصیل سے
متعلق تہی بموجب حکم بورڈ مورخہ ۱۸ اپریل ۱۸۶۲ عیسوی کچہری تحصیلی اس مقام سی موقوف ہوئی تالگرام وسورکہہ علیحدہ ہو گیا
اور چھبرامئو حضور تحصیل فرخ آباد کی تعلق ہوا مگر اسمین پیشکار جدا رہتا تہا اب ۲۶ مئی ۱۸۶۳ع سی پہر تحصیلدار اسی مقام مین مقرر ہوئے اور تالگرام
پرگنہ بہی شامل ہوا اور ندی کالی اوسپر حد شمالی اور ندی ایسن اوسپر حد جنوبی اس پرگنہ مین جاری ہی اور نقشہ اس پرگنہ کا بقید رنگ نگہر
قوم زمینداران کی آیندہ شامل ہی اور اس پرگنہ مین جو آبادی کلان یا تالاب لایق خاص تذکرہ ہی تفصیل اوسکی ذیل مین لکہی جاتی ہے

قصبہ چھبرامئو متوسط آباد ہی تحصیل دیوانی و پولیس منصفی اسی مقام مین ہی اور یہانکے باشندے قوم کایتہہ گوت بہٹناگر اکثر
روزگار پیشہ مین اور قوم کایتہہ گوت دلیلا اسی مقام سی جاکر کمپل مین آباد اور قابض ہوئی اور شیر نہی پیڑہ اس قصبہ مین بہت اچہی
ہی اور اسی آبادی کی پاس محمود گنج بازار اچہا بارونق ہی اور اوسی بازار مین سڑک آمد رفت پورب پچہانہہ کی جاری ہی اور یہہ محمود گنج
نواب محمود خان پسر نواب احمد خان غالب جنگ رئیس فرخ آباد نی بسایا تہا **موضع بہیل پور** قصبہ چھبرامئو سے بفاصلہ ایک میل
واقع ہی قوم کایتہہ زمیندار مین اور اکثر آدمی لایق و باعلم ہین اور یہہ آبادی چہوٹی قصبہ کی برابر بعمارت خام تعمیر ہی پہلی بہت سی گروہ
قوم کایتہہ مالک اس موضع کی تہی بطور بہیاچارہ عملداری سرکار مین بسبب [illegible] فی باقی کے نیلام ہوا اور سمیا پرم سکہہ اور گوکل کنوار منجملہ
نکار کے کہ آسودہ حال تہے خرید کیا اور اس موضع کے باشندے قوم کایتہہ اکثر اضلاع مین نوکر ہین اور معیشت اونکی نوکری سی ہی



نام قوم
رنگ
راجپوتان
برهمنان
مسلمان
اهیر

موضع اکبرپور اس گانو مین ایک تالاب پختہ متصل کھیڑہ کی واقع ہی کہ مسمی میدنی لعل قوم کایتھہ ملازم بادشاہی نے بنایا تہا اب اکثر جا سی منہدم ہوگیا برسات مین پانی رہتا ہی پہر خشک ہو جاتا ہی **بشن گڈھ** پہلی یہہ موضع پرگنہ سورکہہ مین شامل تہا اب بسبب ملحق ہونی کی شامل اس پرگنہ کی ہوا یہہ موضع ریاست کا مکان جو دہیرے اودیچند کا ہی اور دریافت ہوا کہ پہلی یہہ گانو زمیندار برہمنان اجاجی کی تہا اونہون نی چہاند برادر جو دہیرے اودیچند کی شادی مین حقیت زمینداری جہیز مین دی دی اور چہاند نی بہار سی ہوی اوٹھہ کر اپنا وطن بشن گڈھ مین اختیار کیا اور حال ترقی چہاند اور اودیچند کا سکت پور کی پرگنہ مین مفصل لکہا گیا اور بشن گڈہ کو جو ہمنی دیکھا بعمارت خام تعمیر ہی صرف ایک حویلی حلوائی اور ایک حویلی حجام خدمتگار اودی چند کی بعمارت پختہ ہی اور گڈھی مین اودیچند نی مکانات عمدہ بنائے ایک مکان بارہ دری کے نام سی مشہور ہی بہت وسیع اور دیوانخانہ دالان در دالان بعرض سات سات گز ہمہ نشستنی اور دو جا سہ درہ اور پنجدرہ اس مکان کی پہلو مین اور صحن اوسکا بہت وسیع اور برابر برابر پنجدرہ دو منزلہ اور دروازہ عالیشان او محلسرای بہت اچہی ہی اور پیش دروازہ محلسرای کی ایک حوض واقع ہی اور اوسکی متصل ٹہاکر دوارہ اور اوسکی نیچی تہہ خانہ بہت خوب بنا ہی اوس تہ خانہ مین دوسہ درہ پس و پیش اور آگی صحن مین چاہ پختہ واقع ہی **موضع ہاتہن** رقبہ اس گانو کا زیادہ ہی لوازمہ گانو معافی مین ہی وجہ تسمیہ اسکی یہہ مشہور ہی کہ اس موضع مین ہاتہی راجہ جیچند قنوج والہ کی رہتی تہی اور کوئی آبادی اس پرگنہ مین لایق خاص تذکرہ کی نہین ہی فقط

ناگرام

پہلی یہہ پرگنہ بہت بڑا تہا سنہ ۱۱۹۶ فصلی مین جاگیر نواب منصور علیخان و نواب غیاث الدینخان وزیر الملک کی لکہا ہی سنہ ۱۱۷۶ فصلی مین پچیس ہزار کہانی وغیرہ تعلقہ سمیر سنگہ مندرج موازنہ مین اور سنہ ۱۲۰۶ فصلی مین منصب م نروا وغیرہ تعلقہ راجہ انرودہ سنگہ اور موضع م ٹہٹہا وغیرہ تعلقہ راجہ چتر سال مندرج ہی کہ ابتدای عملداری سرکار مین یہہ دو نو تعلقہ اس پرگنہ سی خارج ہوکر علیحدہ پرگنہ ہوئے کہ حال علیحدگی اونکا مفصل پرگنہ ٹہٹہا ترا مین لکہا گیا اور موضع م نادی منو و کلسان ذمہ چہاند جو دہیرے لکہی مین اور یہہ دیہات اب پرگنہ سورکہہ مین واقع اور یہہ پرگنہ اور پرگنہ سورکہہ اتبک ایسا مخلوط چلا آیا کہ جتنی کہیت بٹ تقسیم ہوئی اکثر دیہات پرگنہ سورکہہ کی مابین اس پرگنہ ناگرام کی اور بعض دیہات اس پرگنہ کی مابین پرگنہ سورکہہ تہی مگر یہہ انتشار پرگنہ بندی قید مین ابتدای سنہ ۱۲۴۲ رفع ہوکر ندی لیسن حد مابین ہر دو پرگنہ کی مقرر ہوگئی اور مالگزاری م جمعی ایک لاکہہ ... بنام زد حویلی ناگرام مندرج ہی مشہور ہی کہ قدیم زمیندار اس پرگنہ مین قوم بہار تہی اور قطع نسل راجہ کہور کی عہد مین ہوئی راج پونا سورکہی غالب ہوئے پنجہ موضع اندویا گنگ و ابراہیم آباد وغیرہ گانو مین اون ٹہاکران سورکہی کی اولاد اب آباد ہی بعد اوسکی عہد اسلام مین قوم ٹہیان کہوکر کچہ دیہات پر متصرف ہوئے کہ ملک پور و دوندہ اب بہی اونکی تصرف مین ہی اور اوسی وقت مین قوم کایتھہ گوت لسبریا ساکنان جلال آباد چودہریان پرگنہ و قوم کایتہہ گوت بہکولی وال ساکنان اونجہ گانو گہ بان اور ٹہاکران بیس ساکنان مادہو گر بہت دیہات کی زمیندار

تھی مگر اودیچند رنسنگہ نابکے وقت مین یہہ لوگ مغلوب ہوگئی قانونگویان کو کچھ زمینداری نہین رہی مگر جو دہریان جلال آباد اور
ٹھاکران جیس ساکنان ماہو مگر اپنی باشندگی دیہات پر قابض ہین اور وجہ تسمیہ قصبہ تالگرام اور دیگر موضعات جو لائق خاص
تذکرہ کی ہین وہ یہہ ہین **قصبہ تالگرام** یہہ قصبہ متوسط آبادی ہی بہت بارونق نہین ہی اور تحصیل کا مکان علیحدہ گڈہی
مین جانب جنوب ہی اور وجہ تسمیہ اسکی دو طرح پر مشہور ہی ایک یہہ کہ اس قصبہ کی آبادی کی گرد تالاب بہت ہین اور گرام ہندی مین
گانونکو کہتے ہین اس سبب سی تالگرام مشہور ہی مگر خاص وجہ تسمیہ اوسکی دوسرے طرح بیان کرتی ہین کہ پہلی اسکا نام
چندن نگر تہا کہ اوسکا کہیڑہ پورانا قصبہ تالگرام کی آبادی سی جانب گوشہ غرب اور جنوب مین واقع اور چندپورہ کی نام سی مشہور
اتفاقیہ کسی امیر یا حاکم ذی رتبہ کا گذر باغ واقع چندن نگر متصل تالاب کلان کے ہوا دیکہا کہ دو آدمی کانی بجانی مین اسقدر
مصروف ہین کہ وہ مطلق اس حاکم کے پہونچنی اور کہڑی رہنے پر متوجہ نہوئے اور وہ حاکم اونکی راگ سی محظوظ اور خوشنود ہوا اور
اونکو انعام کثیر دینا چاہا اون لوگون نے کہا کہ ایک آبادی بطور قصبہ کے آباد کیجاوے کہ جس سے یادگاری ہمارے نام کی رہی اور منجملہ
ان دونو گویہ کے ایک کو تال کا اور دوسرے کو گرام کا علم کامل تہا کہ یہہ دونو لفظ راگ سے تعلق ہین اوس حاکم نے موافق اونکے
خواہش کے قصبہ آباد کیا اور تالگرام نام رکہا چنانچہ بیانکی گویہ مشہور ہین اور اب کوئی رئیس نامور اس قصبہ مین نہین ہی مگر قوم
کاتہہ کہترہ ساکنان اس قصبہ کے سرکار نواب امیر خان ٹونک والہ کے مختار تہی دو تین حویلی پختہ اس قصبہ مین بنائی ہوئی اونکی
اچہی ہین اور ایک شوالہ اور چاہ پختہ بر سڑک عام واقع رقبہ موضع بیراجاکٹ واسطی فیض عام کے اونہون نی بنایا
گورسہائے گنج مختصر آباد اور آرام گاہ مسافرین بر سڑک عام واقع ہی پہلی اس موضع کا نام بدا تہا سید ابراہیم
بادشاہی عامل نے اوسکو ابراہیم آباد موسوم کیا پہر میان الماس علیخان ناظم علاقہ اٹاوہ وغیرہ کی طرف سی گورسہائے نامی کاتہہ
ساکن قصبہ قنوج عامل اوس پرگنہ کا ہوا اسی برس ہوئے کہ اوسنے ایک گنج آباد کیا اور گورسہائے گنج نام رکہا جب سے دفتر
مین ابراہیم آباد گورسہائے گنج لکہا جاتا ہی اور عوام مین گورسہائے گنج مشہور ہے **قصبہ جلال آباد** بہت آباد اور عمارت
پختہ زیادہ ہی اور پورانا قصبہ ہے قوم کاتہہ سکسینہ زمیندار ہین اور جمعدار اور چار برقنداز کے چوکی منجانب سرکار اس قصبہ مین
متعین ہے اور خیالی رام زمیندار نی ایک گنج تہوڑی عرصہ سے متصل سڑک بسایا اور خیالی گنج نام رکہا مسافران کو اوس سے
آرام ہی فقط اور اب پرگنہ بندی جدید مین یہہ قصبہ پرگنہ قنوج مین شامل ہوگیا **اونچہ** اچہا آبادی قوم کاتہہ سکسینہ
آسودہ حال رہتے ہین اور دو تین شوالہ بنائے ہوئی اونکی موجود اور اوسکا کہیڑہ آبادی کا بلند ہی غالب ہی کہ یہی وجہ تسمیہ
اوسکی ہو **رسول آباد** قصبہ تالگرام کے متصل قاضی عبدالرسول نے اپنی نام سے بسایا کہ اوسکی اولاد قاضی اس
پرگنہ کی ہے اور رسول آباد مین آباد **تیراجاکٹ** یہہ موضع مختصر آبادی اسکی آبادی مین ایک ٹیلا معروف
سولکہری ہی اوسکا پانی کسی کام کی واسطی باشندہ نہین لیتے اور نہ مچہلی اوسمین سے پکڑتے ہین اور اونکا اعتقاد یہہ ہے



نقشہ پرگنہ تالگرام ضلع فرخ آباد
نام قوم
رنگ
راجپوتان
برہمنان
کایتھ
مسلمان
کورمی
اگروالہ
پرگنہ بھوج پور



یہہ ہی کہ جو کوئی پانی اس تلیا کا کسی کام کی واسطی لیوے وہ اوسی سال مین مرجاوے چنانچہ مسمی بجو پدر گلاب وہان کی مقدم کا مرجانا اوسی سبب سے مشہور کرتے ہین کہ اوسنے اس تلیا سی پانی لیکر اپنی کہیت کی آبپاشی کی تہی اوسی سال وہ مرگیا اور اس گانو مین ایک مکان جاکٹ دیوتا کا ہی اور اس موضع کا وجہ تسمیہ اوسی کے نام سی ہی اور اس گانوکے باشندہ قوم برہمن او زمیندار ان موضع سرن بہٹہ کہ اب وہ مسلمان ہین ہر دو ز ہولی اس مکان پر آکر کچہہ رسم ادا کیا کرتے ہین

پرگنہ سورکہہ

قصبہ سورکہہ مختصر بطور گانون کی آباد قوم کاتہہ کی زمینداری ہی اور بازار مختصر طول مین جنوباً شمالاً واقع اور وجہ تسمیہ اس قصبہ کے یہہ مشہور ہی کہ سورکہہ یعنی کیسہ فقیر تراش نے زمان سابق مین یہان طپش یعنی ریاضت کی اس سبب سے اسکا نام سورکہہ مشہور ہوا اور بازار سورکہہ سی پچہم طرف ایک چاہ پختہ موسوم سوم نا تہہ واقع ہی پانی اوسکا بہت شیرین اور سرد ہے اور یہہ کرشمہ اوس چاہ کا مشہور خاص و عام ہی کہ جب نئی عملدار آنی کو ہوتی ہی تب اوس چاہ سی کوئی ہتیار یا اباس سپاہیان حاکم جدید کا نمودار ہوتا ہی چنانچہ مردمان مسن کہتی ہین کہ جب عملداری مرہٹہ کی آئی تہی تب برچہی نمودار ہوئی تہی اور جب عملداری سرکار انگریزی کی آئی ٹوپی اور سنگین اوپر پانی چاہ کی نمودار ہوئی اور اس پرگنہ مین زیادہ تر غلبہ ٹہاکران بیس کا تہا اور اوسی طرح پر ٹہاکر بیس غالب آئی کہ جنکا حال متصل سکت پور کے پرگنہ مین لکہا گیا اگرچہ دو تین گانون شامل موضع کلسان و نادی مو کثیر الرقبہ ہین مگر آبادی اونکی شامل دیہات ہی اور اسی پرگنہ کی سرحد شرقی پر رقبہ موضع اودم پور مین چودہرے اودیچند نی ایک گڈہی بنائی اور اوسکا نام اندرگڈہ رکہا اور متصل گڈہی کے موضع پورا رائی کی رقبہ مین ایک بازار ڈالا کہ وہ کٹہرہ اندرگڈہ مشہور ہے اور جب ٹہاکران بیس پر چودہرے اودیچند غالب آیا بعض دیہات اونکی تصرف سی خارج ہوکر تصرف اودیچند آگئی اور کوئی بات لایق خاص تذکرہ کے نہین

باب سیوم

پرگنہ سکراوہ جاگیر کا بیان

بیہ پرگنہ اس ضلع کی گوشہ غرب وجنوب ایک حلقہ مین واقع ہی صرف ایک موضع دوبا مابین پرگنہ سکت پور یا ہرداس پرگنہ سے ہی زمانہ سابق کی حکایت اس پرگنہ کی نسبت یہہ مشہور ہی کہ پورن سنگہ ٹہاکر چوہان راجہ سکراوہ کا تہا اور اس قصبہ کی جانب جنوب ایک تالاب بطور جہیل ہی اوسکا نام سکرا اور مشہور ہے اور وجہ تسمیہ یہہ ہی کہ سکرا نام تالاب کا تہا اوس راجہ پورن سنگہ سے کسی سایل نے سوال پارس کی پتہری کا کہ جس سے لوہا سونا ہو جاتا ہی کیا اور راجہ کو ایسی پتہری اس تالاب سے ملی اور وہ اوسنے فقیر سایل کو دی کہ جس سے اوسکا بہت بڑا نام ہوا تب سے یہہ تالاب سکرا پورن مشہور ہے اور اسی راجہ کا قلعہ سکراوہ مین ہی اور موضع بیرپور مین ٹہاکر چوہان رہتی ہین مفلس محض ہین مگر اپنی آپ کو اوس راجہ کی اولاد بیان کرتے ہین مگر یہہ نہین معلوم ہوا کہ یہہ راجہ کسوقت مین تہا اور کب کسطرح اوسکا خاندان نیست و نابود ہوگیا اور اس پرگنہ مین چار موضع بچہیری ذیدونہ دوبا سکراوہ مین گڈہی اور قلعہ موجود ہی اور ڈیڈونی دبوتہم دبیگوان مین موضع مین صرف نشان کہیڑہ بلند گڈہی منہدمہ کا ایک قایم ہے اور سنہ ۱۲۹۰ فصلی تک بہت کاغذ پارینہ دفتر قانونگویان ہمارے دیکہنی مین آیا جس سے دریافت ہوا کہ قبل از تصرف نواب بنگش کے چہہ خاندان اس پرگنہ مین تہی ایک ٹہاکران گوڑ زمیندار دندولی اور اونکی دیہات دندولی و شریف آباد و محلہ کہیم کرن و رکناتہ پور و دلاور پور تہی دوسرا ٹہاکران بیرسا کنان بوہتم کہ اوسکا نکاس موضع ... در پرگنہ سکت پور سے ہی اور اونکی برادری کا گانو دبوتہم و بہوسی پور و بکو پور تہی اور بچہیرے کہ اونکا مخرج موضع کہنڈلی پرگنہ سکت پور ہی اور اونکی دیہات بچہیری و نیلم پور و قطب پور و شریف پور و بیگوان و رسولپور و اودیلا پور اور چوتہا خاندان قوم برہمن چودہریان سکراوہ کا کہ سکراوہ مین مزرعہ و اودیسیم پور و دہم پور اور پانچوان ٹہاکران کمروار کہ دولت آباد و مجہو پور و بہکونی پور و دنیا پور زمینداری اونکی تہی اور چہٹا قوم اہیر ساکنان بیرپور از روے ارثیت قدیم اور موضع دوبا و دوندیا و مٹی و صدرپور و واحدپور و مرزاپور و بیبی پور تہا یہہ جاگیردار اونکی تصرف مین آگیا تہا اور دو گانو موضع مرزاپور و الوپور قوم برہمنان کے ہین کہ یہہ برہمن پروہت ٹہاکران بیرس کے کہلاتے ہین اور اون خاندانو کا تصرف ابتک قایم ہی مگر خاص باشندگی کی گانو نہین اونکو مرحلت ہی اور جنہین دہی آباد نہین ہین اور فریق مقدمان قابض ہوگئی جب یہہ ملک فرخ آباد نواب محمد خان غضنفر جنگ بنگش کے تصرف مین آیا کہ نواب محمد خان غضنفر جنگ نی یہہ پرگنہ اپنی بیٹون منصور علیخان و منور خان و خدا بندہ خان کی جاگیر مین تقسیم کر دیا تب سی برابر جاگیر مین چلا آیا سنہ ۱۱۶۰ امین نواب احمد خان غالب جنگ نے دولت آباد کی ٹہاکران کمروار کو قتل کیا اور چتر سنگہ و کہنر سنگہ پسران کندن شاہ ٹہاکر کو حیلہ و مسلمان کرکے کہنر سنگہ کا نام صوفی خان و چتر سنگہ کا نام ستیل خان رکہا اور مجہو پور صوفیخان کی جاگیر مین رہا بعد مرنے خدا بندہ خان کی کہ بتاریخ نہم ذی الحجہ سنہ ۱۱۸۳ ہجری مین فوت ہوا اوسکا بیٹا نواب امین الدولہ خردمند خان اپنی باپ کی دیہات جاگیر پر متصرف ہوا اور منصور علیخان کہ اس پرگنہ مین جاگیردار تعلقہ نیگوان کا تہا کہ جسکی نیگوان خاص مین گڈہی بنائی ہوئی تہی اور اوسکا نشان اب بہی موجود ہی

ہی لاولد فوت ہوا اوسکی قبیلہ سے خردمند خان نے اون دیہات کا ٹھیکہ لی لیا اور کل پرگنہ پر اوسکو قبض آیا اور یہہ
نواب خردمند خان نواب مظفر جنگ کی زوجہ امراو بیگم کا بہائی حقیقی اور نایب ریاست کا تہا زمینداران تعلقہ نیکوان کے
کہ ٹہاکر بیس تہے نواب خردمند خان سے بنہین رہتی تہے اور مالگذاری کی دینی مین ہرج کرتے تہے چودہری جہانند وچودہری
اودیچند قوم برہمن تواری ساکنان نشن گڈہ میان الماس علیخان ناظم وزیر لکہنو نے کی سرکار مین رسوخ اور اوسکی فوج پر
اختیار رکہتی تہی نواب خردمند خان نی یہہ تعلقہ ان چودہریان کو سپرد کیا سنہ ۱۱۹۲ ہجری مین ماندہاتا نامی زمیندار بہجہڑی سی لڑائی
ہوئی گیارہ روز وہ اپنی گڈہی مین فوج الماس علیخان سے لڑا آخرکار گرفتار ہوکر خارج ہوا جہانند واودیچند کو خردمند خان کے
سفارش سے پروانہ عطای زمینداری اس موضع نیکوان کا پیشگاہ نواب مظفر جنگ رئیس فرخ آباد سی مرحمت ہوا کہ اوسکی
نقل یہہ ہے

نقل پروانہ نواب جنت آرامگاہ مظفر جنگ بہادر

جہانند چودہری محفوظ باشند عرضی مرسلہ ایشان معہ مبلغ یکصد روپیہ ویازدہ اشرفی نذر مبارکباد مفتوح شدن
قلعہ بہجہڑی وگرفتار آمدن ماندہاتا مقہور وکشتہ شدن مردمان ایشان سرکار وہمراہیان ایشان درین کارزار نمایان واخراجات
کثیر افواج وندرانہ محمد الماس علیخان بہادر معرفت برادر بجان برابر خردمند خان بہادر موصول مطالعہ شد معروضہ دریافت
شد چون بدر یافت بدعت وحرکات ناشایستہ وڈاکہ زنی وبدکردارے مقہور مزاج حضور ناراض بود وبہرحال استیصالش منظور
خاطر مابدولت بود از استیصال مقہور مذکور مزاج مابدولت از جانفشانی ہای ایشان بسیار راضی گردیدہ کہ علاقہ مذکور از خس
وخاشاک تمرد پاک شد در جلدوے این ہمہ جہد وجانفشانیہا زمینداری بہجہڑی وغیرہ چہار موضع کہ زمینداران انجا ہموارہ مصدر
فتنہ وفساد بودہ سر بشور انگیزی برداشتہ بودند بایشان مرحمت نمودہ شد باید کہ بخاطر جمع خود را زمیندار آنجا مستقل
دانستہ احدے ستمزدہ را دران مکان جا ندہند وبحفاظت قصبہ سکراوہ مستعد باشند ومابدولت را متوجہ حال خود دانند زیادہ چہ نگارش رود
تحریر تاریخ بست دویم شہر جمادی الثانی سنہ ۱۱۹۲ ہجری چنانچہ اس چودہری اودیچند اور اوسکی زوجہ کا تصرف
تا سنہ ۱۲۱۳ فصلی اس تعلقہ نیکوان کی دیہات پر رہا مگر جو زمینداران سابق تہے وہ بدستور آباد رہے اکثر ظلم وبدعت اس چودہری جہانند
اودیچند کیطرف سے زمینداران اس تعلقہ اور نیز اور دیہات اس پرگنہ پر ہوتا رہا چنانچہ علاوہ اخراج زمینداران بہجہڑی کی اس
جہانند نے ٹہاکران گورکہ خاندان دندولی سی تہی دلادرپور سے خارج کیا اور اونکی ایک بیٹی کو زبردستی پکڑکر اپنی گہر مین ڈالی
کہ اوس ظلم کی داستان ابتک زبان زد خاص وعام اس پرگنہ کے ہی اور نواب خداوند خان وخردمند خان نی اپنی طرف سے
قوم اہیران بیرپور کو بہت اختیار دیا تہا وہ دوبہ دوبہ مین اون لوگون نے گڈہی بنائی اور یہہ اہیران بہت زبردست ہوگئی تہے
اور سب زمیندار اس پرگنہ کے اون سے دبتی تہی جب اس ملک مین عملداری انگریزی منتظم ہوئے اور نواب فرخ آباد نی یہہ ضلع
سپرد سرکار انگریزی کیا سرکار انگریزی سے یہہ پرگنہ مسلم مجددًا بموجب حکم مورخہ ۳۰ مئی سنہ ۱۸۱۱ عیسوے وسند نواب گورنر جنرل اجلاس

کونسل مرقومہ چوبیسوین دسمبر ۱۸۱۱ عیسوی نواب امین الدولہ خردمند خان موصوف کو نسلاً بعد نسلٍ عطا ہوا چنانچہ نقل سند کے یہہ ہی ۔

محمد اکبر شاه بادشاه غازی
مهر سرکار فیض آثار کمپنی سنه ۱۲۲۴
انگریز بهادر مدار المهام ممالک محروسه
متعلقه کشور هند فدوی

صاحبان جج وکلکٹر حال واستقبال ومتصدیان مهمات سرکار وجاگیرداران وکروریان وچودهریان وقانونگویان پرگنه سکراوه وغیره متعلقه ضلع فرخ آباد بدانند که درینولا مواضع سکراوه وغیره مفصله الذیل علاقه پرگنات مذکور از حضور نواب مستطاب معلی القاب اشرف الامراء لارڈ منٹو گورنر جنرل بهادر دام اقباله بموجب حکم مصدره سی ام ماه می ۱۸۱۱ عیسوی بطریق التمغا نسلاً بعد نسل وبطناً بعد بطن بنام امین الدوله معظم الملک نواب خردمند خان بهادر بهبر جنگ مرحمت ومقرر شد باید که دیهات مرقومة الذیل را در وجه التمغا نواب موصوف معاف ومرفوع القلم دانسته بقبض وتصرف شان واگذارند که نسلاً بعد نسل حاصل آنرا به تصرف خود آورده باشند

سکراوه وغیره متعلقه فرخ آباد

سکراوہ وہ بیلا کھیڑہ دو موضع	بیبر پور مواضعات مواضعات دو	دندوہ مواضعات	بی بی پور م	مرزا پور م	موہرا م
موسی پور م	صدر پور م	بھیمی م	اودھیدا پور م	دولت آباد مواضعات	نبکوان م
شریف پور م	بجہدی م	بدھی م	شریف آباد م	الوپور م	مظفر پور م
علم پور	سکندر پور م	رسول پور	دلاور پور	بوبہم	لکھو پور
نعمت پور عرف آدی پور	دندولی	گوبند پور ماہ	دوبہ م	بجھو پور	رگھنا ہتہ پور
نگلہ بیم کرن	واحد پور	تحریر بتاریخ بست و چہارم دسمبر ۱۸۱۱ عیسوی			

اور نواب خردمند خان کو خاص حکومت و شغل اپنی پرگنہ سے رہا نواب خردمند خان نے اس پرگنہ کی زمینداران کے اختیار کم کرنے شروع کئی چنانچہ خاص قصبہ سکراوہ کے قلعہ مین اپنی عمارت بنائی اور ایک باغ طرف پچھانہ مین لگوایا اور اپنا رہنا شروع کیا چودہریان قصبہ کو بجز اونکی سیر کاست ومزرعہ ہای کے قصبہ خاص زمینداری سے بے اختیار کردیا اور اہیران بیبر پور کی تباہی مین مصروف ہوا چنانچہ ریٹ صاحب مجسٹریٹ کے وقت مین بعلت باقیات کے دوبکے اہیران کی اور دندولی کی ٹھاکران کی باغات و حویلیات نام زد

نام مزد باقیات کے نیلام کرا کر خرید کیا اور دوسرے امیرانکو خارج کیا اور وندولی والونکی باغات دیگر گہیدواڑے اور بیرپور خاص کے
گڈہی امیران کی گہیدواڑے اور اونکو ٹہیکہ مالگذاری سے محروم و مجبور کیا اور موضع صدرپور و بی بی پور و ڈنڈونہ دیہات سی خارج کیا مگر کچہہ
انکار کی طرح سب زمینداروں کو دیتا رہا کہ واصلباقی ہی قانونگویان مین ماسنہ وسنہ فصلی تفصیل انکار کی زمینداران کی لکہی
ہوئی ہی اور اکثر دستاویزات زمینداران کی پاس پہری نواب خردمند خان جاگیردار مین ٢٥ جولائی سنہ عیسوی مطابق سنہ ہجری
کو یہہ نواب فوت ہوا کہ اوسکی تاریخ کسی شاعر ساکن فرخ آباد نی یہہ کہی ہی چرخ اگر قرن ہا چرخ زند بعد ازین . کی شگفتہ ہمچو گل بہ
گلستان ہند از پی تاریخ او بر سر لوح مزار کاتب قدرت نگاشت فخر امیران ہند دلسبب نزاع یکدیگر وارثان اوسکی کل
پرگنہ جاگیر سرکار انگریزی مین قرق ہوا سنہ تا سنہ فصلی مین باختیار سرکار تحصیل ہوا اور بندوبست بازمینداران ہوگیا چنانچہ ڈوبا
کابندوبست ساتہہ دولت سنگہ وغیرہ امیران ڈوبا کا بندوبست ساتہہ خلق سنگہ امیرپور کے ہوا اور اونہون نے گڈہی مین دخل
کرلیا بعد اوسکی سب دیہات فیمابین پسران نواب خردمند خانکی پانچ حصہ پر تقسیم ہوگی اور سرکار نی علاقہ کو اونکی تحت مین چہوڑ دیا موضع
ڈوبہ وو مدت مین جو امیران نی دخل کرلیا تہا پسران نواب خردمند خان نی گڈہی اونکی تصرف سی خالی کرانا چاہا اونہون نے خالی
نہ کی نوبت استغاثہ کی سرکار مین پونہچی اور تہانہ دار نی شکایت عدول حکمی خلق سنگہ وغیرہ کی لکہی ٢٨ جون سنہ ١٨٣١ عیسوی مسٹر ٹیلر صاحب
مجسٹریٹ نے افسر کتان سی درخواست واسطی بہیجنی فوجکے بذریعہ چٹہی انگریزی کی آخرش دو کمپنی بہ تحت کپتان ولسن صاحب کے موضع
ڈوبہ کو بہیجی گئے ٣ جولائی سنہ ١٨٣١ عیسوی اوس گانو مین پہنچی خلق سنگہ حاضر ہوگیا اور گڈہی کو خالی کردی اور سب امیر فرار ہوگئی کچہہ نوبت
لڑائی کی نہ پونہچی اور ڈوبا بہی اوس ایام مین باعانت سرکار امیران سے خالی ہوگیا بعد اوسکی فیمابین دختران و پسران نواب مسطور
تنازعہ ہوا پہر یہہ پرگنہ قرق ہو کر سنہ لغایت سنہ فصلی سرکار مین بندوبست و تحصیل ہوا اوسکی بعد ایک ایک حصہ دختران کو
اور دو حصہ پسران کو حق پہنچا اور علاقہ واگذاشت ہوا ایک اونکی وارث متصرف ہین مگر نواب سعادتمند خان و مسماۃ مبارک النسا
وشمس النسا وبہو بیگم کا حصہ پاس جعفری بیگم کے بعوض قرض کے بطور رہن کے ٹہیکہ ہی اور نواب حسن علیخان کا حصہ قرضہ داران
ساہ بہاریعل مین قرق ہے نواب حسین علیخان و دانشمند خان دو پسران نواب مسطور اپنی حصہ جاگیر پر قابض ہین ان نواب صاحبان
کیطرف سے اکثر دیہات تشخیص اور اکثر خام اور نکاسی کل پرگنہ کی اڑتیس ہزار روپیہ تخمیناً ہی اور رقبہ کل پرگنہ کا حسب پیمایش چہتیس ہزار
پانچ سو آٹہہ ایکر ہے اس عرصہ مین مسمی سنگہ ایک زمیندار موضع کا اپنی حق تلفی کا نالشی گورنمنٹ تک ہوا کہ اوسکی گڈہی
رہنی کی اور باغ جاگیردار نے باقیات مین نیلام کرا کی اوسکو گانو نسے نکال دیا اور پختہ زمین جو اوسکی معافی تہی وہ ضبط
کرلی بعد تحقیقات اور دریافت حال اس پرگنہ کے لفٹنٹ گورنر بہادر سی حکم مورخہ ١٩ جولائی سنہ ١٨٤٠ واسطی کرنے پیمایش دیہہ وار
اور تحقیقات حقوق مالکان صادر ہوا اور ایک ہدایت نامہ مورخہ ٢٠ فروری سنہ ١٨٤٦ عیسوی جناب لفٹنٹ گورنر بہادر سے صادر ہوا
کہ اوسمین قاعدہ تجویز مقدمات دعوی دعویداران اس پرگنہ کے تین قسم پر تجویز ہوا قسم اول وہ دیہات کہ جنکی زمینداران کی سب

براوری شریک نفع نقصان رہی ہو اوسکا بند ولبست مانند دیہات خالصہ تنہا ہی فیصدے مت جمعبندی کیا جاوے اور سب اختیار زمینداران کی مانند دیہات خالصہ کی ہونگی جاگیردار جمع مقرری پاویگی دوسری قسم منجملہ زمینداران کی اگر لمبردار نفع نقصان کا مالک رہا اور براوری شریک نہین ہوئی او سمین لمبردار کی زمین مالکار بقدر رکتہ دسوین حصہ جمعبندی ہی ہیراکر زمین چک لبست کرادے جاوے اور جو بند ولبست جاگیرداران کا ہی وہ بدستور رہیگا اگر جب جاگیردار اونکو نہ دین تو زمیندار اپنی زمین مالکار پر بطور معافی قابض رہینگی اور تیسری قسم جسمین کوئی مالک نہین ہے وہ دیہات رعیتی رہین اونکی جمعبندی اسامیوار مرتب ہو جاگیرداران اوس مطابق محصول لینگے اور دوسرے اور تیسرے قسم کی دیہات مین اختیار عزل و نصب پٹواری باختیار جاگیردار اور اول قسم مین باختیار زمینداران ہوا اور قانونگویان پرگنہ کی جو ابتک باقی رہے اونکی زمین علیحدہ کردیا جاوے یا نقدی بمقرر رہے مگر سب جاگیرداران پر حسب رسد تفریق کردیے جاوے فقط چنانچہ تفصیل قبضہ ہر ایک جاگیردار اور قسم حقوق زمینداران کہ جسطرح فیصل ہوا ذیل مین ہے

نواب حسین علیخان		حسن علیخان		دانشمند خان		سعادتمند خان		بشمند خان		مبارک النسا		بہو بیگم		شمس النسا	
نام موضع	قسم حقیت	نام موضع	قسم حقیت	نام موضع	قسم حقیت	نام موضع	قسم حقیت	نام موضع	قسم حقیت	نام موضع	قسم حقیت	نام موضع	قسم حقیت	نام موضع	قسم حقیت
بی بی پور	دویم	مجھولپور	دویم	مزرعہ سکراوہ	سیوم	بوتہم	سیوم	الت آباد	اول	نبہ مکرنا	سیوم	فرواپور	سیوم	دنیاپور	دویم
صدرپور	سیوم	ننگوان	اول	دیبی پور	دویم	اوریپاپور مزرعہ	سیوم	بہکوتی	سیوم	کرانہ	سیوم	ریکولپور	دویم	ہوسی پور	سیوم
بیٹی	ایضاً	سرلپور	دویم	عثمان پور	دویم	دلاورپور دالوہ	سیوم	واحدپور	سیوم	عمرپور مزرعہ سکراوہ	دوم	نیف آباد	اول	برہی	دویم
الوپور	دویم	اسیم پور	دویم	گہرپورہ	سیوم	دوبا	سیوم	لکوپور	دویم	قطب پور	اول	عمرپور عرف نعمت پور	دوم	ــ	
بیلم پور	اول	سکندرپور	دویم	نرہا	سیوم	[illegible]		دوبندہ	سیوم	نگلہ کریم	اول	[illegible]			
بجھیری	سیوم	نیف آباد	اول	قصبہ سکراوہ خاص	سیوم			[illegible]		نگلہ بنا	سیوم				
رکن بیلیہ جابنے	سیوم	سورسا مصراؤ مزرعہ دہدولی	سیوم	رسولپور مزرعہ						دنگلہ بہاد مزرعہ دہدولی					
وندرو	سیوم	[illegible]		دسولپور	دوم					[illegible]					
[illegible]				دلاورپور مالع	سیوم										
				[illegible]											

نقشهٔ پرگنهٔ سکراوه ضلع فرخ آباد

۱ کوار ۲ جبس ۳ گور

نام قوم	رنگ
راجپوتان	
برهنمان	
اهیر	
کاچهی	
لوده	





شرقی
غربی
ایروا
نام قوم
رنك

باب سوم


پرگنہ سکت پور

اس پرگنہ مین کوئی قصبہ کلان نہین ہی چار پانچ آبادی مثل اسروا وبہاری پور وسکت پور وامرن وکوڑریل وماکہہ دیہات کلان
ہین اوراسی پرگنہ کی ہرایک دیہات مین گڑہی کہنہ اکبرآباد اوربعض مہندمہ ہین مگراب بہاری پور خاص مین تحصیلدار وتہانہ دار رہتا ہے
اورایروہ کی پاس ایک گنج بسایا ہوا راجہ مین پوری والہ کا ہی اوریہہ پرگنہ بہت اچہا سیرحاصل ہی بیشتر باشندے قوم ٹہاکر ہین اور پہلے
اس پرگنہ پر تصرف راجہ مین پوری کا تہا اورادن ٹہاکران قوم بیس کی آمد اسطرح ہوئی کہ مسمی ہنسراج سورث اعلی ٹہاکران بیس ڈونڈیا
کہیڑہ کہ جکلہ متعلقات صوبہ ملک شاہ اودہ مین واقع ہی بسبب رشتہ داری راجہ مین پوری قوم چوہان کے آکر اول موضع بیس پور متصل سکت پور
کے بسا اوراوسکی قومیت کی سببسے اوس گانون کانام بیس پورہ مشہور ہوا اور سال وتاریخ آمد کی ثبوت نہین مگرحال کے
موجودہ آدمی اوسکی پندرہوین سولہوین شاخ مین ہین اوراسی پایا جاتا ہی کہ جب راجہ راٹہور اولاد جیچند سی مقام کہور عرف
شمس آباد مین راجہ تہا اور اوسکی عہد مین قوم بہار اس ضلع سے خارج کی گئی اور ٹہاکران سب ضلع مین پہیل گئی اوسی عہد مین
آبادی قوم بیس کے اس علاقہ مین ہوئی اور مسمی ہنسراج سورث اعلی ٹہاکر بیس کے دو پسر ہوئے ایک بوائچ دیو کہ اوسکی اولاد کنہ
ڈرور وغیرہ دیہات غربی اس پرگنہ و پرگنہ سکراوہ مین آباد ہوئے اور اوسکی اولاد سے پرگنہ پرم نگر مین آکر متصرف ہوئے اور
دوسرا سیکہہ دیو کہ اولاد اوسکی راجپور و نظام پور وکلگئی دہموداہی دبرولی وکہرک پور بلندپور دہنگوان ودرونسانہ ترقی
دیہات دلاکہہ دکرسا ددارا پور دنادی مئو وکلسان وڈہ پورہ پرگنہ سورکہہ وماد ہونگر پرگنہ تالگرام مین آباد ہوئے کہ اتنک
آباد ہین اوریہہ علاقہ اسی سببسے بیسوارہ مشہور کیا مگراب کوئی رئیس بانمود باشندگان اس پرگنہ سی نہین ہی جہانند
واودیچند پسران ہنو پرشاد قوم برہمن تواری کہ خاص بہاری پور حصہ دار تہا پہلی عملداری مین اوسکی طالع نی ترقی کی خواجہ
الماس علیخان جو نواب وزیر لکہنو والہ کی طرف سے اٹھائیس برس تک اٹاوہ وغیرہ ضلع کا حاکم مستقل رہا اوسکی سامنی جہانند
برادر کلان اودیچند کی پیش آمد ہوئی اور خواجہ الماس علیخان اودیچند کو بیٹا کہتا تہا اوسنے یہہ سب پرگنہ اودیچند کی تحت مین
کردیا ۱۲۰۹ فصلی سے انکی ترقی زیادہ ہوئی اوسنے ان ٹہاکران بیس کو مغلوب کیا اور اونکی دیہات زمینداری اپنی تعلقہ مین
شامل کی ابتداے عملدار سرکار مین اودیچند کا نام زمینداری مین داخل ہوگیا ۱۲۱۳ فصلی مین صاحب کلکٹر نے اوسکی نام بندوبست
نکیا دیہہ دار مقدمان کی ساتہہ اوسکا بندوبست کردیا اور اودیچند تاریخ ۱۰ اپریل ۱۸۰۶ء روز چہارشنبہ وقت شب فوت
ہوا اندرجیت اوسکا بیٹا مالک ہوا ۱۲۲۱ فصلی تک بہت دیہات اونکی قبضہ سی خارج وممالگذاری مقدمان مین رہی اوربعد اوسکی
بندوبست بنام اندرجیت ہوا اور اندرجیت اٹھائیسوین اگست ۱۸۳۲ء کو فوت ہوا نام اوسکی والدہ ٹہکراین کا داخل ہوا قانون ہنم
۱۸۳۳ء کی بندوبست مین تحقیقات ہوکر رسم مالک مقدمی قرار پائے کہ باشندگان کی ساتہہ بندوبست ہوا اور ع نیصدی

جمع ہر دو تعلقداری وارث ہوا اودیچند کا ٹہیرا اور باقی دیہات کا بندوبست بنام ٹہکراین زوجہ اودیچند کی ہوگر کورٹ اف وارڈس علاقہ رہا اور سرکار کیطرف سی بطور سربراہ کاری کورٹ اف وارڈس کے باشندونکی ساتھہ مستاجری بندوبست ہوگیا اور بفیصلے عدالت دیوانی ٹہکراین کا ٹہیرا بائیگی سنہ ۱۸۰ ضلع سی بصدور حکم صدر یہہ علاقہ ٹہکراین کی اختیار مین چہوڑدیا گیا اور ٹہکراین نی جیچند پسر ملدیو بخش ساکن بہاری پور کیجدی اودیچند کو متبنیٰ راجہ اندرجیت کا قرار دیکر مالک اپنی ذریت کا کیا اور ماہ نوابر سنہ ۱۸۰ء مین نام جیچند کا بشمول نام ٹہکراین مندرج ہوا اوسکی مالگذاری دو لاکہہ روپئے سے زیادہ ہی اور تعداد کل دیہات مالگذاری بہ تفصیل پرگنہ بموجب ذیل ہی

ذیل ہی	سکت پور	چہبرامو	قنوج	تالگرام	سورکہہ	اعظم نگر	بہوج پور بہار	میزان کل	اور علاوہ
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اسکے امین پور مین ہی اوسکو علاقہ زمینداری ہی اودیچند کا بہتیجا حقیقی ایک مسمی جودہا ملی تہا اوسکی زوجہ گڈہی موضع نسرن مین رہتی ہی اور دوسرا بہتیجا اودیچند کا مسمی باجی لعل تہا اوسکی زوجہ گنگا گنج مین رہتی ہی اور ایک گڈہی معروف اندرگڈہ رقبہ موضع اودم پرگنہ سورکہہ مین بنائی ہوئی اودیچند کی ہی دوسری زوجہ اودیچند کی اوسمین رہتی ہی اور ایک بازار معروف کہیڑہ موضع پورہ مین آباد کردہ اودیچند کا ہی اب ٹہکراین اور جیچند مالک کل ریاست کی ہین اور وارثان باجی و جودہا ملی اور زوجہ ثانی اودیچند کو کچہہ خرچ واسطی کفاف کی منجانب ٹہکراین اور جیچند مقرر ہی اور اب ٹہکراین اور جیچند قابضان اس علاقہ کے موضع لشن گڈہ معروف جنہہا مین آباد ہین کہ وہ اب پرگنہ چہبرامو مین شامل ہوا اور کرسی نامہ خاندان اودیچند کا ذیل مین ہے





نام قوم
رنگ
راجپوتان
برہمنان
مسلمان

باب سیوم


ہٹہا و تروا

یہہ پرگنہ قدیمی نہین ہے سابق عملدارمین واقع پرگنہ تالگرام دو تعلقہ ہٹہا وتروا مالگذاری ٹہاکران گہبلہ راجہ تروا اور راجہ ہٹہا کے تہی اونکی جمع جدی محسوب ہونی لگی عملداری انگریزین سنہ ١٢١٢ فصلی سے وہ پرگنہ علیحدہ ہوگئی تا سنہ ١٢٣٦ فصلی پرگنہ تروا شامل ضلع اٹاوہ اور ہٹہا ضلع کانپور سے متعلق رہا سنہ ١٨٣٢ء یہہ پرگنہ اس ضلع مین شامل ہوے اوراس پرگنہ مین زیادہ زمیندار ٹہاکر گہبلہ کی ہی اور فی زمانہ راجہ جگت سنگہ رئیس تروا بامود و تعلقہ دار ہتی اور ہٹہا کی تعلقہ دار تباہ اور برباد ہوے اور بنیاد ان دو تعلقہ کی اور آمد و غلبہ اس قوم گہبلہ کا اسطرح ثابت ہوا کہ سمت ١١ بکرماجیت مین بعہد راجہ جی چند والی قنوج کے ایک آدمی مورث اس قوم کا کہ نام اوسکا معلوم نہین ہے ملک کہیل کنڈہ مقام باندوگڈہ متعلقہ راج ریمان سی آکر اول موضع کولاپور پرگنہ قنوج مین آباد ہوا اور بعد چندی موضع الوگی پرگنہ ہٹہا مین اوسکی باشندگی ہوئی اور وہان سی اوسکی اولاد دو فریق ہوے ایک یہہ ناما کہ وہ الوگی مین بدستور آباد رہی اور چہار موضع الوگی و فرحت پور و جال پور و رام پور اونکی تصرف مین رہی کہ اونکی اولاد اب بہی الوگی مین آباد ہی اور یہہ ہر چہار موضع اب تک محال اور ایک رقبہ ہی اور دوسرے فریق روماناملقب ہوے کہ اس روما ناکی خاندان سے یہہ ہر دو راجہ تعلقہ دار ہین موضع الوگی سے روماناا اوٹہکر موضع کانگی سو پرگنہ ہٹہا مین اور وہان سے موضع سہی پور مین آباد ہوے اور سہی پور سے مسمی بہرم دیو تاہر سنہ رای اوسکا بیٹا موضع توسابری تعلقہ تروا مین اور دہرم دہس اوسکا پوتا موضع نیرا کیانی مین کہ جسکا نام اب تروا ہی آباد ہوا اور اوسکا رسوخ عاملان پرگنہ سی ہونی لگا صاحب تعلقہ تروا کی وسکی تصرف مین آگئی اور مسمی بہار سنگہ ایک بیٹا اوسکا دیہات توسابری و موگرا پر متصرف ہوے کہ اب بہی اوسکی اولاد ان دیہات مین آباد ہی جہا سنگہ دوسرا بیٹا دہرم دہس کا باقیمانہ دیہات تعلقہ تروا پر قابض ہوا اور اس جہا سنگہ نی کچہہ اور دیہات نواح کے خریدکی تولارام ایک بیٹا اوسکا موضع بوہدہ مین آباد و متصرف ہوا کہ اوسکی اولاد اب بوہدہ مین ہی اور پرتاب سنگہ بڑا بیٹا اوسکا مالک تعلقہ کا ہوا اور اوسکی طالع نی ترقی کی اوسنے بہت دیہات اس نواح کے اپنی تعلقہ مین شامل کئی اور اوسکو خطاب راو کا پیشگاہ حکام وقت سی ہوا پرتاب سنگہ کے دو زوجہ تہی اول رانی سے سمیر سنگہ و دم سنگہ و رتن سنگہ تین بیٹا ہوے بعد مرنے اول رانی کے راجہ پرتاب سنگہ نی دوسرے شادی کی اور علاقہ تروا کا اول زوجہ کی اولاد کو چہوڑکر اپنی بود و باش ہٹہا مین اختیار کی اور اوس نواح کے دیہات کو اپنی قبضہ مین لاکر تعلقہ ہٹہا قرار دیا چنانچہ سمیر سنگہ اولاد زوجہ اولی سے تعلقہ دار تروا اور رانی سنگہ زوجہ ثانی سے تعلقہ دار ہٹہا ہوا اب ہم ظاہر کرتے ہین حال دونو تعلقہ کا جداگانہ **تعلقہ تروا** سنہ ١٢٠٦ فصلی مین مسمی سمیر سنگہ تعلقہ دار زندہ موجود تہا اوسوقت مین ٢٢ موضع تعلقہ قدیم سے اور ١٩ موضع تعلقہ جدید الوگی و بوہدہ وغیرہ بنام سمیر سنگہ مذکور مندرج موازنہ قدیم تہے اس سمیر سنگہ نی نو موضع سانذہ وغیرہ اپنی بہائی جہلی ذم سنگہ کو اور تین موضع سورا وغیرہ رتن سنگہ چہوٹی بہائی کو دیکر باقی دیہات پر اپنا تصرف رکہا اور اس سمیر سنگہ نے زیادہ تر اوسی کو رسوخ بائی کہ جب نواب

شجاع الدولہ وزیر لکہنو بمقام بکسر انگریزی فوج سے شکست پاکر روہیل کہنڈ کو گیا اور معاودت آیا بہیا راجہ سمیر سنگہ اوسکی رفاقت
مین تہا اور بذریعہ وزیر الممالک موصوف کی بادشاہ دہلی سے مشرف ملازمت ہوکر راجہ کا خطاب پایا اور اپنی ریاست کو بہی
بڑہایا اور اس سمیر سنگہ کا بنایا ایک چاہ پختہ موضع علان پور پرگنہ تروا مین شاہراہ پر واقع ہی اوسکی پیش طاق یہہ عبارت
پتہر پر کندہ ہی ۔ راجہ سمیر سنگہ بنا کردہ چاہ ۔ چشمہ شیرین بود از سلسبیل ۔ ہاتف گفتا کہ پی تشنگان آب حیات است براہ سبیل
سمیر سنگہ کو کچہہ اولاد نہین تہی اوسنے انرودہ سنگہ برادرزادہ مرسنگہ کو متبنی اور مالک ریاست کیا چنانچہ ۱۱۹۳ فصلی کے
واصلباقی مین تعلقہ تروا بنام انرودہ سنگہ کی لکہا ہی اوسکی وقت مین کچہہ علاقہ نہین بڑہا یہہ انرودہ سنگہ ۱۲۰۸ ہجری میں بمقام راجہ جیت
مین فوت ہوا جسونت سنگہ و بہیم سنگہ دو بیٹے اوسکے ہوے جسونت سنگہ بڑا بیٹا ریاست پر قابض ہوا اور بہیم سنگہ دوسرے
بیٹے کو موضع بہوبان و بیرم پور جمعی صہ ہزار کا واسطے معاش کے ملا اور یہہ راجہ جسونت سنگہ لایق عاقل تہا اور علم شاستر
مین خوب دخل رکہتا تہا چنانچہ اوسنے ہزار دوہرہ دقیق سے ایک کتاب ویسی ہی ترتیب دی ہی کہ جیسا ستسیا سات سو دوہرہ
دقیق سے بہاریلعل سے ترتیب اور یہہ جسونت سنگہ بہت من وشنہ زور تہا کہ اوسکی سبہہ ہمنی دیکہی ہی قبل از عملداری سرکار جسونت سنگہ
اپنی تعلقہ پر بانتظام تمام متصرف تہا ۱۲۰۹ ہجری مین جب نواب اصف الدولہ وزیر لکہنو کی واسطے اخراج نواب غلام محمد خان کی لشکر
کشی کی راجہ بہیم سنگہ برادر جسونت سنگہ بذریعہ الماس علیخان مشرف ملازمت اور ہمراہ لشکر نواب موصوف ہوا بعد اس فتح کے انعام
نے موضع اوسیر دسنگرہی وگونڈہا ورحمت پور چار موضع جسونت سنگہ کی تصرف سی بہیم سنگہ کو اوردلانے اور بہیم سنگہ نی چار
موضع سور سہی وسمبہا وسنگہ پور واحورہ خریدکہے شامل موضع بہو ۔ کی کیا اور ایک تعلقہ قرار دیا تا حیات جسونت سنگہ
کے بہیم سنگہ اوسی تعلقہ بہوبان پر متصرف رہا اور اوسنے موضع بہوبان مین ایک گڈہی بمکانات متعدد تعمیر پختہ اور ایک گڈہی
موضع اوسیر مین بعمارت خام بنائی اور اس عرصہ مین سانڈہ وغیرہ نو موضع جو دمر سنگہ بہائی سمیر سنگہ کو ملی تہی بسبب
پڑنی باقی اور نالیاقتی ریپال سنگہ نبیرہ دمر سنگہ مذکور سے بروی خرید جسونت سنگہ تصرف مین آگئی اب اودمر سنگہ اولاد
موضع سہلا پور مین بطور خوشباش آباد ہی اور رتن سنگہ تیسرے بہائی سمیر سنگہ جد جسونت سنگہ کو جو تین گانو ملی تہے اوسکی پوتے
پسر رتن سنگہ کی نالیاقتی سے بقبض جسونت سنگہ مذکور آگئی ۱۲۱۱ لغایت ۱۲۱۳ فصلی بموجب بمیعادی پر یہہ تعلقہ مشتمل تہا بجمع
مالیہ بابت ۱۲۱۴ لغایت ۱۲۱۶ فصلی بجمع ہزار روپیہ سالیانہ میعادی بنام راجہ جسونت سنگہ بندوبست ہوا
۱۲۱۷ فصلی مین صاحب کلکٹر نے ان دہاتوں اور بسبب انکار راجہ مذکور بطور خام تحصیل وحفاظت جایداد کے زیر باری اس علاقہ کے
ہوئی ۱۲۱۸ فصلی سے بندوبست باباشندگان ومستاجران فرداً فرداً دیہہ وار ہوکر راجہ کا مالکانہ بعلاقہ بشرا تاریخ
سیوم اکتوبر ۱۸۳۱ عیسوی راجہ جسونت سنگہ فوت ہوا بسبب نہونی کچہہ اولاد کے بہیم سنگہ اوسکا بہائی مالک ریاست ہوا
۱۲۱۸ فصلی سے بندوبست علاقہ بحکم صاحبان صدر بنام راجہ بہیم سنگہ ہوگیا مگر سب دیہات پر دخل راجہ کو دلادیا گیا مگر کچہہ علاقہ

علاقہ بالتحقیقات کامل باشندوں کی ساتہہ بندوبست رہا اور اوسکا مالکانہ راجہ کو ملتا رہا اور جولائی ۱۸۴۸ عیسوی مین مسمی دہار جیت
اوسکی بکہدیہ نے دعوی حصہ ریاست کا کیا مگر دخل نہ ملا اہنوا ابر ۱۸۴۸ کو راجہ بہیم سنگہ فوت ہوا اور نام جگت سنگہ کا ہو وروے
۱۸۵۰ عیسوی کو داخل ہوا اثنا ہم ۱۸۵۰ عیسوی کے بندوبست مین دیہات تعلقہ راجہ مین باشندگان کو زمیندار ٹہیرایا گیا تہا مگر راجہ
جگت سنگہ نے عدالت مین نالش کرکے ڈگری پائی اب جگت سنگہ قابض متصرف ہی اور اوسکو تعلقہ تروا معہ دیہات اور پرگنجات
اس ضلع و ضلع مین پور کے قریب ایک لاکہہ روپیہ کی جمع مالگذاری ہی مگر اوسکی کچہہ اولاد نہین ہے اور اس پرگنہ مین دو آبادے
لایق خاص تذکرہ ہین **تروا خاص** پہلی اسکا نام تیراکہا جی تہا بتدریج تیرا کا اختصار تروا زبان زد ہوا متوسط
آبادی ہی عمارت خام صرف ایک حویلی پورہت راجہ کی لعمارت پختہ ہے اور راجہ کی خاص رہنے کی گڑہی جانب غرب آبادی سے
ہی اوسین ایک مکان شیش محل بہت اچہا بنا ہی اور ایک باغ آبادی سے جانب شرق چہار دیواری پختہ و دروازہ بلند
و دیوانخانہ مکانات متعدد بہت اچہا ہے اور اسی باغ سے قریب ایک مندر دمیان پورن کا بہ عمارت سنگ سرخ گنبد رفیع
خوب بنا ہی کہ اوسکی طیاری مین لاکہہ روپیہ از روی سنگ صرف ہوا اور مندر کی پاس ایک تالاب بمکانات کثیر لمبا اچہا بنا ہی کہ کوئی
تالاب اوسکی مقابل اس ضلع مین نہین مگر اوسکا پانی دیکہنی مین سبز ہی اور رنگت اوسی سبزی کی بدنما ہے بقیر ایسے مشہور ہے اور
وہ پانی اونہانے سے اچہا صاف اور شیرین ہی اور یہہ مکانات راجہ جسونت سنگہ کی بناے ہوئی ہین مگر مندر کی تعمیر پریم سنگہ نی ختم
ہونی دوسرے آبادی موضع منظہ و اقریب تروا کی جانب جنوب ہی راجہ پریم سنگہ نی اوسکو آباد کیا اور ایک بازار لمبا بایا اگرچہ عمارت
خام ہی مگر اوسکی آبادی بہت گنجان ہی اور یہی موضع مین اب تحصیل کا مقام بنانا تجویز ہوا اور اس بازار مین سب جنس فروخت ہوتی
ہی اور ایک مندر پرستش سارو گیونکا اوسین واقع ہے **تعلقہ ٹہٹا** ۱۲۰۰ فصلی مین لایق سنگہ کی نام پریم
بنام تعلقہ ٹہٹا وغیرہ مندرج ہی اور اوس ایام مین پریم کے تین تعلقہ محلا و اگوس و اومرن علاقہ تہی کہ اوسکا تعلقہ دار
راجہ کسل سنگہ ٹہاکر نیکر رئیس رور و پرگنہ بیہوند کا تہا عمل سابق مین راجہ کسل سنگہ مذکور کا تصرف اوٹہہ گیا اس راجہ ٹہٹا
کے تصرف مین یہہ دیہات آگئی چنانچہ ۱۲۴۰ فصلی مین تحت پرگنہ تالگرام پریم ٹہٹا وغیرہ تعلقہ راجہ چہتر سال پسر راجہ لایق سنگہ
مذکورہ بالا لکہا ہی لایق سنگہ کے دو بہائی حقیقی تہے اچل سنگہ کی اولاد موضع جنیدلی پرگنہ ٹہٹا مین آباد تہی اب اونمین سے کوی
نہین رہا اور امید سنگہ دوسرے بہائی کی اولاد موضع جہیان پرگنہ ٹہٹا مین قابض اور موجود اور راجہ چہتر سال پسر لایق سنگہ رئیس
تعلقہ ٹہٹا کا ابتدای غدر مین اوسنے مکنپور کی کوٹہی انگریزی لوٹ لی اور میان گہرگہاٹ دریاے گنگ پر روکر کشتیونکا
مال لوٹ لینا شروع کیا داسطی رفع بدعت کی کے فوج سرکار تعینات ہوئی اور لڑائی مین کئی آدمی مارا ہی اور ایکصوبہ دار انگریزی
فوج گڑہی ٹہٹا کی مارا گیا اور چہتر سال شکست کہا کر جنگل باہر بہاگ گیا اور تاز ندگی چہتر سال کی اوسکی اولاد سی کوئی اس پرگنہ
مین آباد نہونے پایا اور سب علاقہ اوسکا باشندگان کی ساتہہ بندوبست ہوگیا باشندے مالک زمیندار ہوے بعد مرنے چہتر سال کے اوسکی اڑ

سرکار انگریزی مین رجوع لائے بعد عفو خطا انہا کی گڈہی واسطے آبادی کی اونکو ملی اور چہہ سال کو کچہہ اولاد نہین تہی سوداسنگہ اوسکی بہائی کی اولاد گڈہی ٹہٹہا مین آباد ہوئے اور خاص ٹہٹہا اور چار پانچ گانو اور اولاد سوداسنگہ کی قبضہ مین ہوگئی اب گوپال سنگہ نبیرہ سوداسنگہ قابض ہے اور اوسکی اوقات مانند دیگر زمینداران کے ہی اور سنہ ۱۸۴۳ عیسوی مین ایک حرکت ناشایستہ لوگون سے سرزد ہوئی کہ بہکر سنگہ بہائی حقیقی گوپال سنگہ اور سردار سنگہ اور بہیرون سنگہ پسران سوداسنگہ مذکورہ بالانی باداسی لعل چیلہ اپنی خاندان کی گہر کو زیر تیغ تاریخ ۹ جولائی سنہ ۱۸۴۳ عیسوی بطور ڈاکہ کی لوٹ لیا اور یہہ جرم اونپر ثابت ہوا کہ ابتک وہ لوگ مقید جیلخانہ مین دیگر دیہات مین اس جہ کا کچہہ تصرف و اختیار نہین رہا اور نسل خاندان ان ہردو تعلقہ داروں کا جہانتک دریافت ہوسکا آیندہ لکہا جاتا ہی -



اور اس پرگنہ ٹہٹا مین جو آبادی لایق خاص تذکرہ ہین ذیل مین ہین **ٹہٹا خاص** متوسط آبادی ہی اور جانب شرقی
آبادی سے واقع باغ مہنت والہ منضبط سرکار ایک تالاب سنگین عمارت کا بہت عمیق اور اوسکی اوپر ایک شوالہ بنایا ہوا جو چہتر سال
کا عرصہ صد برس سے موجود ہی اور آبادی گنج ٹہٹا مین ایک مندر پرستش قوم سراوگی کا اور گنج سے جانب غرب ایک باغ و عیدگاہ
پختہ کہنہ بنایا ہوا للا وغیرہ قوم انگریز کا موضع ٹہٹانہ مین موجود ہی **موضع جنکہت** بہت پورانے آبادی ہی اور اوسکا
کہیڑہ بہت بلند اور اوسکی اوپر ایک گڑہی بعمارت پختہ واقع ہی اور سب لوگ اسکو راجہ جنک کا مقام کہتی مین کہ جسکا تذکرہ ہندوون
کی شاسترین تحریر ہے اور راجہ جنک وہ ہی کہ جسکی دختر راجا رام چندر کی رانی تہی اور ایک درخت برگد کا بہت پورانا ہی ہمنی بچشم
خود دیکہا کہ اوس درخت کی اندر ایک پتہر کی مورت آدم قد موجود ہی اور ریشہ جڑ اوس درخت کی اوس مورت کی جسم مین پیوستہ ہوکر نکلی ہی
کہ وہ مورت گویا جڑ درخت کی ہوگئی مگر چہرہ اور جسم کی سب علامت ظاہر ہی اور اوس مورت کو راجہ جنک کی تصویر مشہور کرتی مین
اور اوس درخت کی متصل ایک چاہ پختہ واقع ہی وہ چاہ جانکی جی یعنی رام چندر کا مشہور کرتی ہین اور نواح کی لوگون کو یہہ اعتقاد
ہی کہ اس نواح مین بالکل کہ زمینداران جس پر کچہ سخت قسم دینی ہو اسی چاہ پر قسم دیتی مین **خیر نگر** اچہا آبادی ہی ایک
بازار اسمین واقع اور یہہ گانو ایک بڑا تعلقہ مقبوضہ ٹہاکران کچہواہہ کا ہی اور اس گانو کی زمیندار ٹہاکر کچہواہہ پہلی بہت متمول اور
فیل نشین تہی اور اونکی آمد اسطرح ہوئی کہ رتن سنگہ ٹہاکر کچہواہہ جمن پار علاقہ اٹاوہ سی اکر موضع للوا وغیرہ نو موضعات پر قابض
ہوا اور موضع للوا مین اپنی آبادی اختیار کی اوسنی ٹہاکران گہلوت زمینداران سابق سے خیر نگر خرید کیا اور انند جیت اوسکی پسر
نے اسی موضع کی متصل رام پور ہنورا خرید کر کے تصرف پایا اور خیر نگر مین رتن سنگہ نے اوپر کہیڑہ بلند کی گڑہی بنائی ہی اور موضع
پرکہا و ٹہٹانہ دہری نگر وغیرہ خانہ ویران ہوکر دوسری کی زمینداری حاصل کرکے اپنا تصرف کیا اور یہہ ٹہاکر بطور ایک تعلقہ دار کی رہی اور اون کو
دربار گوالیار سی رسوخ تہا کہ اوس ملک مین ایک تعلقہ لایم جمع پر ایک انکی قبضہ مین ہی اس ضلع مین انکی اولاد کی نام بندوبست
علاقہ خیر نگر وغیرہ معہ جمعی بندوبست کا ہوا مگر اونکی اطوار ناقص ہوئی اور اپنی رعایا پر ظلم اور معاملہ سرکاری مین نادہندی اختیار کی
آخر کار سنہ ۱۸۴۱ و سنہ ۱۸۴۲ء مین سب علاقہ اونکا بسبب موضع سرکے نیلام اور گہر کے اسباب کا تعلقہ ہوگیا خیر نگر دفعۃً ہوکر خرید کار
اور ٹہٹانہ و ترکہا دہری نگر موتی لعل پنڈت کشمیری ساکن لکہنو کی خرید مین آیا ٹہاکران کچہواہہ کی ریاست برباد ہوگئی اب وقت ترمیم بندوبست
کے سنہ ۱۸۵۴ عیسوی مین سرکار نے براہ رحم خیر نگر مستاجری مین دیا اور کوئی آبادی اس پرگنہ مین لایق خاص تذکرہ کی نہین ہے
اور دیہات شل اومرین دہری نگر وغیرہ مین گڑہی پختہ خام واقع ہین کہ وہ نمونہ سرکشی زمینداران سابق کا ہی مگر اب اکثر گڑہی
ویران اور منہدم ہوگئی اور اس پرگنہ مین مصرف اور کہین مصرف پر پانی چاہ کا تلخ ہی در موضع اومرین ہنورا رام پور مین
پانی کہاری اور سب دیہات مین پانی شیرین ہین اور یہہ دو نو پرگنہ ٹہٹا و ترواہ بالا جمال دفتر سرکار مین لکہی جاتی ہین اور جب سنہ ۱۸۴۳ء سے
جیسا عدد پرگنہ قایم ہوئی اوسکا نقشہ بقید حدود ہر دیہہ لگ ہر قوم زمینداران آیندہ شامل ہی اور تفصیل زمینداران اقوام کی ذیل مین ہے

راجپوت گہلہ	راجپوت گہلوت	راجپوت دخیمہ	راجپوت کہروار	راجپوت کچھواہہ	راجپوت سینگر
لکم	ے م	لکم	ھم	ہ م	ہ م
برہمن گور	برہمن قنوجی	برہمن پنڈت کشمیری	کورمی	بانیہ اگروال	مسلمان مغل و شیخ و سید و پٹہان و مومن
لک	ــ	ے	ہ	ہ م	ھم
اقوام مختلف جو اونکی گانو مین چند قوم اگلہ اہین	انگریز سرکاری دیگر انگریز	قوم کایتھہ			
ھم	لک	یک			

اوراس پرگنہ مین فرارعان قوم لودہ صرف کسان بہت دیہات مین آباد ہین اور دوگوت ان لوگون کی ہین ایک حرما دوسرے تیپریا اور یہہ لودہ گوت حرما اکثر پیشہ ٹہگی کا کرتے تہے کہ عملداری سرکار مین انسداد ٹہگی ہوئی اور اوس علاقہ کی باشندے قوم لودہ ٹہگ اکثر پہانسی پا گئے اور اکال کے سال مین یہہ سب تباہ ہو گئی اشتمار کی رو سے اس ہر دو پرگنہ مین قوم لودہ اسامی تعداد ذیل معلوم ہوے

حرما		تیپرا	
الف اسامی		ــ اسامی	

پرگنہ قنوج

قنوج بہت پورانا آبادی ہے کہ اوسکی تذکرہ کتب قدیمی سی خصوص قنوج مہانم سے منکشف من اور ہرایک جگ مین یہہ قصبہ اباد رہا چنانچہ ست جگ مین اسکا نام مہودہ تہا کہ راجہ مہودلی ابادکیا تہا اور جگ ترتیا مین کسش تہلی نام ہوا کہ کس خلف راجہ رامچندر نے بسایا اور جگ دواپر مین گادہ پور نام ہوا کہ راجہ گادہ نی کچہ آبادی کی کلجگ کی شروع مین قنوج نام ہوا اور وجہہ تسمیہ قنوج کے یہہ ہی کہ شروع کلجگ مین اوس وقت کے راجہ کی بیٹی کورہ لبست یعنی گوہری تہی زبان شاستر مین لڑکی ناکتخدا کو کنیا اور کوبے کو کبج بولتی ہین اوسکا نام کنیا کبج تہا کوی راجہ اوسکی شادی قبول نہین کرتا تہا راجہ اوسکی باپ نے کسی برہمن سے اوسکی شادی کی اور یہہ شہر اوسکے نام پر کنیا کبج موسوم کیا کہ تدریج قنوج مشہور ہوا اور قنوجی برہمنو نکی بنا اسی قصبہ سے ہے اور جو کہ ہندوان کی شاستر کے رو سی یہہ چار دون جگ ہمیشہ ہوتی رہی ہین یہہ نہین معلوم کہ یہہ حکایت کس چوکری جگ کی ہی اور شاستر مین کسان بن و چندن بن اطراف مین لکہا شہر کے ہوتے ہین کہ کسان بن وہان تہا کہ جسجگہ پر موضع کسم کہور آباد ہی اور چندن بن وہ تہا کہ جسجگہ پر چندن سے قبری تا لاب چندن شہید موسوم ہو تا اوسی بن کا باعث بیلاتی ہین آخری راجہ اس قنوج کا راجہ جیچند تہا کہ راہٹور سورج بنسی تہا کہ اوسکا حال بیان عملدار ہندوون مین مفصل لکہا گیا بعد نیست و نابود ہونی سلطنت راہٹور کی یہہ علاقہ اہل اسلام کے تحت مین آیا اور بادشاہون مسلمان کی وقت مین سرکار قنوج مقرر ہی کہ ایک حاکم چکلہ دار یہان رہتا تہا آئین اکبری مین یہہ پرگنہ بلفظ حویلی قنوج تحریر ہے اور معلوم ہوتا ہی کہ اوس زمانہ مین مقام صدر بلفظ حویلی تحریر ہوتا تہا اور اوس عملدار انگریزی مین تا سنہ ۱۸۳۶ء یہہ پرگنہ شامل ضلع



ضلع کانہہ پور کی رہا مارچ ۱۸۶۳؁ سی اس ضلع فرخ آباد مین شامل ہوا وقت بندوبست قانون نہم کی چند دیہات ندی ایسن سے
پار جانب جنوب پرگنہ ٹہٹا سی اس پرگنہ مین شامل ہوئی کہ اب تک وہ حدود قایم ہی کہ اوسکی روسی یہہ پرگنہ مشتمل ہی ... سے
کہ اوسمین ایک معافی اور ... خالصہ مین کہ اوسکا رقبہ وغیرہ مفصل جدول نمبر ... مندرج ہوا اور اقوام مفصلہ ذیل کے اتہہ ۔
مین زمینداری دیہات ذیل کی اب ہی کہ اوسکا رنگ نقشہ پرگنہ پر بنایا گیا

ٹھاکر گہلوت یکم	ٹھاکر رہکوار ـلے م	ٹھاکر بگہیلہ لوعہ م	ٹھاکر کہلوار دو م	ٹھاکر چوہان ہ م	ٹھاکر اوجیا سے م	ٹھاکر کہ جنبی سے م	ٹھاکر بیس سے م
ٹھاکر ہوار سے م	مسلمان شیخ کعہ م	مسلمان سید مو م	نومسلم عہ م	پٹھان یکم	برہمنان سوکل لکم	برہمن باجی لکم	برہمن معر للعہ م
برہمن دوبے ـلے م	برہمن چوبے حہ م	برہمن راوت دو م	برہمن تواری ـہ م	برہمن گنگاپوتر لکم	برہمن ناگر للعہ م	برہمن توار سیاہ لعہ م	کایتہ ـعہ م
بقال معہ م	کورمی رعہ م	کسان لودہ سے م	کاچہی لکم	لونیرا لکم	اکربر ـلے م	سرکار کمپنی معہ م	

اور اس پرگنہ مین ندی کالی فی قصبہ قنوج کی جانب شمال اور ندی ایسن جنوبی حد پرگنہ پر روان ہو کر گنگا مین جا ملی اور دریائے
گنگ حد شمالی و شرقی اس پرگنہ کی جاری ہی اور یہہ پرگنہ بروقت بندوبست آئین نہم کے تین قسمت مین یعنی اقسام زمین مین تفریق
ہوا ایک کچہوہا کہ جو ندی کالی اور دریائے گنگا کے مابین مین نشیب زمین تہی اوسمین چاہ خام اچہا نہین ہوتا ڈہیکلی کا چاہ ہوتا ہے
اوسکو چوہا بولتے ہین اوسمین مرطوب ترائی کے تہی پیدا وار اچہی ہوتی ہی دوسرا ڈنڈواری کہ ندی کالی و گنگا کے درمیان مین
اونچی زمین پہاڑہ کے دیہات مین اور بیشتر دیہات کے باشندے شریر اور متمرد ہین اور ایسی متمرد آدمیونکو اکثر ڈیڈی ہی سبب بولتے
مین اسی سبب سے یہہ حصہ ملقب ڈنڈوار ہوا تیسرا حصہ بانگر کہ مابین ندی کالی و ندی ایسن واقع ہے اور اون تینون حصے کے
بیگہوی شرح پرگنہ علیحدہ علیحدہ تجویز ہوئے اور اس پرگنہ مین جو آبادی و مکانات لایق تذکرہ ہین وہ یہہ مین **قصبہ قنوج**
پانچ قانون رقبہ مین یعنے قصبہ قنوج خاص و مندر روئے و تاجپور نوکاست و علاء الدین پور و عم پور کثرت مین آبادی عمارات بہت
شکستہ اور اکثر ویران ایک مندر راجہ جی پال کا بہت پورانا واقعہ ہی اوسمین راجہ جیپال کے مورت سنگین موجود ہی یہہ راجہ
جیپال ٹہاکر راٹہور سورج بنسے چکروت راجہ سنجک مین تہا اوسکے درشن ہنود کرتے ہین اور موسم برسات مین کچہہ پوجا شیرین دہان
وان چڑہاتی اور ایک بہت اونچا کہیڑہ قلعہ راجہ ہاوالی اس قنوج کا کالی کے کناری پر ہے کہ سابق مین اوسکی عمدگی تعمیر
بہت تذکرہ مین تاشدہ فصلی عملدار سرکار انگریزی مین اسکی کچہہ عمارت درست تہی اور کچہری تحصیل اوس قلعہ مین ہوتی ہی سرکار رکہے

طرف سے اوس قلعہ کا نیلام ہوا بالعوض چہسو روپیے سمی کانسی سو بہادر مانک وغیرہ نے خرید کیا یہہ مقام عبرت و انقلاب زمانہ ہے کہ راجہ جیچند کا قلعہ فروخت ہوا اور ایک دانگ خرید کری بعد نیلام کے مشتری نے اوسکی خشت و چوب اوکہاڑکر بیچ ڈالی اب ویران مطلق پڑا ہی نام و نشان دیوار کا بہی نہین ہی اور برسات کی موسم مین اکثر آدمی وہان مال ڈہونڈتی مین کسی کسی کو کچہ دفینہ مل جاتا ہے چنانچہ تخمیناً بیس برس ہوئے کہ ایک ڈبہ جواہرات کا مسمی پہنس قوم کوری ساکن قنوج نے پایا تہا کہ اوسمین ہیرا و چنی و موتی قیمتی تہے اوسکی خریدکنندہ و بینندہ آدمی موجود ہین اور سولہ برس ہوئے کہ بائیس ۲۲ اینٹ سونیکی فی اینٹ ڈہائی پاؤ سی کم نہی سٹی سے نکلے باشندۂ اس قصبہ نے پائی تہے اوسمین سے سات یا پانچ سرکار انگریزی مین لی گئے سُنا ہی کہ خشت اوپر نام گاؤ کا حروف شاستری سے کندہ تہا اور ہر ایک اینٹ کا ایک ایک گوشہ کٹا ہوا تہا اور دہگڑی بہی اوسکی ساتہہ ملے تو معلوم ہوتا ہی کہ یہہ خشت راجہ کالا کی وقت کی تہی کہ جو دو دایرہ مین تہا اور وہ آبادی قصبہ سے باہر جانب غرب دو مکان بارہ در سنگین و خشتی عمارت کی ہین مشہور ہے کہ یہہ بیٹہک یعنی نشست گاہ آلہا و اودل کی ہین کہ راجہ جیچند کے سپہ سالار نوکر تہے اونکی شجاعت زبان زد خاص و عام اور اونکی افسانۂ شجاعت کی بہت خلایق اضلاع شرقی کے بطور راگ کی گاتی ہین اور اُس راگ کا نام آلہا مشہور ہے مکان رسوئی سیتا بہت خوب عالیشان ہی اور مشہور ہی کہ کسی زمانہ مین سیتا رانی راجچند کی رسوئی یہان ہوئی تہی اہل اسلام کے وقت مین وہ مسجد قرار پائی عمارت اوسکی رفیع و سنگین ہی اوسپر یہہ عبارت کندہ ہی شکر اللہ کہ بتوفیق خداوند کریم بوالمظفر شاہان جہان ابراہیم ہمدم عیسیٰ و ہمنام خلیل الرحمان زانکہ بنمودہ جہان را ید بیضا چو کلیم مسجدے ساخت مرتب کہ بدین رفعت اوج چہ اساس ازلی چہ بنا است عظیم سلخ ذیقعدہ سنہ ہفتصد و نود سر فراز ہمہ زیر قدمش گشت مقیم اور پہلی عمارت اوسکی شکست ہوئی تہی سید نیاز علی بلگرامی تحصیلدار قنوج نے اسی عہد مین اوسکی حرمت کی تدبیر کے اور بہت روپیا اپنی پاس سے دیا اور دیگر اہل اسلام بہی شریک صرف کے ہوئے کہ قریب پندرہ سو روپیہ کی صرف ہوکر از سر نو مرمت ہوئے اور تاریخ ترمیم اُسکی یہہ ہے بنائے مسجد سلطان شرق ابراہیم بلا مبالغہ چون مسجد بنا بنی کہ ہفتصد و نود سال بود تعمیرش سنین ہجر نبی زان تو بر بابینی شکست ریخت لیس از مدتی زمانہ دراز قریب بود کہ افتادہ تا بہ پا بینی بپاس حرمت اسلام سید سندے کہ نور دیدۂ زہرا و مرتضیٰ بینی کہ نام یعنی سعید جہان نیاز علی کہ ذات او لوئی خلد برین خدا بینے میان عزم بہ بست از برای ترمیمش بیا کہ حرمت آن آل مصطفیٰ بینی بسر و تن غیبی برین چہ گفت تاریخش بترک روئے ہوس خانہ خدا بینے

روضہ مخدوم جلال ثالث اوپر کنارہ دریا کالینے کے درگاہ مخدوم جہانیان جہانگشت کی عمارت سنگین خوب ہی اور روضہ حضرت سید جلال ثالث بخاری بن سید رکن الدین بن سید ناصر الدین ابن قطب الاقطاب مخدوم جلال ثانی معروف جہانیان جہانگشت کا ہی اوسکی عمارت پر اشعار ذیل کندہ ہین اور یہہ عمارت ۸۸۹ ہجری مین تعمیر ہوئے این سنگ بر بدیع کہ از چرخ برتر است این طاق بی نظیر کہ با زیب و زیوت است گشتہ بنائے عہد ہمایون حسین شاہ کاندر زمانہ ذات جلالش مظفر است تیرہ

ترتیب کرد شاہ ہریان فتح خان گر فضل حق جہان ہمہ اورا مسخر ہست باد اہزار سال جہانش بکام ملک کین ملک ہر ادام بدا بشر
مقرر ہست ہشتاد و یک و ہشتصد از ہجرت منبی تاریخ ثبت گشت بماہ پیغمبر ہست بانی طاق سعد راجوی بن خلیل کافاق از جمال
و کمالش منور ہست کاتب حروف عالم مسکین کہ قابل ہست امید وار مغفرت از حضرت اکبر ہست **تاریخ دیگر روضہ**
مرقومۃ الصدر این روضہ اطہر و منور تا لقب جلال حیدر تعمیر شہ ہری جو نمود ہشتاد و یک و ہشتصد بود اور
روضہ حبیب اللہ فقیر کہ مرتاض تہا بیہ اشعار کندہ ہین عنوان فیض بود سنین تولدش آندم کہ شد حبیب ہم اسم محمد سے
کرد ختیار یوم احد با سبع صفر تاریخ ختم یافت بختم محمدی روضہ شیخ کبیر عرف بالا پیر بیہ روضہ ایک ٹیلہ لمبنمبرہی کہ تمام
شہر کی عمارت اوسکی آستانہ کو نہین پونہچتی اور احاطہ اوسکا بہت وسیع ہی روضہ وسا جد و دروازہ احاطہ پر اشعار
کندہ ہین کہ جسی خبر وفات بالا پیر اور تعمیر مکانات کی ملتی ہی واسطی دریافت کی اونکی نقل ذیل مین تحریر ہے **تاریخ**
وفات بالا پیر کہ روضہ پر کندہ ہی شد ز ہجرت نبی یک ہزار و پنج و چہار دوشنبہ دہ و دو بود از
مہ رمضان کہ پیر کامل قطب زمانہ شیخ کبیر سپہر علم و عمل بحر دانش و عرفان بگفت داعی حق را اجابت لبیک رواں
کرد روان را بروضہ رضوان **تاریخ بنای روضہ شیخ کبیر بالا پیر** روضہ فیض بخش شیخ کبیر
در حقیقت بود بہشت برین یافت توفیق این عمارت خوش شیخ مہدی سپہر صدق و یقین ہست بلفظ لغز تاریخش
بیگمان الف و سبعہ و خمسین اور شیخ قادر اس شیخ کبیر عرف بالا پیر کا بیٹا تہا اوسکا روضہ بہی اوسی روضہ
بالا پیر کے متصل ہے اوسپر بیہ اشعار و عبارت کندہ ہی شیخ قادر چو رفت از عالم گریہ کردند جملہ اہل اللہ سن و تاریخ
از خرد جستم گفت سپہر زباب قادر شاہ این گنبد عالے در سنہ ہزار و پنجاہ و ہشت ہجری لعہد سلطنت ابو المظفر شہاب
الدین محمد صاحب قران ثانی بادشاہ غازی تعمیر یافت اور دوسرا بیٹا اس بالا پیر کا حضرت مہدی نام تہا اوسکا روضہ
نواب بہادر خان ابن دریا خان افغان گوری خیل وادنی بنا کیا اوسپر تاریخ وفات و تعمیر روضہ کی بعبارت
ذیل کندہ ہی ہزار بودہ و ہشتاد و ہفت از ہجرت گذشتہ شانزدہم ز دور از محرم ماہ شب سہ شنبہ وہنگام سجدہ بودہ
کہ آن محمد مہدی سپرد جان باللہ اور اسی احاطہ مین مسجد کلان درگاہ بالا پیر کی ہی روضہ سی جانب غرب
اوسپر بیہ اشعار کندہ ہین شیخ مہدی کہ بود پیر جواد ساخت مسجد خجستہ بنیاد گر تو خواہی عدد ز بنیادش
در حروف خجستہ بکن یاد اور ایک مسجد خورد اس احاطہ مین ہی سنہ این بعہد اورنگ زیب عالمگیر خلیفہ
شعبہ سنہ یک ہزار ہشت و ہفتاد و چار بنا شد چنین مسجد در دیار **تاریخ دروازہ خورد و دیوار**
روضہ بالا پیر صادق ترین محمود خان ابن سلیم خان دین کردہ دری از روضہ شیخ کبیر مقتدے
وادہ نشان مہدی زمان در عہد اورنگ زیب شہ ہفتاد و شش با الف شد از ہجرت خیر الوری این دروازہ

شرقرو بہ احاطہ درگاہ بالا پیسہ برہیہ اشعار کندہ ہین از محمد مہدی پیرزمان شدہ بترتیب مثل باب الجنان سال تذکیش از خرد جستم واد خلوصاً حصاً بالامان اور اس قصبہ مین سب قوم آباد ہی کوئی رئیس با نمود نہین سو برس ہوے کہ ایک آدمی قوم سید موسوم میر بنگالی بہت بڑا رئیس نواب بنگالہ کا صوبہ دار بادشاہی کی طرف سے تہا اوسکی حویلی مثل قلعہ کے بہت خوب و مضبوط وسیع ہی مگر اوسکا بیٹا محمد علی اب مفلس ہے اور فی زمانہ حال بخشی ہر چند قوم کا بنیہ کہرہ کہ لکہنوکی دربار مین با اختیار تہا بہت دولت و حشمت کی ساتہ اس قصبہ مین اکرآباد ہوا تحصیلدار و تہانہ دار اور منصف سکے کچہرے خاص قنوج مین مقرر ہی اور عطر پہولیل یہان کا بہت خوب ہوتا ہی اور حال کے عمارت مین بمحلہ جہٹی ود مین مندر سرستر سراؤگیون کی ہین اونکی گنبد اچہی بلند اور کلس طلائی ہین اور وہان پنڈت اچہی علم شاستر کے ہین کہ اونسی ایک آدمے شرنگم لال ہی کہ اوسنے اس مذہب کے پوتہیان مرتب کی ہین اور پلنگ پوش ولحاف چہیٹ کا اچہا چہپتا ہی کہ وہ ایک تحایف سی یہان کی ہی اور گنا شیرینی یہان کا مشہور ہی دوسری جگہ نہین بنتا مگر کچہ لطیف اور لذیذ نہین ہی اور چوڑے لاکہہ کی اچہی خوشرنگ بنتی ہی کہ جو عورتین اکثر ہاتہو مین پہنتی ہین اور دو روپیا سی زیادہ اور چہار آنہ سی کم یہہ جوڑہ چوڑیکا نہین بکتا ہی اور کاغذ سفید بہی اس قصبہ مین بنتا ہی مگر بہت ناقص کہ شکن دیتی ہی ٹوٹ جاتا ہی اور موضع جلال پور کٹری کی رقبہ مین اوپر گہاٹ ندی کالینی کی اس قصبہ سی ملا ہوا ایک باغ کیورہ کا لگا یا ہوا ایک برہمن کا ہی ویسا باغ اس ضلع مین نہین اور اوسی باغ سے یہانکا کیوڑہ جابجا فروخت کو جاتا ہی اور اسی جلالپور کٹری کی رقبہ مین ایک گہاٹ نہایت پختہ اوپر ندی کالی نی کی بنا ہی اوسکا نام رام گہاٹ ہی اور ہر روزہ بہت آدمی واسطے اشنان کے جاتی ہین اور ماہ بیساکہ مین اوس گہاٹ پر ایک مہاتم اور اجتماع مردمان کثیر کا ہوتا ہی اور مدت کا یہہ گہاٹ ہی مگر اوسکی مرمت ہوتی چلی آئی

میانگنج ایک آبادی اس قصبہ قنوج سے طرف پورب بفاصلہ تین کوس ہے کہ اوسکو میان الماس علی نائب ناظم وزیر لکہنوٴ نی آباد کیا تہا کہ اوس سبب سے میان گنج مشہور ہوا وہ بازار کلان ہی اس آبادی کی نزدیک موضع مہدی گہاٹ مین بخشی ہرچند نی مکانات و حویلی و باغ خوب بنایا اور اوسی مہدی گہاٹ مین مستر جمس کمسو صاحب سوداگر نیل کی کوٹہی دو منزلہ گنگا کی کنارہ پر بہت اچہی تہی اور بہت دلچسپ ہے اس صاحب نی کئی گانو زمینداری بہی اس پرگنہ مین خریدکئی کہ اونکا مالگذاری کرتی ہین اور اس قصبہ سی ایک کوس کی فاصلہ پر جانب گوشہ شرق و جنوب موضع محمد آباد عرف میران سرا واقعہ اوسمین ایک سراے بعمارت پختہ اور ایک مقبرہ پسر سید محمد کا ہی کہ اوس سید محمد کو اورنگ زیب عالمگیر کا استاد مشہور کرتی ہین اور اوسی سراے کے سبب سے اس موضع کا نام میران سراے مشہور ہوا ۱۰۹۲ ہجری مین یہہ سراے تعمیر ہوئی اور اوسکی دروازہ کی پیشانی پر یہہ اشعار کندہ ہین در دولت اورنگ شہ عالمگیر تعمیر شدہ بنقعہ فردوس نظیر ایں بنا از سعی چہار پہر شد بی ہمتا محمد آباد کبیر قصبہ قنوج کی قریب جانب شرق ایک موضع راجگری کہ اب وہ دو محال بندوبست انگریزی مین ایک


نقشہ پرگنہ امرت پور ضلع فرخ آباد
نام قوم
رنگ
راجپوتان
برہمنان
کایستہ
مسلمان

ایک راجگیر دوسری تبدیلی راجگیر اور مشہور ہی کہ راجون قنوج کی محل رانیون کی اس ابادی راجگیر مین بیشتر تہی اور اسی آبادی مین اخی جمشید کی درگاہ ہی اوس روضہ کی تاریخ یہہ ہی لفظ شہر شوال مشہور سنہ ہجری اور اس درگاہ کی خرچ کے واسطی یہہ گانو راجگیر اور دو موضع اور معاف تہا کہ اس عملداری مین وقت تحقیقات قانون دویم سنہ ء ضبط ہوگیا مگر ایک بیگہ نجتہ زمین معروف چک رانی موضع مرگانوہ مین اب بہی معاف ہی اور رقبہ موضع ریوکالہ مین قریب آبادی موضع جہولی کی ایک تالاب نجتہ متصل سڑک شاہ راہ آمدرفت پورب سی پچہانہ کی ہی مشہور ہی دوسو برس تخمیناً ہوا کہ پیران شاہ نامی قوم اگروال ساکن قنوج نے اوسکو معہ چاہ نجتہ اور باغ بنوایا اور دس ہزار روپیہ تخمیناً اوسکی تیاری مین صرف ہوا اور اب یہہ تالاب شکستہ ہی اور صرف موسم برسات نہایت ماہ کاتک اوس مین پانی رہتا ہی اور اسی موضع ریوکالہ مین ایک چاہ نجتہ بہت پورانا راجہ نل کے نام سی مشہور ہے کہ اس جگہ راجہ نل نے جگ کی تہی مگر یہہ کنوان ایسا نہین ہوا اندک مرمت طلب ہی تو معلوم ہوتا ہی کہ گو یہہ کنوان عہد راجہ نل کا ہو مگر تعمیر اور مرمت اوسکی بتدریج ہوتی چلی آئی ورنہ کوئی تعمیر اسقدر مدت کی قایم نہین رہ سکتی اور ایک آبادی قصبہ قنوج کی ملحق معروف مکرندنگر ہی کہ جسکی بیچ مین سڑک عام جاری ہے اوسکی بنیاد مکرند رای قوم کاینہ عامل بادشاہی سی ہوئی کہ جسنے ناکبا سنکی رام پور پرگنہ قنوج مین سے کہدواکر دریاے گنگا کی پانی ندی کالی مین زیر قنوج لایا کہ اوسکو بارہ برس تخمیناً ہوئے اور یہہ آبادی موضع نخم پور لہرا اوگد پور بردہ دیو سفد پور بہگوان وقطلو پور کی زمین مین ہوئی کہ ایک سرحد کا نشان رہا ہر موضع کا اس آبادی مین علیحدہ نمایان ہی یہہ بازار اچہا بارونق اور موجب آرام مسافرین ہی مگر اس بازار کے دوکاندار مسافرین سے عجب فریب بطور ٹہگی کرتی مین کچہہ کپڑا لیکر بر سر راہ بیٹہتی ہین نمونہ اچہا دکہا کر ارزان قیمت منقطع کرکی روپیہ لیتی ہین اور پہر اوسکو تکرار مین ڈالکر مال ناقص تبدیل کرکے دیتی ہین اور مسافر کو کچہہ چارہ بن نہین پڑتا گنگدیرا پور قنوج سے جانب جنوب ڈہ کوس ہی پہلی ٹہاکران کنگوت وہان کی زمیندار تہی اور اوسکی گرد مین علاقہ راجہ ٹہٹیا و راجہ تروا کا تہا راجہ ٹہٹیا کا ارادہ ہوا قتل کرنے زمینداران کنکدیرا پور اور دبا لینا اوس گانو کو اپنی علاقہ مین اوس ایام مین چودہری اودیچند بکار میان الماس علیخان ناظم کے اختیار رکہتا تہا زمینداران اوس سے رجوع لاے چودہری اودیچند نے اپنی مالگذاری مین یہہ گانو لیکر وہان ایک گڈہی معہ مکانات پختہ بنائی اور ایک بازار ڈالا اور گرد کے تیرہ موضع اوسکی تعلقہ مین شامل کرکے تصرف کرلیا اور یہہ گڈہی مضبوط تہی مگر ابتدای عملداری مین بحکم سرکار انگریزی گرد کا احاطہ اس گڈہی کا منہدم کرادیا گیا

پرگنہ امرت پور یہہ پرگنہ گنگا سے پار جانب شرق ملحق ملک اودہ ہی اور زمانہ سابق مین یہہ پرگنہ مہرآباد سی اور مہرآباد شمس آباد سی علیحدہ ہوا اور اس پرگنہ کا نام امرت پور اسلام گنج لکہا جاتا ہی اس پرگنہ مین زیادہ تر قوم ٹہاکر بنوار اور گہل وار زمیندار ہین اور حال ابادانی کا پرگنہ بہوج پور مین مفصل لکہا گیا کہ عہد سلطنت ٹہاکران راٹہور قنوج والہ کہ مسمی من موہن مقام تخگدہ مارا گیا سی

کی راج سی اس ضلع مین آئی اور مہہ نے سنگین رام پور پرگنہ بہوجپور کے دیہات پر تصرف کیا اور ضمن اوسکے دیہات اس پرگنہ امرت پور کے قابض ہوا اور راجہ کی اولاد پہیل گئی کہ اسی سبب سے یہہ دونو علاقہ کبلواری مشہور ہین اور قوم نیوار کی افزایش کا حال یہہ ہی کہ اونکا مورث وہار انگری اوجین دکہن سے آکر اول موضع کہوساری مین کہ شامل قصبہ کرنپور گہاٹ واقع ہے آباد ہوا اور راجہ ٹہوروالی کہو کہ اب اوسکا نام شمسا باد ہی سردار قوم نیوار کو اوسنے قتل کیا کہ اوسکی اولاد اپٹونجی دہہونہ ملک شاہ اودہ مین جاکر آباد ہوئی کہ اب ہی بہت علاقہ اوسکا جنکی اولاد کو وہان ہی اور ایک بیٹا اوس افسر قوم نیوار کا موضع گوریا پرگنہ کانیتہ ضلع شاہجہانپور مین آباد ہوا کہ اوس نواح ہی بہت دیہات قوم نیوار کی ہین اوسی قافلہ سی ایک آدمی مسمی راوت اوڈہو قوم نیوار تہا اوسنے وزیرپور مین اوپر قوم سٹرہ زمینداران سابق کے غالب آکر اپنا وطن اختیار کیا اوسکی اولاد بہت دیہات اس پرگنہ مین پہیل گئی اگرچہ سال وتاریخ آمد ان لوگون کے ثابت نہین مگر اونکی اولاد پندرہوین پشت مین اب موجود ہی اور اب تک بادفروش اس قوم نیوار کے دہار انگری اوجین سے آکر اپنی کتابون مین حال ولادت وممات انکا لکہہ لیتے ہین اور یہہ ٹہاکران اون بادفروشان کو اپنی خاندان کا قدیمی بادفروش سمجہ کر کچہہ دیتے ہین اور اس پرگنہ کے حد غربیہ پر دریاے گنگ اور مابین مین دریاے رام گنگا حد شرقی پر نالہ سند جاری اور اکثر نالہ چہوٹی چہوٹی اور واقع ہین اس سبب سے زمین پرگنہ کی مرطوب قسم ترائی ہی پیداوار ربیع کے زیادہ اور خریف کی کم اور بسبب ملحق ہونی ملک شاہ اودہ کے مالگذاران دیہات واقع کنارہ شرقی کے اداے مالگذاری مین نادہندی کرتے ہین اور اونپر الزام سررشتہ فوجداری کی اکثر عاید ہوتی ہین اور بروقت ثبوت وقوع جرم وہ لوگ ملک شاہ اودہ مین روپوش ہوجاتی ہین اور ایسا ہی ملک شاہ اودہ کی مجرمان کو اپنی دیہات مین پناہ دیتی ہین ابتداے عملدار اور حال کے زمانہ کو بہت فرق ہوگیا اور تمرد باشندہ روز بروز کم ہے اوس پرگنہ مین کوئی قصبہ کلان یا شہر واقع نہین دو تین آبادی ایسے ہین کہ جہین مسافر کو آرام مل سکی ایک امرتپور خاص کہ اوس مین ایک سراے العمارت خام مع بازار واقع اور کچہری تحصیلی اور تہانہ کا مقام اسی قصبہ مین ہی اور سنہ ۱۲۴۱ اور سنہ ۱۲۵۱ مین بسبب پڑنے ڈاکہ کے مقام پولیس اس قصبہ مین ہٹیا اور سراے منجانب سرکار آباد کی گئی اور دوسرا موضع اللہ گنج اوسمین چند دوکانات خسبر فروشی وغیرہ ہین اس اللہ گنج کی آبادی کو اسلام خان چیلہ نواب بنگش نے زیادہ بڑہایا اور اوسکا نام پہلی موضع بہرا تہا اور اسی اسلام خان نے موضع بہرا کو آباد کرکے اپنی نام سے اسلام گنج قرار دیا اور اوسکی وقت مین یہہ پرگنہ اسلام گنج امرتپور نام زد ہوا اب یہہ اسلام گنج بہت مختصر اللہ گنج کا پورہ ہی اس اللہ گنج کا زمیندار لکہا سنگہ قوم ٹہاکر نیوار فی الجملہ نسبت اور زمینداران اس پرگنہ کے عزت دار اور آسودہ حال ہے اوسنے آبادی سے جانب شرق مابین جنگل ڈہاکہ کے ایک بنگلہ اور باغ بنایا اور اوسکو گوردوارہ نانک کا قرار دیا ہے اور کوئی آبادی اس پرگنہ مین لایق خاص تذکرہ کے نہین ہے اور فتح گڈہ سی قصبہ امرتپور چودہ میل اور اللہ گنج پندرہ جانب گوشہ شمال وشرق ہے **پرگنہ کہاکہٹ مئو** یہہ ایک مختصر پرگنہ کنارہ ترائی

نقشہ پرگنہ کباکت مؤ ضلع فرخ آباد

نام قوم	رنگ	
راجپوتان کاتھیہ	(سبز)	سوم بنسی

جن دیہات کی حلقہ مین بیاض نشانگی کی نام گانو
لکھا نہین گیا انہین نمبر ہندسہ سے نشان کیا ہے اونکا نام گانو
ذیل مین ہے

نمبر ہندسہ	نام موضع	نمبر قوم
۱	چندن پور	
۲	گنگ پور	



شرقی دریای گنگ کے واقع ہی کہ اوسکا قصبہ اب بہادرپور ہی بادشاہون کی وقت مین سرکار خیرآباد پالی دستور سے
متعلق تہا اور پہر نواب بنگش کے تصرف مین اگر فرخ آباد سے متعلق ہوا اور اس پرگنہ مین زمیندار قوم ٹہاکر سوم بنسی اولاد راجہ
سانتن کی ہین کہ وہ راجہ ساس پور ملہہ سانڈی واقع ملک شاہ اودہ کا تہا اب اوسی علاقہ مین دریای سنگہ اوسکی اولاد مین
سنہارپور مین رہتا ہی اور راج ملک اوسکو ہی اور اوسکا علاقہ راج کا اس پرگنہ کی حد شرقی پر ملا ہوا ہی اگرچہ بسبب
مدت کثیر کے تاریخ وسال علیحدہ گی اس پرگنہ کی کہ کسطرح ہوا اور ٹہاکران سوم بنسی نے کس قوم کو خارج کر کے غلبہ پایا مفصل نہین
معلوم ہوا مگر جو آدمی معتبر واقف کار اس پرگنہ مین ہین اونسی دریافت ہوا کہ عرصہ تخمیناً چارسو برس ہوا کہ کنور رندہیر سنگہ اپنی
باپ راجہ سانتن سی ناراض ہوکر ان دیہات پر کہ جو اب یہہ پرگنہ ہی قابض ہوگیا اور علیحدہ اپنا علاقہ کرلیا اور اوسوقت مین
موضع جہناپور وسیناپور وکہوجی پور ونگلادر گو پرگنہ پرم نگر و تعلقہ سیماری پرگنہ امرتپور اسی علاقہ کی متعلق تہا اور رندہیر سنگہ
مذکور اول سلیم پور مین کہ اس پرگنہ کے گوشہ شرقی وجنوبی پر واقع ہی آباد ہوا اور وہان سی اوٹہ کر موضع دہلیا مین اور
پہر سیماری مین اپنی بود وباش اختیار کی اوسکو دو بیٹا سکہہ رای اور بدن سنگہ ہوئے اونکو آپسمین یہہ علاقہ دو حصہ تقسیم ہوا
جنوبی حصہ معہ چار موضع متعلقہ پرم نگر سکہہ رای کی حصہ مین اور شمالی حصہ بدن سنگہ کو معہ سیماری پرگنہ امرتپور ملا بدن سنگہ
کو دو پسر نرپت سنگہ وبالی ہوئی اون دونو مین اس شمالی حصہ کی دو قسمت ہوئی شرقی حصہ بالی کو اور غربی حصہ معہ تعلقہ
سیماری نرپت سنگہ کو آیا کہ اس قسمت کا نشان پرگنہ کی نقشہ مین دریافت ہوگا اور مسمی بالی کو آٹہہ بیٹا تہی تو حصہ پر اوسکی
دیہات کی تقسیم ہوئی و دو حصہ مسمی بہادر سنگہ پسر کلان کو کہ اوسنی بہادرپور بسایا اور آباد ہوا اور ایک ایک پٹی اور بیٹون کو ملی
اور اونکی آپسمین زمین بعض دیہات کی تقسیم بطور کہیت بٹ کی ہوئی چنانچہ موضع دہلیا کلان کا رقبہ نو پٹی پر تقسیم ہے اور ہر ایک
پٹی کی زمین شامل بندوبست دیہات مسلم ہر یک فریق کی ہوئی ہی اور یہہ سب فریق دعم سوم بنسی ایک گروہ واحد ہی اور ابتداے
عملداری سرکار مین بسبب ملحق ہونی ملک شاہ اودہ کی اس پرگنہ کی انتظام مین بہت دقت رہی زمینداریہا انکی بہت سرکش تہی سنہ ۴۱
مین صاحب ایجنٹ نی یہان فوج اس مرادسی مقرر رکہی کہ بدعت ہونی پاوی اور تحصیلدار جمع سرکار کی بخوبی تحصیل کرے اور
سنہ [illegible] فصلی مین منجملہ جمع [illegible] کے [illegible] معاف کرنا پڑا کہ تحصیل نہ ہوسکا پہر سنہ [illegible] مین صاحب ایجنٹ
وصاحب مجسٹریٹ دونو وہان داسطی وصول کرنی بقایا کی پوہنچی اور ایک شخص درگا سنگہ نامی زمیندار موضع چہوٹی کا بہت فساد
وبدعت کرتا تہا اور اس شخص کے روپیا بہت تہا اور آدمی اپنی پاس بہت رکہتا تہا اور ایک گڑہی اوسکی پاس تہی اور اکثر وہ [illegible]
دیہات کو لوٹ لیتا تہا لہذا اور زمینداران سے اوسکو بہت عداوت رہتی تہی اور اکثر آدمی ماری جاتی تہی اور اس سبب سے
اور بسبب پوشش ہوجانی زمینداران کی ملک شاہ اودہ مین کہ وہ سب دیہات اونکی برادر یکجدی کے ملحق ہین نوبت تحصیل
جمع سرکار کی نہین پوہنچتی تہی اور بندوبست دوئم مین زمینداران پرگنہ ہی متفق ہوکر ٹہیکہ نہ لیا اور مستاجر بہم نہین پوہنچ سکتا تہا

ببب شرارت زمینداران کی نام چودہرے اور چند زمین شکستہ بالکل پرگنہ کی استاجری بقید عدم ادخال جمع کی ہوئی اور صاحبان بورڈ نی اس تدبیر کو بموجب چٹہی مورخہ ۲۶ فروری ۱۸۳۱ عیسوی منظور کیا مگر چودہری مذکور سی اسکا انتظام نہو سکا اور کئی عرضی اپنی تعیناتی فوج کی کری یعنی یہہ لکہا کہ زمیندار لوگ ہمکو مطلق خاطر مین نہین لاتی اور ہمارا زور اونپر نہین چل سکتا بعد انقضای میعاد بندوبست چودہری کی اور ہونے یہہ پرگنہ گنگا پار فرخ آباد سی بموجب چٹہی ۹ نومبر ۱۸۳۸ء صاحبان بورڈ کے یہہ پرگنہ شامل ضلع شاہجہان پور کے متعلق تحصیل پرم نگر کے ہوا اور جب یہہ پرگنہ شاہجہان پور مین تہا زمینداران اسمین بہت بدعت رکہتی تہے صاحبان بورڈ نی اپنی سکرتری لوسم صاحب کو انتظام اس پرگنہ کا ۱۸۴۹ و ۱۸۵۰ء مین سپرد کیا اور ۱۸۵۱ عیسوی مین بشمول پرگنہ امرت پور و پرم نگر کی یہہ پرگنہ پہر اس ضلع مین شامل آیا اگرچہ اب انتظام و آئین سرکار یہہ عادت سابقہ ان لوگون کے چہوٹ گئی مگر بسبب الحاق ملک شاہ اودہ کے بہ نسبت اور پرگنجات اس ضلع کے اور ہونی سبب زمیندار ایک گروہ کیمبدی اب تک بہی یہہ پرگنہ زور طلب ہی یعنی مجرمان ملک شاہ اودہ کو اپنی گانو مین پناہ دیتی ہین اور وقت زیادہ دباو اس ضلع کے آپ ملک شاہ اودہ مین روپوش ہو جاتے ہین اور اب ان ٹہاکران سی کوئی متمول بطور رئیس نامو نہین ہی کہیتی کا کام اور مالگذاری اپنی اوقات بسر کرتی ہین ایک موضع رائی غیر قوم کاتہہ کو انتقال ہوا اور بسبب پڑنی باقی کے جو دیہات نیلام ہوکر خرید سرکار انگریزی ہوے تفصیل یہہ ہی بہرین پور ، صدہی چکر نوید نصف ، کمال الدین پور ، کاندہی

اور اس پرگنہ مین کوئی آبادی عظیم مثل قصبہ و شہر کے لایق تذکرہ خاص نہین ہی ایک قلعہ خام عمارت کسی عامل سرکاری کا بنایا ہوا موضع بہادر مین ہی اوسمین پیشکار و تہانہ دار سرکار رہتا ہی اور اوسکی تحصیل متعلق امرتپور ہی مگر اب وقت بندوبست آئین ہشتم ۱۸۶۳ء یہہ پرگنہ اور پرم نگر ایک ہوگیا اور دونو پرگنہ جمع بالاجمال نمبران بین آئی اور نقشہ اس پرگنہ کا آیندہ لگایا جاتا ہی کہ جس سے حال قوم زمینداران وانکا رنگ متبہ نقشہ سی واضح ہو سکتا ہی

پرگنہ پرم نگر یہہ پرگنہ مختصر گنگا پار متعلقہ تحصیلداری امرت پور سی ایک حصہ مہرآباد پرگنہ سی جدا ہوا اس پرگنہ کی غربی دیہات مین قوم ٹہاکر بیس کراو نکا نکاس موضع رور وکہیدلے پرگنہ سکت پور سے ہوا اور شرقی دیہات مین ٹہاکر کٹیار بکثرت ہین اور ان ٹہاکران کٹیار کے برادرے دیہات ملک شاہ اودہ ملحقہ اس پرگنہ مین زیادہ تر آباد ہین اور اس پرگنہ کا قصبہ محمد گنج ہے پہلی اوسکا نام دمسیا پور اور پہر پرم نگر ہوا محمد خان بنگش کے وقت سے اوسکی نام پر محمد گنج موسوم ہوا اور یہہ محمد گنج اب قوم کاتہونکی زمینداری ہی اس پرگنہ مین کوئی آبادی کلان نہین اور نکوئی رئیس نامی ہی اور یہہ پرگنہ کمپ فتحگڈہ کی مقابل جانب شرق واقع اور اس پرگنہ کے باشندے نادہند و شورہ پشت ہین ماہ اگست ۱۸۵۴ء مین موضع سیڈہی چکر پور مین خانہ جنگی و بلوہ ہوا اور جب پولس سے دہ نہ دب سکا تو دو کمپنی تحت کپتان ولیم صاحب کے بہیجی گئی اوسوقت بلوائی گرفتار ہوسکی و ابتدای عملداری مین اس پرگنہ کی زمینداران تحصیلداروں سی منحرف رہتی تہی اور تحصیل کے واسطے نوبت جانے صاحب کلکٹر کے ہوتی تہی اور اس پرگنہ کی زمین بیشتر ترائی ہے

رنگ	نام قوم
	راجپوتان
	کائتھ

نہالران کنارہ جو کہ کسی جانب شرق

نہالران جس غرب لب دریا پر کار لکر سے

نقشہ پرگنہ پرہم نگر متعلقہ تحصیل امرت پور ضلع فرخ آباد



باب چہارم بیان انتظام محکمات و ملازمان و سرکاری و دیہی و دستور کاشت و حقوق مزارعان اور جرائم عجیب ضلع مین ہوا

دفعہ ۲۶ شرح مقدار گز و جریب و بیگہہ پرگنہ و دیہی و حساب ایکر انگریزی

اس ضلع مین بیگہہ پختہ یکسان ہی بمقدار ستائیس سو سوا چھپن بمکسر ذرعہ انگریزے کا اور اوسکی بنیاد حسب رواج سابق ہندوستان یہہ ہی کہ پہلی عملداری مین ساٹہہ گز الہی کی جریب جاری تہی اور وہ گز بیالیس انگشت متوسط کا مقرر تہا اگرچہ وجہہ تسمیہ اس گز کے نام الہی قانونگویان ضلع یہہ سمجھتی ہین کہ اعداد لفظ الہی کے بحساب ابجد چہیالیس ہوتی ہین تو اول چہیالیس انگشت کا گز تہا بعد اوسکی دہم حصہ کم ہوکر بیالیس انگشت کا گز قرار پایا اور یہہ بات اوس رواج سے مطابقت معلوم ہوتی ہی کہ جب بہت اضلاع مین جریب مسلم مقداری ساٹہہ گز کے بیس گٹہہ سی دو گٹہہ جریب کشان کی ہاتہہ مین بنام نہادہ ہودسہ و اکثر اٹہارہ گٹہہ لوے گز سی پیمایش کا رواج ہی اور صاحب کلکٹر سابق کے وقت مین تحقیقات اور امتحان مقدار درعہ بیالیس انگشت مروجہ اس ضلع کا تجویز ہوکر بطول ساڑہی اکتیس انچہہ انگریزی وہ گز الہی اور ساٹہہ گز الہی کی جریب بمقدار ساڑہی باون گز انگریزے کے شمار مین آئے اور ساڑہی باون گز ایکطرف اور اسیقدر دوسرے طرف ہو تو ضرب کرنیسے اوسکا حاصل ستائیس سو سوا چھپن ہوتا ہی اور مشہور ہی کہ ایکر انگریزی بمقدار چار ہزار آٹہہ سو چالیس گز انگریزے کمسر کا مقرر ہی تو بیگہہ پختہ زمین کا ایک ایکر یعنے سو بیگہہ پختہ مین ستاون ایکر محسوب ہوتی ہین اور سب پرگنجات اس ضلع مین ایک بیگہہ پختہ مذکورہ بالا کو تین بیگہہ خام اور پرگنہ امرتپور مین تین بیگہہ بارہ بسوہ خام شمار کرتے ہین اور بیگہہ دیہی سب دیہات مین بشرح مختلفہ مقرر ہے یعنے ہریک کہیت کی مقدار قدیم سی جو مقرر چلی آتی ہے وہ کہیت اوسی مقدار بیگہہ پر جمعبندے وغیرہ مین محسوب کرتے ہین اور اس بیگہہ کی مقدار مقررہ سی مزارعان پٹواریان و مالگذاران ایسی واقف ہین کہ جیسے نام کہیت کا ہریک کی زبان زد ہوتا ہی اور گز انگریزی تین فٹ کا اور ایک فٹ بارہ انچہہ کا ہوتا ہے اور انچہہ مین تین جو کا طول اور آٹہہ جو کا عرض شمار ہوتا ہی اور سر دیر [?] کے حساب انگریزی مین ایک ایکر کے چار روڈ اور ایک روڈ کے چالیس پول محسوب کیئے جاتی ہین اور تعداد درعہ تینون درجون کے ذیل مین ہی

ایکر مکسر	روڈ مکسر	پول مکسر
[illegible] درعہ	[illegible] درعہ	[illegible] درعہ

دفعہ ۲۷ بندوبست ہای ماضیہ پرگنجات خالصہ کا حال کہ کس صاحب سی کس معاد پر ہوا اور کیا چلا

اول بندوبست [illegible] لغایت [illegible] فصلی باجلاس کرہم مسر صاحب گلاڈسل صاحب ایجنٹ گورنر سی ہوا اور ۲۶ اگست [illegible] کو رپوٹ بورڈ کو ہوئی اور دوسرا بندوبست [illegible] لغایت [illegible] باجلاس پاٹ صاحب ایجنٹ کی ہوکر بہہ

۲۴ اپریل ۱۸۰۳ء منظور گورنمنٹ ہوا تیسرا ۱۲۱۶ فصلی لغایت ۱۲۱۹ فصلی باجلاس جو جاج گرسین صاحب ایجنٹ گورنری ۱۸۰۸ء مین ہوا ان تینون بندوبست کی کل جمع و وصول باقی حسب مندرجہ رپوٹ چہارم بندوبست دونی تہارن صاحب کے ذیل مین ہے

نام بندوبست	جمع کل میعاد بندوبست	معافی وخرچ تحصیل	سیاہہ	اوسط فی سال
اول سالہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
دویم سالہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سیوم چہار سالہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اور چہارم بندوبست ۱۲۲۰ لغایت ۱۲۲۴ فصلی باجلاس جمس دونی تہارن صاحب کلکٹر ہوا اور پنجم ۱۲۲۵ لغایت ۱۲۲۹ فصلی اور ششم ۱۲۳۰ لغایت ۱۲۳۴ فصلی اور ہفتم ۱۲۳۵ لغایت ۱۲۳۹ فصلی وتا تکمیل بندوبست دیگر بحال رہا مگر دیہات مستاجرے و دیہات مستغنی کا بندوبست ترمیم ہوتا رہا بعد اوسکی بندوبست قانون ہفتم ۱۸۲۲ء کا شروع ہوا اور ۱۲۴۰ فصلی سے بندوبست حسب آئین نہم ۱۸۳۳ء سے شروع ہوکر ۱۲۴۸ فصلی مین ختم ہوا چنانچہ پرگنہ کمپل و قایم گنج و بیشتر دیہات پرگنہ شمس آباد کے مستر مدکاک صاحب کلکٹر سے اور مابقی دیہات شمس آباد و تمامی پرگنہ جات اس ضلع کا بندوبست مستر فرانسس ہرسلی رابنسن صاحب کلکٹر سے انجام و اختتام پایا اور میعاد بندوبست کی مختلف ہے یعنی جس سال مین جس پرگنہ کا بندوبست ہوا اوسی سال سے بیس برس کی میعاد ٹہیرے کر اوسکے تفصیل میعاد بندوبست او تاریخ منظورے گورنمنٹ کے اس تصریح سے ہے

نام پرگنجات	میعاد بندوبست ابتدا	میعاد بندوبست انتہا	منظوری گورنمنٹ	ازدیاد میعاد
کمپل و قایم گنج	سنہ ۱۲۴۱	سنہ ۱۲۶۰	۳۱ دسمبر سنہ ۱۸۳۵ء	دس برس کی میعاد زیادہ ہوئی بموجب چٹھی صاحب کمشنر بورڈ ۱۲ جون سنہ ۱۸۴۰ء
شمس آباد تحصیلداری	سنہ ۱۲۴۲	سنہ ۱۲۶۱	ایضاً	ایضاً
چھبرامئو ناکرام سورکھہ	سنہ ۱۲۴۳	سنہ ۱۲۶۱	۷ مارچ سنہ ۱۸۴۰ء	ایضاً
شمس آباد حضور تحصیل و بھوجپور د پہاڑہ وغیرہ آباد بیبر کانو وامرتپور د کہانگٹ منو دیرم نگر	سنہ ۱۲۴۴	سنہ ۱۲۶۳	۲۲ جنوری سنہ ۱۸۴۲ء	کچھ میعاد زیادہ نہین بڑہی
ٹپالی و قنوج	سنہ ۱۲۴۷	سنہ ۱۲۶۶	۲۰ جنوری سنہ ۱۸۴۲ء	دس برس میعاد زیادہ ہوا بموجب چٹھی صاحب کمشنر موجودہ ۲۳ اپریل سنہ ۱۸۴۲ء
ٹہٹا نروا	سنہ ۱۲۴۸	سنہ ۱۲۶۷	ایضاً	کچھ میعاد نہین بڑہا
سکت پور	سنہ ۱۲۴۸	سنہ ۱۲۶۷	۲۲ نومبر سنہ ۱۸۴۲ء	

یہہ بندوبست اچہا نہ چلا اور اوسکا سبب ایک یہہ ہوا کہ پہلی اس ضلع مین سوداگری و بدفی نیل کی بہت ہوتی تہی مرسر صاحب و برنٹ صاحب و مارٹین صاحب و اسٹور صاحب و بارس صاحب و دیگر ہندوستانیان کی کوٹھی نیل کی تہی اور بہت کارخانہ بدنے تہا اور مالگذاران اور زمینداران کو ہزارہا روپیہ کی کارروائی ہوتی تہے تو مالگذاری اچہی چلتی تہی یہہ سب کوٹھیات بگڑگئی اور نیل کی سوداگری کم ہوگئی دوسرے سنہ ۱۲۴۵ فصلی مین ایسا قحط عظیم اس ضلع مین ہوا کہ مطلق پیدا وار غلہ و کاہ نہ ہوا بہت خلقت پریشان ہوگئی اور ہزارون آدمی و مویشی تلف ہوگیا اب تک نشان اوس کال کی ویرانی کا ہر ایک گانو مین نمایان ہی خصوصاً سب پرگنجات ندی کالی ندی سے جانب جنوب مین ویرانی زیادہ تر ہوئی اور ہزارہا بیگہ زمین بنجر ہوگئی وقت بندوبست کے خیال تہا کہ بعد دو چار سال کے قحط سے پہر ضلع سرسبز ہو جاگا اسواسطی افتادہ زمین پر بہی جمع محسوب ہوئی مگر سوا سنہ ۱۲۴۶ فصلی کے پہر کوئی سال اچہا اور بارش موافق نہوا خشکی ہر ایک سال مین ہوتی رہی اور سنہ ۱۸۴۱ء ٹیڈی یعنی ملخ اس کثرت سی اس ضلع مین آئی کہ برگ درخت باغات اور زراعت کو نچہوڑا اس عرصہ مین بہت گانو دایر نیلام ہوئی اور قیمت زمینداری کی ایسی کم ہوگئی کہ چہہ چہہ سات سات ہزار روپیہ جمع کے گانو کا ایک ایک روپیہ پر خریدار نہ ملا اور انتقال مالگذاری پر کوئی مستاجر نہین ہوتا تہا بہت دیہات خرید سرکار اور خام تحصیل ہوئے

تفصیل دیہات ملکیت سرکار

جسقدر دیہات اس ضلع مین از روے خرید نیلام یا بسبب نہونی کوئی مالک ابتدا سے ملکیت سرکار مین وہ حسب ذیل ہین

نام پرگنہ	تفصیل دیہات	میزان
پٹیالے	بہونہ شاہ پور کدسری مروا برہر سوک دالو	لعہ م
برنہ	کہوا بہکول	دو م
اعظم نگر	علاؤ الدین پور مدہپور گدبیا نوساٹوک دنولی سوکہا نسکہ پور کوسا خورد کلان سہ کہیڑہ بس پوسیار کہی خورد	لعہ م
شمس آباد	لادم پور کہارہ قایم پور	دو م
کمپل	اودہو پور سی حول خوا کوجر پور محمود پور سہرا	للعہ م
قایم گنج	کرد قایم گنج	یک م
شمس آباد حضور	رای پور رانی گدہ عرف براکسو بہار پور ماپور سیم پور	سہ م
محمد آباد	کبیر پور	یک م
پہاڑہ	خارنبدی بیگم پور خارنبدی اندرون شہر فرخ آباد خارنبدی کوسان لوب خارنبدی نکلا وزیر	للعہ م
کہاکٹہ مئو	ہرن پور سیدہی چکر پور کمال الدین پور کاندہی	لعہ م
پرم نگر	کٹہری توفیر سرکار جاکو پور حب پور کٹہری مانپور حسین پور	سہ م
امرت پور	اسیا پور سہی بہنان پور	دو م
بہوجپور	کٹہری حسین پور	یک م
چہبرامئو	عباس پور ہرکرن پور سہ مازعہ ہشہ	سہ م
تال گرام	گورکہہ پور برہان پور شفیع پور	سہ م
سکت پور	ماکہہ	یک م
ہبیتا ترو	خان پور موگرا خیرنگر دلودہا ستہے پور موی ملواری میر پور	سہ م
قنوج	موسرا پور چیا سری دپو شامل پرگنہ تالگرام سہی سرچ ستار شامل ہبیتا سہی پور کوہنہرا شامل سوریان بجر بہنداس	سہ م

دفعہ ۲۹

ترمیم بندوبست کا حال جو سنہ ۱۸۳۹ لغایت سنہ ۱۸۴۶ع مین ہوا

آخر دسمبر سنہ ۱۸۳۸ع مین مسٹر طامس جکت ممبر صاحب صدر بورڈ اس ضلع مین تشریف لائے بعد دریافت حال خرابی مالگذاری دکاسے وجہ ترددی ضلع کی تاریخ ۲۳ دسمبر سنہ ۱۸۳۸ع ولیم ونیارڈ صاحب کو اوسل ڈپٹی کلکٹر اور کالی رائے ڈپٹی کلکٹر آئین ہم سنہ ۱۸۳۳ع کو بمعاونت صاحب ممدوح واسطی ترمیم جمع کے مقرر کیا ونیارڈ صاحب نے سنہ ۱۸۳۹ و سنہ ۱۸۴۰ع مین بعد لحاظ کرنے کاغذ سی پٹواریان اور تحقیقات جایداد و حسب حالات دیہات کے بہ منہائی ایک ملت واجبی جمعبندی [illegible] پرگنہ مین [illegible] کی جمع کو ترمیم کیا اور [illegible] کی جمع بدستور بحال رکھی صاحب ممدوح کی بندوبست مین [illegible] کمی ہوا اور بسبب جانے اپنی اوپر کلکٹری پٹیالی کے تحصیلدار امرت پور کا ترمیم بندوبست صاحب کلکٹر ضلع سی متعلق کیا چنانچہ اس تحصیلداری کی تینون پرگنہ امرت پور و کہاکہٹ مئو و پرم نگر مین [illegible] موضع جمعی [illegible] لایق ترمیم معلوم ہوئے باجلاس مسٹر گادفری اسل صاحب قایم مقام کلکٹر کے [illegible] جمع کامل مین کمی بڑی اور دیہہ سب کمی کل ضلع کی سابق جمع کامل سے فیصدے [illegible] اور پر دیہات ترمیمی کے جمع پر فیصدے [illegible] ہوا

دفعہ ۳۰

گوشوارہ جمع و اصلباقی سالہای ماضیہ کل ضلع

سنہ ۱۲۳۹ فصلی سے پہلی ضلع مین کچھ باقی نہین اور اسی سال سے ہمکو اصلباقی کا کاغذ واسطے دریافت کے تحت ذیل مین مندرج ہے اور واضح رہے کہ خریف سنہ ۱۲۵۲ فصلی تک تحصیل کا حساب اوپر سنہ فصلی یعنے اکتوبر سے نہایت ستمبر تک اور بعد اسکے شروع سال ہی سے نہایت اپریل تجویز ہوا کہ سنہ ۱۲۵۳ سے اس طریق پر حساب وصولباقی طیار ہوا اور یہہ حساب ایسا ہی جیسا ہندوستان مین بسنت کا حساب نصف ماہ چیت سی شروع ہوتا ہی

نام سال	جمع	وصول	باقی	جو کہ بعد انقضا کمی دو برس سال آیندہ مین وصول یا معاف ہوا	الباقی نہایت آخر ماہ مارچ سنہ ۱۸۴۶ع
سنہ ۱۲۳۹ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰
سنہ ۱۲۴۰ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۱۲۴۱ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰
سنہ ۱۲۴۲ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰

نام سال	جمع	وصول	باقی	جو کہ بعد انفصال کمی کے دو برس سالونین وصول یا معاف ہوا	الباقی نہایت اخیر سنہ ۱۸۶۵ع
سنہ ۱۲۶۳ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۱۲۶۴ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
اکال کا سال سنہ ۱۲۶۵ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۱۲۶۶ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۱۲۶۷ فصلی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۱۲۶۸ فصلی بسبب تبدیل ہونے خریف سال کے ربیع تک	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
نہایت اپریل سنہ ۱۸۶۱ع	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۱۸۶۱ و سنہ ۱۸۶۲ع	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۱۸۶۲ و سنہ ۱۸۶۳ع	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۱۸۶۴ و سنہ ۱۸۶۵ع	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اور اس جمع اور باقی مین کمی بندوبست بہی شامل ہے بسبب آنے منظوری بندوبست کے حساب مین کمی بندوبست شامل رہتا ہی

دفعہ ۱۳ — حال انتظام و تعداد دوکانات آبکاری و تاڑی و سیندہی و مسکرات

اس ضلع مین چار قسم کے آمدنی سوای کی ہی ایک آبکاری اوسکا حال یہہ ہے کہ [illegible] دوکان آبکاری کی حسب ذیل ہین
تحصیل شمس آباد شمس آباد و حضور تحصیل بہوجپور تپہ پہاڑہ چہار کروہی فرخ آباد متعلقہ گوداما کنپل گنگدہ جہیر اسد سکرادہ

اعظم نگر نبابلی	امرت پور	کمپا کنٹا مو	بیرم نگر	سکت پور	قنوج	ناگرام سورکہ	تہتا ترودا	کل	اور
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اور محال ابکاری کی وصول کل ضلع کا جسقدر ہو سکا دریافت ہو سکا اوسکی تفصیل یہہ ہے [illegible]

[illegible]

سنہ ذیل

گوشوارہ مسکرات

اور مسکرات کل ضلع کا ٹھیکہ ۱۸۷۵ء و ۱۸۷۶ء مین [illegible] اور تاڑی کا [illegible] اور سیندہی یعنی عرق شہبا کھجور کا ٹھیکہ [illegible] اور بوزہ [illegible] اور بابت محصول فروخت شراب ولایتی کے [illegible] مقرر ہے اور انتظام اس سب قسم کا ماہ مارچ و اپریل مین واسطے ایک سال کے ہر سال [illegible] نہایت اپریل بطور نیلام پکارا جاتا ہی جو کوئی زیادہ جمع قبول کری اوسکی نام مقرر کیا جاتا ہی اور ہر ایک ابکاری مستاجر درخواست دہندہ سی زر سہ ماہہ پیشگی لیا جاتا ہے اور وہ روپیہ آخر سال کے اقساط مین مساوی مئی و جون و جولائی مقرر ہے اور جس تاڑ کے درختون کا بندوبست نہو سکی یعنی کوئی قبول نکرے تو اوسکے تہی یعنی نیل کٹوا دیا جاتا ہے

دفعہ ۴۲

تحقیقات معافی اراضیات اس ضلع کا حال

تحقیقات معافی اس ضلع کے اول چارلس کرنٹ صاحب ڈپٹی کلکٹر سے شروع ہوئی بعدہ رسل رسن صاحب کلکٹر نے اپنی تعلق کیا اور پہر نواب محمد خان ڈپٹی کلکٹر آئین نہم ۱۸۳۳ء سے تحقیقات اوسکی تعلق ہوئے بعد اوسکے جنسن لین صاحب مہتمم تحقیقات معافی کل کمشنری آگرہ کی مقرر ہوئی اور ۱۸۴۳ء ملیحدہ ہوا اوسکی بعد کلارک صاحب مہتمم تحقیقات معافی نے ختم کیا اور [illegible] ایکڑ زمین جمعی [illegible] کی ضبط ہوئی اور [illegible] ایکڑ زمین قطعات متفرق کہ زیادہ دس بیگہ سے تہا دیہات مستثنیٰ واسطی دوام کے معاف ہوا اور بموجب چٹھی سکرٹری صاحبان بورڈ مورخہ ۳۰ نوامبر ۱۸۵۹ء و چٹھی محکمہ گورنمنٹ مورخہ ۱۸ اکتوبر ۱۸۵۹ء نمبر ۴۳۸ معطوفہ چٹھی صاحب کمشنر بہادر مورخہ ۲۲ دسمبر ۱۸۵۹ء نمبر [illegible] اس معافی دوام کی معافیداران کو سارٹیفکٹ دیا گیا اور [illegible] قطعہ زمین کم از دہ بیگہ بمقدار [illegible] ایکڑ واگذاشت ہوکر بذریعہ چٹھی صاحبان صدر بورڈ مورخہ [illegible] ستمبر ۱۸۶۰ء نمبر ۱۳ معطوفہ چٹھی صاحب کمشنر بہادر مورخہ ۲۲ اکتوبر نمبر [illegible] منظور ہوئی اور [illegible] قطعہ زمین کم از دہ بیگہ کے بمقدار قریب [illegible] ایکر جمعی [illegible] کے ۲۰ جنوری ۱۸۶۱ء کلکٹر فرخ آباد سے واسطی منظوری کے رپوٹ ہوا مگر ابتک منظوری نہین آئی اور یہہ قطعات معافی کم از دہ بیگہ واسطے دوام کے تجویز کیا گیا ہے اور معافی تاحیات [illegible] قطعات مقدار [illegible] ایکر معاف ہے چنانچہ گوشوارہ پرگنہ وار اس معافی

معافی پر چار قسم کا ذیل میں ہے اور [illegible] قطعات مقداری [illegible] ایکر معافی مذہب کی رپوٹ ہوئی تہی تاریخ ۲ اپریل ۱۸۶۰ء

نام پرگنہ	معافی دوام		معافی کم از دہ بیگہ کہ جو منظور ہو چکا		معافی کم از دہ بیگہ کہ جسکی رپوٹ معافی کی ہوئی مگر ابتک منظوری نہین			معافی تاحیات	
	تعداد موضع مع قطعہ	تعداد ایکر	تعداد قطعہ	تعداد ایکر	تعداد قطعہ	رقبہ بحساب ایکر	جمع	تعداد قطعہ	زمین بحساب ایکر
علی گنج عظیم نگر	ے قطعہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ے	[illegible]
پٹیالی	دو قطعہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•
شمس آباد تحصیلدار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
قایم گنج	ے قطعہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
کمپل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شمس آباد حضور تحصیل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
محمد آباد	[illegible]	[illegible]	•	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•
پیر گانو	[illegible]	[illegible]	•	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•
پہاڑہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
بہوجپور	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	[illegible]	[illegible]
امرت پور	•	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•
چہبرامئو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تالگرام	یک قطعہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سورکہہ	یک موضع	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•
سکت پور	ے قطعہ	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•
جاگیر سکرادہ	[illegible] موضع	[illegible]	•	•	•	•	•	•	•
ٹہٹیا ترو	•	•	•	•	•	•	•	•	•
قنوج	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	•	•	•	•
میزان کل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

